حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ تسبیح پڑھے تو اس کے ایک لاکھ اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوجائیں گے۔

(عمل اليوم والليلة ص۲۱۴، باب ما يقول بعد صلوة الجمعة ، رقم الحديث:۳۷۷)

پورا ہفتہ ہر برائی سے محفوظ رکھنے والا وظیفہ

(۳۹)......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد سات مرتبہ: ﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴾ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو دوسری جمعہ تک (ہر) برائی سے محفوظ رکھیں گے۔

(عمل اليوم والليلة ص۲۱۳، باب ما يقول بعد صلوة الجمعة ، رقم الحديث:۳۷۵)

سارے گناہ معاف کرنے والی تسبیح

(۴۰)......اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص

جمعہ کے دن نماز فجر سے پہلے تین مرتبہ یہ استغفار پڑھے تو اللہ تعالی اس کے گناہ معاف فرمادیں گے چاہے وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔اور''طبرانی'' کی روایت میں ہے چاہے وہ سمندر کے جھاگ سے زیادہ ہوں۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص۶۵، باب ما یقول صبیحۃ یوم الجمعۃ ، رقم الحدیث:۸۳۔مجمع الزوائد ص۳۱۵ ج۲، باب ما یقول قبل صلوۃ الصبح یوم الجمعۃ ، کتاب الصلوۃ ، رقم الحدیث:۳۰۱۹)

ہر دعا کی قبولیت کا وظیفہ

(۴۱)......جو شخص بدھ' جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے پھر مسلمانوں کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھے اور امام کے ساتھ سلام پھیرے، پھر سورۂ فاتحہ اور ﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴾ گیارہ مرتبہ پڑھے، پھر اللہ تعالی کی بارگاہ میں ہاتھ اٹھائے اور یہ دعا پڑھے:

''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْلَی الْاَعْلَی الْاَعْلٰی' اَلْاَعَزِّ الْاَعَزِّ الْاَعَزِّ ' اَلْاَکْرَمِ اَلْاَکْرَمِ اَلْاَکْرَمِ ' لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ' اَلْاَجَلُّ اَلْاَجَلُّ' الْعَظِیْمُ الْاَعْظَمُ ''

پھر اللہ تعالی سے جو چیز مانگے تو اللہ تعالی اسے ضرور عطا فرمائیں گے چاہے جلد ہو یا دیر سے، لیکن تم لوگ جلد باز ہوں۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص۲۱۳، باب ما یقول بعد صلوۃ الجمعۃ ، رقم الحدیث:۳۷۶)

(۴۲)......حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن امام کے نکلنے سے پہلے دس رکعات ادا کرے، اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھے، اور آخر میں آمین کہے، اور ﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴾ گیارہ مرتبہ پڑھے، اور ہر رکعت کے شروع میں ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ '' پڑھے، پھر پڑھے: ''سُبْحَانَ

اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘۔
اس کے بعد اللہ تعالی سے جو چیز مانگے تو اللہ تعالی اسے عطا فرمائیں گے۔

(کتاب الدعاء ' للطبرانی ص۴۹۶، باب فضل التسبیح یوم الجمعة ، رقم الحدیث:۱۷۴۵)

جمعہ کے دن درود شریف کی کثرت مطلوب

(۴۴)......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر درود شریف کثرت سے پڑھا کرو۔

(ابوداؤد، باب تفریع ابواب الجمعة ، اول کتاب الصلوة ، رقم الحدیث:۱۰۴۶۔نسائی، اکثار الصلوة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الجمعة ، کتاب الجمعة ، رقم الحدیث:۱۳۷۵۔ابن ماجہ، باب فی فضل الجمعة ، ابواب اقامة الصلوات والسنة فیھا ، رقم الحدیث:۱۰۸۵)

اسی (۸۰) سال کے گناہوں کا معاف کرنے والا درود

(۴۵)......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر درود (پڑھنا) پل صراط پر نور کا باعث ہے، جو شخص جمعہ کے دن اسی (۸۰) مرتبہ درود پڑھے اس کے اسی (۸۰) سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

(کنز العمال ، الاذکار، الصلوة علیہ و علی آلہ علیہ الصلوة والسلام ، رقم الحدیث:۲۱۴۹)

(۴۶)......آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر: ۸۰/مرتبہ درود شریف پڑھے گا اس کے اسی سال کے گناہ معاف کئے جائیں گے، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کون سا درود پڑھا جائے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ’’اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ نَبِیِّکَ وَ رَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ‘‘۔(فیض القدیر ص۳۲۸ ج۴، حرف الصاد ، فصل فی المحلی بأل من ھذا الحرف ، رقم الحدیث:۵۱۹۱)

(۴۷)......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں نقل کیا گیا ہے کہ: جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اسی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے اسی سال کے گناہ معاف ہوں گے، اور اسی سال کی عبادت کا ثواب اس کے لئے لکھا جائے گا۔ ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ''

(القول البدیع ص۳۸۱، الباب الخامس فی الصلوۃ علیہ الصلوۃ والسلام فی اوقات مخصوصۃ ، الصلوۃ علیہ فی یوم الجمعۃ و لیلتھا)

دنیا میں جنت دکھانے والا درود

(۴۸)......حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ درود پڑھا کرے گا' وہ جب تک اپنا ٹھکانا جنت میں نہ دیکھ لے گا، اس وقت تک اسے موت نہ آئے گی۔

(خصائص یوم الجمعۃ ص۲۷، الخصوصیۃ السادسۃ والستون : الاکثار من الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یومھا و لیلھا ، رقم الحدیث:۱۸۸)

علامہ منذری رحمہ اللہ نے بھی اس طرح کی روایت نقل کی ہے، مگر اس میں جمعہ کا لفظ نہیں: اس کے الفاظ اس طرح ہیں:

''من صلی علیّ فی یومٍ الف مرۃ لم یمت حتی یری مقعدہ من الجنۃ ''۔

(رواہ ابو حفص بن شاھین کذا فی الترغیب والترھیب ص۳۲۷ ج۲۔الترغیب فی اکثار الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: انہوں نے حضرت زید بن وہب رحمہ اللہ سے فرمایا: جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ درود پڑھنے کو نہ چھوڑنا، یہ درود پڑھا

کرو:"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ"

(اخرجه ابو نعیم فی الحلیة ص۲۳۷ج۸۔خصائص یوم الجمعة ص۲۷، الخصوصیة السادسة والستون : الاکثار من الصلوة علی النبی صلی الله علیه وسلم یومها و لیلها ، رقم الحدیث:۱۸۹)

قیامت کے دن چہرہ پر عجیب نور لانے والا درود

(۴۹)......حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جوشخص آپ ﷺ پر جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف بھیجے گا تو وہ قیامت کے دن اس حالت میں آئے گا کہ اس کے چہرہ پر ایسا نور چمکتا ہوگا کہ تمام لوگ کہیں گے کہ اس نے ایسا کیا عمل کیا ہے جس سے اس کو یہ مقام ملا ہے۔

(شعب الایمان ص۱۱۲ج۳، فضل الصلوة علی النبی صلی الله علیه وسلم لیلة الجمعة ، کتاب الصلوة ، رقم الحدیث:۲۷۷۴)

(۵۰)......حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جوشخص جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف پڑھے تو وہ قیامت کے دن اس قدر نور کے ساتھ آئے گا کہ اگر اس کا نور تمام مخلوق کو تقسیم کردیا جائے گا تو کافی ہوجائے گا۔

(کنز العمال ، الاذکار، الصلوة علیه و علی آله علیه الصلوة والسلام ، رقم الحدیث:۲۲۴۰)

سو مرتبہ درود پڑھنے پر سو حاجتوں کا پورا ہونا

(۵۱)......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ایک طویل روایت کا خلاصہ ہے کہ: جوشخص جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف پڑھے گا، اللہ تعالی اس کی سو حاجتیں پوری فرمائیں گے، ان میں سے تیس حاجتیں دنیا میں پوری فرمائیں گے، اور باقی ستر (۷۰) حاجتیں آخرت میں پوری فرمائیں گے، اور اس کا درود شریف آپ ﷺ کی خدمت میں فرشتہ اس طرح لیجا کر پیش

کرتا ہے جیسا کہ تم میں سے کوئی دوسرے کے پاس تحفہ اور ہدیہ بھیجتا ہے، اور بھیجنے والے کا نام اوراس کے باپ دادا اور خاندان کا نام لے کر پیش کرتا ہے۔

(کنز العمال ، الاذکار، الصلوة علیه و علی آله علیه الصلوة و السلام ، رقم الحدیث:۲۲۳۷/ ۲۲۴۲)

۷/جمعہ پڑھنے پر شفاعت واجب کرنے والا درود

(۵۲)......حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ: جو شخص سات جمعوں تک ہر جمعہ کو سات مرتبہ اس درود کو پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے:

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًی' وَ لِحَقِّہٖ اَدَاءً' وَ اَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ' وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ' وَ اجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ' وَاجْزِہٖ عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ مَا جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ' وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصَّالِحِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ''۔

(القول البدیع ص۱۲۵، الباب الاول ، ط : موسسة الریان)

(۵۳)......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے مجھ پر جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف پڑھا، یہ اس کے لئے قیامت کے دن میرے پاس شفاعت بنے گا۔

(کنز العمال ، الاذکار ، الصلوة علیه و علی آله علیه الصلوة و السلام ، رقم الحدیث:۲۲۳۹)

سو سال کے گناہوں کے معاف کرنے والا درود

(۵۴)......حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف پڑھے تو اس کے سو سال کے گناہ معاف کردیئے جائیں

گے(کنز العمال ، الاذکار، الصلوۃ علیہ و علی آلہ علیہ الصلوۃ والسلام ، رقم الحدیث:۲۲۴۱)

جمعہ کے دن نیکی کا اجراور برائی کا وزر بڑھ جاتا ہے

(۵۵)......حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جمعہ کے دن صدقہ کرنا اجر میں بڑھ جاتا ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ص۱۵۴ ج۴، فضل صلوۃ الجمعۃ و یومھا ، کتاب الصلوۃ ، رقم الحدیث: ۵۵۵۶)

(۵۶)......حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جمعہ کے دن نیکیوں کا(اجر) اور برائیوں کا(وزر) بڑھ جاتا ہے

(۵۷)......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جمعہ کے دن نیکیوں کا(اجر) کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔

(کنز العمال ، الاذکار ، الصلوۃ علیہ و علی آلہ علیہ الصلوۃ والسلام ، رقم الحدیث:۲۱۰۵۷/ ۲۱۰۷۳)

(۵۷)......حضرت مسیّب بن رافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

جو جمعہ کے دن نیک کام کرے اس کا(اجر) دوسرے دنوں سے دس گنا بڑھ جاتا ہے، اور برائی کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے۔(یعنی برائی کا وزر بھی دس گنا بڑھ جاتا ہے)۔

(خصائص یوم الجمعۃ ص۶۶، الخصوصیۃ الثامنۃ والخمسون : تضاعف الحسنات یوم الجمعۃ ، رقم الحدیث:۱۷۱)

جمعہ کے دن جنت واجب کرنے والے پانچ اعمال

(۵۸)......حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ

کی نماز پڑھے، اور جمعہ (کے دن) روزہ رکھے، اور (جمعہ کے دن) کسی مریض کی عیادت کرے، اور (جمعہ کے دن) جنازہ میں حاضر ہو، اور (جمعہ کے دن) نکاح میں شریک ہو تو اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔

(مجمع الزوائد ص ۳۱۷ ج ۲، باب ما یفعل من الخیر یوم الجمعة ، کتاب الصلوة ، رقم الحدیث: ۳۰۲۸)

جمعہ درست ہو تو پورا ہفتہ درست رہتا ہے

(۵۹)...... جب جمعہ درست ہو تو سارے دن درست رہتے ہیں، اور جب رمضان درست ہو تو پورا سال درست رہتا ہے۔

(کنز العمال ، الاذکار، الصلوة علیه و علی آله علیه الصلوة والسلام ، رقم الحدیث:۲۱۰۴۹)

تشریح:......یعنی جمعہ اور رمضان میں گناہ سے بچ جائے تو اور دنوں میں اور پورے سال میں گناہ سے بچنا آسان ہو جائے گا۔

کبائر سے اجتناب ہو تو ایک جمعہ: دوسرے جمعہ تک کے گناہوں کا کفارہ ہے

(۶۰)......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: پانچوں نمازیں اور جمعہ سے لے کر جمعہ تک (گناہوں کا) کفارہ ہے جو ان کے درمیان کئے گئے ہوں، جب تک کہ وہ کبائر کا اجتناب کرتا ہو۔

(مسلم، باب الصلوات الخمس والجمعة الی الجمعة و رمضان الی رمضان مکفرات لما بینهن ما اجتنب الکبائر، کتاب الطهارة ، رقم الحدیث:۲۳۳)

جمعہ کو والدین کی قبر کی زیارت کی فضیلت

(۶۱)......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جو ہر جمعہ اپنے والدین یا ان میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرے تو اس کی مغفرت کردی جائے گی، اور وہ (والدین کا) فرماں بردار لکھ دیا جائے گا۔

(طبرانی (اوسط)، رقم الحدیث:۲۳۳۳۔خصائص یوم الجمعة ص۷۸، الخصوصیة السادسة والسبعون : زیارة القبور یومها و لیلتها ، رقم الحدیث:۲۰۰)

جمعہ کے دن روزہ اور صدقہ پر گناہوں کی معافی

(۶۲)......حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص بدھ، جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے، پھر جمعہ کے دن اپنے مال میں سے تھوڑا یا زیادہ صدقہ کرے، تو اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ معاف فرمادیں گے، اور ایسا پاک کردیں گے جیسا کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔(طبرانی (اوسط)، رقم الحدیث:۲۳۳۳۔

کنز العمال ، صوم النفل ، الصوم (اقوال) ، رقم الحدیث:۲۴۱۶۷)

(۶۳)......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جس شخص نے بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھا، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں موتیوں، یاقوت اور زمرد سے عالیشان محل بنائیں گے، اور اللہ تعالیٰ اس کے لئے جہنم کی آگ سے براءت لکھ دیں گے۔

(کنز العمال ، صوم النفل ، الصوم (اقوال) ، رقم الحدیث:۲۴۱۶۸)

(۶۴)......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جو شخص بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایسا گھر بنائیں گے جس کا ظاہر، باطن سے دکھائی دے گا اور باطن، ظاہر سے۔(کنز العمال ، صوم النفل ، الصوم (اقوال) ، رقم الحدیث:۲۴۱۶۹)

لاحول کی

اہمیت وفضیلت

’’لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ‘‘ ایک عظیم خزانہ ہے، جنت کا دروازہ ٔجنت کا پودہ ہے، اوراس کلمہ کے بڑے فوائدوفضائل احادیث میں وارد ہیں، اس مختصر رسالہ میں اس بابرکت کلمہ کے فضائل اوراس کی اہمیت‘وغیرہ کوجمع کیا گیا ہے، یہ ایک مختصر‘مگر مفیداورقابل مطالعہ رسالہ ہے۔

از: مرغوب احمد لاجپوری

ناشر: جامعۃ القراءات، کفلیتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

''لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' جنت کا خزانہ، جنت کا پودہ، جنت کا دروازہ ہے، حدیث میں اس کی کثرت کا حکم ہے، باقیات الصالحات کی تفسیر اس سے بھی کی گئی ہے، یہ کلمہ نجات کا ہے، رب کی تعریف کا ہے، اس کے پڑھنے پر چھ عظیم نعمتوں کا وعدہ ہے، گناہوں کی بخشش کا سبب ہے، آسان اور افضل ذکر ہے، اس کے پڑھنے سے اسلام اور اللہ کے حضور سر تسلیم خم ہونے کا ارشاد ہے، ننانوے مصاب: رنج وغم، بیماری کی دوری کا ذریعہ ہے، نعمت بقا کا سبب ہے، آسمان والوں کا کلام ہے، جنت میں کثرت سے درخت لگنے کا ذریعہ ہے، آگ سے حفاظت بھی اپنے اندر رکھتا ہے، آسمان سے فرشتے اسی سے اترتے اور چڑھتے ہیں، اس کے ورد پر شیطان بے بس ہوجاتا ہے، گھر سے نکلتے وقت پڑھنے پر تین وعدے ہیں، حضرت آدم علیہ السلام کے طواف کا وظیفہ ہے۔ پھر ''ماشاء اللہ'' نقصان سے، نظر بد سے، بلکہ موت کے سوا ہر تکلیف سے حفاظت کا ذکر ہے۔

اس قدر عظیم کلمہ کی اہمیت اور فضائل سے ہمیں واقف ہونا چاہئے تاکہ اس کے ورد بلکہ اسے معمول بنانے کا شوق پیدا ہو۔ اس مختصر رسالہ میں انہیں فضائل کو مع حوالہ جمع کیا گیا ہے۔ اللہ کرے کسی کو یہ رسالہ پڑھ کر عمل کی توفیق ہو اور اس کے ورد کا اہتمام نصیب ہوجائے۔

اللہ تعالی مجھے بھی ان پر یقین نصیب فرمائے اور ناظرین کو بھی، اور ہمیں روزانہ اہتمام سے اس کلمہ کو پڑھنے اور اس کے فوائد کو حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

مرغوب احمد لاجپوری

لاحَول ٗ جنت کا خزانہ ہے

(۱):......حضرت ابوموسی شعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، ہم جب کسی بلندی پر چڑھتے تھے تو ’’ اللہ اکبر ‘‘ کہتے تو نبی ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! اپنے نفسوں کے ساتھ نرمی کرو، تم کسی بہرے کو نہیں پکار رہے اور نہ کسی غائب کو، لیکن تم سننے والے دیکھنے والے کو پکار رہے ہو، پھر میرے پاس آئے اور میں دل میں پڑھ رہا تھا ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! کہو: ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘ یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے، یا فرمایا: میں تم کو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی رہنمائی نہ کروں؟ (وہ خزانہ یہ کلمہ ہے: ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘۔

(بخاری، باب الدعاء اذا علا عقبة ، رقم الحدیث:۶۳۸۴۔مسلم، باب استحباب خفض الصوت بالذکر ، الخ ، کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار ، رقم الحدیث:۲۷۰۴۔ابوداؤد، باب فی الاستغفار ، کتاب الوتر ، رقم الحدیث:۱۵۲۶)

(۲):......حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پیچھے چل رہا تھا کہ اتنے میں آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوذر! کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں ایک خزانہ نہ بتاؤں؟ میں نے کہا: ضرور بتائیں‘‘ فرمایا: ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘۔

(ابن ماجہ، باب جاء فی لا حول ولا قوّة الا باللّٰہ ، ابواب الادب۔حیاۃ الصحابہ ص:۴۵۱ ج ۳ /اردو)

لَا حَول ٗ جنت کا پودہ ہے

(۳):......حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: معراج کی رات میں حضور ﷺ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر گذر ہوا تو انہوں نے پوچھا: اے جبرئیل! یہ

آپ کے ساتھ کون ہیں؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا: یہ حضرت محمد ﷺ ہیں، تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضور ﷺ سے فرمایا: اپنی امت سے کہنا کہ: وہ جنت کے پودے کثرت سے لگائیں، کیونکہ جنت کی مٹی بہت عمدہ ہے اور وہاں بہت کشادہ زمین ہے حضور ﷺ نے پوچھا: جنت کے پودے کیا ہیں؟ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: ’لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘۔(الترغیب والترہیب ص۲۹۱ ج۲، الترغیب فی قول لا حول‘ الخ)

’’طبرانی‘‘ کی روایت میں یہ بھی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مجھے سلام کیا اور مجھے خوش آمدید کہا اور فرمایا: اپنی امت سے کہنا۔(حیاۃ الصحابہ،ص:۴۵۲ ج۳،اردو)

لَا حَول ‘ کثرت سے پڑھا کرو

(۴):......حضرت عبداللہ بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مجھ سے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسا کلمہ نہ سکھادوں جو مجھے حضور ﷺ نے سکھایا تھا؟ میں نے کہا: اے چچا جان! ضرور سکھائیں، فرمایا: جب حضور ﷺ میرے مہمان بنے تھے تو ایک دن آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ نہ بتادوں؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں ضرور بتادیں، فرمایا:’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘ کثرت سے پڑھا کرو۔(حیاۃ الصحابہ ص۷۷۷ ج۳، اخبارہ عن عظیم فضل الحوقلة۔(اردو)ص:۴۵۱ ج۳)

لَا حَوُل ‘ جنت کا دروازہ ہے

(۵):......حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: میرے والد نے مجھے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں خدمت کرنے کے لئے پیش کیا،ایک دن حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے،میں دورکعت نماز پڑھ کر بیٹھا ہوا تھا، آپ ﷺ نے مجھے

پاؤں مبارک مار کر فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ نہ بتادوں؟ میں نے کہا: ضرور بتائیں، فرمایا: ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘ (برائیوں سے بچنے کی طاقت اور نیکیاں کرنے کی قوت صرف اللہ ہی سے ملتی ہے)۔

(الترغیب والترہیب ص۲۹۱ ج ۲، الترغیب فی قول لا حول الخ۔حیاۃ الصحابہ ص:۴۵۱ ج ۳، اردو)

گھر سے نکلتے وقت: لَا حَول‘ پڑھنے پر تین وعدے

(٦):......حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر سے نکلے تو یہ دعا پڑھے: ’’بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ ‘ لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘ اس سے کہا جاتا ہے: تجھے ہدایت دی گئی‘ تیری کفایت کی گئی‘ تیری حفاظت کی گئی، اور شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے اور دوسرے شیطان سے کہتا ہے کہ: اس آدمی کے ساتھ تیرا کیا حال ہوا جسے ہدایت دی گئی‘ جس کی کفایت کی گئی اور جسے محفوظ کر دیا گیا۔

(ابوداؤد، باب ما جاء فیمن دخل بیته ما یقول ، رقم الحدیث ۵۰۹۵۔ترمذی، باب ما جاء ما یقول اذا خرج من بیته ، رقم الحدیث :۳۴۲۶)

باقیات الصالحات کثرت سے پڑھا کرو

(٧):......حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے فرمایا: باقیات الصالحات کثرت سے پڑھا کرو، صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: باقیات الصالحات کیا چیزیں ہیں؟ آپ نے فرمایا: ’’ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ‘‘ اور ’’ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ ‘‘ اور ’’ سُبْحَانَ اللّٰہِ ‘‘ اور ’’ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ‘‘ اور ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ‘‘۔

(مسند احمد ص۷۵ ج ۳۔المستدرک ص۵۱۳ ج ۱۔صحیح ابن حبان، رقم الحدیث:۲۳۳۲۔جمع الجوامع، رقم الحدیث:۲۹۲۹۔جامع البیان، رقم الحدیث:۱۷۴۱۲)

(۸):......ابوصخر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: مجھ سے عبداللہ بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ نے کہا کہ: ان کوسالم بن محمد رحمہ اللہ نے بھیجا اور یہ کہا کہ: آپ مجھ سے قبرستان کے ایک گوشہ میں ملاقات کریں، مجھے آپ سے کام ہے، پھران دونوں کی ملاقات ہوئی اوردونوں نے ایک دوسرے کوسلام کیا، پھرسالم رحمہ اللہ نے کہا: آپ کن کلمات کو’’الباقیات الصاحات‘‘ شمار کرتے ہیں؟انہوں نے کہا:’’لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ ، اَللّٰهُ اَكْبَر ، وَ لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم ‘‘سالم رحمہ اللہ نے کہا: آپ نے ان کلمات میں ’’لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘ کوکب شامل کیا؟انہوں نے کہا: مجھے ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی (پھرمعراج والی راویت نقل کی، جوحدیث نمبر:۳۰ر پر گذرچکی ہے)۔(جامع البیان، رقم الحدیث:۱۷۴۱۱-تبیان القرآن ص۱۱۵ ج۷)

لَا حَول ’نجات دینے والاکلمہ ہے

(۹):......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: حضور ﷺ نے فرمایا: تم لوگ اپنی حفاظت کا سامان لے لو، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا کوئی دشمن آ گیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، آگ سے حفاظت کا سامان لےلواور:

’’سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَر‘‘

کہا کرو، کیونکہ یہ کلمات تم کوآگے جاکرآخرت میں کام آئیں گے،اورتمہارے اچھے انجام کا سبب بنیں گےاوریہی وہ اعمال صالحہ ہیں جن کا ثواب باقی رہتا ہے۔

ایک روایت میں یہ ہے کہ: یہ نجات دینے والے کلمات ہیں،اور’’طبرانی اوسط‘‘ کی روایت میں:’’لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘ کااضافہ بھی ہے۔

(حیاۃ الصحابہ ص۱۷۷ ج۳، اخبارہ بان هذه الاذكار وقاية من النار-حیاۃ الصحابہ ص:۴۴۷ ج۳،اردو)

رب کی تعریف کے کلمات

(۱۰):......حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دیہاتی نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ: آپ مجھے ایسا کلام بتادیں جسے میں پڑھتا رہوں، آپ ﷺ نے فرمایا تم یہ پڑھا کرو:

''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحدَہُ لَا شَرِیکَ لَہُ' اَللّٰہُ اَکبَرُ کَبِیرًا' وَالحَمدُ لِلّٰہِ کَثِیرًا' وَ سُبحَانَ اللّٰہِ رَبِّ العَالَمِینَ' وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَزِیزِ الحَکِیمِ''۔

انہوں نے کہا: یہ تمام کلمات تو میرے رب کی تعریف کے ہیں، میرے لئے کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہ دعا مانگا کرو:'' اَللّٰھُمَّ اغفِرلِی وَارحَمنِی وَاھدِنِی وَارزُقنِی''۔

اے اللہ! میری مغفرت فرما' مجھ پر رحم فرما' مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے رزق نصیب فرما۔

حضرت ابو مالک اشجعی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ''وَعَافِنِی'' بھی ہے، مجھے عافیت نصیب فرما۔

ایک روایت میں یہ ہے کہ: اس دعا میں تمہاری دنیا اور آخرت دونوں آ گئیں۔

حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دیہاتی نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے قرآن سیکھنے کی بہت کوشش کی، لیکن سیکھ نہ سکا، اب آپ مجھے کوئی ایسی چیز سکھادیں جو قرآن کی جگہ ہوجائے، آپ ﷺ نے فرمایا:'' سُبحَانَ اللّٰہِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکبَرُ '' پڑھا کرو، انہوں نے انگلیوں پر گنتے ہوئے یہ کلمات کہے اور پھر عرض کیا یارسول اللہ! یہ سارے کلمات تو میرے رب کی تعریف کے ہیں، خود میرے لئے کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہ دعا مانگا کرو:'' اَللّٰھُمَّ اغفِرلِی وَارحَمنِی وَعَافِنِی وَارزُقنِی

وَاهْـدِنِی ‘‘ یہ سن کروہ دیہاتی چل دیئے۔آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دیہاتی دونوں ہاتھوں کو خیر سے بھر کر جارہا ہے۔

’’بیہقی‘‘ کی روایت میں: ’’لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘ بھی ہے۔

(مسلم، باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، كتاب الذكر، رقم الحديث: ۲۶۹۶۔حیاۃ الصحابہ ص: ۴۴۹ ج ۳، اردو)

لَا حَول ’اللہ کی فرمانبرداری‘اس کے سپرد کرنا اور جنت میں رونق ملنا ہے

(۱۱):......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جس نے ’’بِسْمِ اللّٰه‘‘ کہا اس نے اللہ کا ذکر کیا، اور جس نے ’’اَلْحَمْدُ لِلّٰه‘‘ کہا اس نے اللہ کا شکر ادا کیا، اور جس نے ’’اَللّٰهُ اَكْبَرُ‘‘ کہا اس نے اللہ کی عظمت بیان کی، اور جس نے ’’لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ‘‘ کہا اس نے اللہ کی توحید بیان کی، اور جس نے ’’لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘ کہا اس نے اللہ کی فرمانبرداری کا اظہار کیا، اور اس نے خود کو اللہ کے سپرد کردیا، اسے جنت میں اس کی وجہ سے رونق اور خزانہ ملے گا۔(حیاۃ الصحابہ ص ۸۷۷ ج ۳، قول ابن عباس فی فضل الحوقلة۔اردو ص ۴۵۲ ج ۳)

چھ عظیم نعمتیں

(۱۲):......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ (یارسول اللہ!) قرآن کریم کی آیت: ﴿له مقاليد السموات والارض﴾ کہ آسمان اور زمین کی کنجیاں اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہیں) سے کیا مراد ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (آسمان اور زمین کی کنجیوں سے) یہ کلمات مراد ہیں:

’’سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ، اَلْاَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ' بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِ وَ يُمِيتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ''۔

اے عثمان! جو شخص یہ کلمات صبح وشام دس دفعہ پڑھے گا اللہ تعالی اس کو چھ نعمتوں سے نوازیں گے:

(پہلی)......شیطان اوراس کے لشکر سے اس کی حفاظت کی جائے گی۔

(دوسری)......اس کو اجر وثواب کا بڑا ڈھیر دیا جائے گا۔

(تیسرا)......حور عین سے اس کا نکاح کیا جائے گا۔

(چوتھا)......اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

(پانچواں)......وہ جنت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔

(چھٹا)...... بارہ فرشتے اس کی موت کے وقت حاضر ہوں گے، اوراس کو جنت کی بشارت سنائیں گے، اوراس کو قبر سے عزت واحترام کے ساتھ لے جائیں گے، اگر وہ قیامت کے ہولناک حالات سے گھبرائے گا تو فرشتے اس کو تسلی دیں گے اور کہیں گے کہ گھبراؤ نہیں، تم قیامت کی ہولنا کیوں سے امن میں رہنے والوں میں ہو، پھر اللہ تعالی اس سے آسان ترین حساب لیں گے، اور جنت میں جانے کا حکم دیں گے، چنانچہ فرشتے اس کو میدان حشر سے جنت کی طرف اس طرح عزت واحترام سے پہنچائیں گے جیسے دلہن کو لے جایا جاتا ہے، اوراللہ تعالی کے حکم سے فرشتے اس کو جنت میں داخل کردیں گے جبکہ دوسرے لوگ حساب وکتاب کی شدت میں مبتلا ہوں گے۔(روح المعانی ص۲۲ ج۲۴)

سارے گناہوں کی بخشش

(۱۳):......حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے

فرمایا: روئے زمین پر جو شخص بھی: 'لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ' ایک مرتبہ کہے گا اس کے سارے گناہ مٹا دیئے جائیں گے، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (ترمذی، باب ما جاء فی فضل التسبیح ، الخ ، رقم الحدیث ۳۴۶۰)

گننے سے آسان یا افضل تسبیح

(۱۴): ......حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک صحابیہ عورت کے پاس گئے، ان کے سامنے کھجور کی گھٹلیاں یا کنکریاں رکھی ہوئی تھیں، جن پر وہ تسبیح پڑھ رہی تھیں، حضور ﷺ نے فرمایا: میں تجھے ایسی چیز نہ بتاؤں جو اس گننے سے آسان ہو یا فرمایا: اس سے افضل ہو؟

''سُبْحَانَ اللّٰہ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰہ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الْاَرْضِ، وَسُبْحَانَ اللّٰہ عَدَدَ مَا خَلَقَ بَیْنَ ذٰلِکَ، وَسُبْحَانَ اللّٰہ عَدَدَ مَا ھُوَ خَالِقٌ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مِثْلُ ذٰلِکَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ مِثْلُ ذٰلِکَ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِثْلُ ذٰلِک، وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مِثْلُ ذٰلِکَ''۔

اللہ کی تعریف اس مخلوق کے بقدر کرتا ہوں جو اس نے آسمان میں پیدا کی، اور اس مخلوق کی بقدر جو اس نے زمین میں پیدا کی، اور اس مخلوق کے بقدر جو ان دونوں یعنی زمین و آسمان کے درمیان ہے، اور اس مخلوق کے بقدر جسے وہ پیدا کرنے والے ہیں، اور ان سب کے برابر ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' اور ان سب کے برابر ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' اور ان سب کے برابر ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ'' اور ان سب کے برابر ''لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ''۔

(ابوداؤد، باب التسبیح بالحصی ، رقم الحدیث ۱۵۰۰۔ترمذی، باب فی دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم و تعوذہ فی دبر کل صلاۃ ، رقم الحدیث :۳۵۶۸)

’’لاحول ‘‘ کہنے پر بندہ مسلمان ہوگیا اور اللہ کے سامنے سرِتسلیم خم ہوگیا

(۱۵):......کیا میں تم کو وہ کلمہ نہ بتاؤں جو عرش کے نیچے خزینۂ جنت سے ہے؟ یہ کہ تم کہو: ’’لا حولَ وَ لا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘ بندہ جب یہ کلمہ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں: میرا بندہ مسلمان ہوگیا اور میرے سامنے سرِتسلیم خم ہوگیا۔

(کنز العمال ، الحوقلۃ ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۵۱)

لاحَول ننانوے مصائب کے دروازے بند کرتا ہے

(۱۶):......’’لا حَولَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘ کثرت سے کہا کرو، کیونکہ یہ ننانوے مصائب کے دروازے بند کرتا ہے، جن میں ادنی غم ہے۔

(کنز العمال ، الحوقلۃ ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۵۳)

لاحَول ‘ننانوے بیماریوں کی دواء ہے

(۱۷):......’’ لا حَولَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘ننانوے بیماریوں کی دواء ہے، جن میں ادنی رنج وغم ہے۔(کنز العمال ، الحوقلۃ ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۵۶)

مصائب کے ستر (۷۰) دروازے بند

(۱۸)......حضرت مکحول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: جو یہ کہے گا‘ اللہ اس کے حق میں مصائب و آلام کے ستر دروازے بند فرمادے گا، (یعنی تمام دروازے) جس کا ادنی دروازہ فقر ہے: ’’لاحَوْلَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لا مَنْجاً مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْکَ ‘‘۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ص۳۹۰ ج۱۵، ما اذا قالہ الرجل دُفع عنہ انواع البلاء ، کتاب الدعاء ، رقم الحدیث:۳۰۴۴۷)

لاحَول' سے ستر(۷۰)شرور دفع ہوں گے

(۱۹):......'' لَا حَولَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ''جس نے اس کو کہا' اللہ تعالی اس سے ستر شرور دفع فرمادیں گے،جن میں ادنی غم ہے۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۷۱)

جب تم کسی سے خوف محسوس کروتو پڑھو

(۲۰)......حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی سے خوف محسوس کروتو پڑھو:

''اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ' کُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ ظَالِمٍ وَاَحْزَابِہِ مِنْ خَلَائِقِکَ ' اَنْ یُفْرِطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْھُمْ اَوْ یَطْغٰی عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

(ادب المفرد(مترجم)ص۴۶۱، باب اذا خاف السلطان ، رقم الحدیث:۷۰۷۔مجمع الزوائدص۱۴۶ ج۱۰، باب ما یقول اذا خاف سلطانا ،کتاب الاذکار ، رقم الحدیث:۱۷۱۳۵۔معجم طبرانی کبیرص۱۸ ج۱۰، من مسند عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ، رقم الحدیث:۹۷۹۵)

حضرت عوف رضی اللہ عنہ کا قید سے رہا ہونا

(۲۱)......حضرت مالک اشجعی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ: میرا بیٹا عوف قید ہوگیا ہے،حضور ﷺ نے فرمایا:اس کے پاس پیغام بھیج دو کہ حضور ﷺ اسے فرمارہے ہیں کہ: وہ'' لاحول ولا قوۃ الا باللہ '' کثرت سے پڑھے، چنانچہ قاصد نے جاکر حضرت عوف رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کا پیغام پہنچادیا۔حضرت

عوف رضی اللہ عنہ کوتانت سے باندھا ہوا تھا۔ایک دن تانت ٹوٹ کر گر گئی تو حضرت عوف رضی اللہ عنہ قید سے باہر نکل آئے۔باہر آ کر انہوں نے دیکھا کہ ان لوگوں کی اونٹنی وہاں موجود ہے،حضرت عوف رضی اللہ عنہ اس پر سوار ہو گئے،آگے گئے تو دیکھا کہ ان کافروں کے سارے جانور ایک جگہ جمع ہیں،انہوں نے ان جانوروں کو ایک آواز لگائی تو سارے جانور ان کے پیچھے چل پڑے اور انہوں نے اچانک اپنے ماں باپ کے گھر دروازے پر جا کر آواز لگائی تو ان کے والد نے کہا: رب کعبہ کی قسم! یہ تو عوف ہے،ان کی والدہ نے کہا: ہائے! عوف کیسے ہوسکتا ہے؟ عوف تو تانت کی تکلیف میں گرفتار ہے،بہر حال والد اور خادم دوڑ کر دروازے پر گئے،تو دیکھا کہ واقعی حضرت عوف رضی اللہ عنہ موجود ہیں اور سارا میدان اونٹوں سے بھرا ہوا ہے۔حضرت عوف رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کو اپنا اور اونٹوں کا سارا قصہ سنایا،ان کے والد نے جا کر حضور ﷺ کو یہ سب کچھ بتایا۔حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: ان اونٹوں کے ساتھ تم جو چاہے کرو (یہ اونٹ تمہارے ہیں،اس لئے) اپنے اونٹوں کے ساتھ جو کچھ تم کرتے ہو،وہی ان کے ساتھ کرو۔پھر یہ آیت نازل ہوئی ﴿ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ﴾۔جو محض اللہ سے ڈرتا ہے،اللہ تعالی اس کے لئے (مضرتوں سے) نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا تو اللہ تعالی اس (کی اصلاح مہمات) کے لئے کافی ہے۔

(حیاۃ الصحابہ اردو ص ۹۹۸ ج ۳۔ذکر صالحین ص ۱۱۸ ج ۳)

لَا حَول کی کثرت نعمت کی بقا کا ذریعہ

(۲۲):......جس پر اللہ نے کوئی نعمت نازل فرمائی ہو،اور وہ اس کو آئندہ بھی باقی رکھنا چاہتا

ہوتواس کوکثرت سے’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘پڑھناچاہئے۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۵۵)

لاحَول‘ کی کثرت سے دونوں جہاں کی بھلائیاں میسر ہوں گی

(۲۳):......’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘ کثرت سے کہا کرو، کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ہے، اور جو اس کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالی اس کی طرف نظر رحمت فرمائیں گے، اور جس کی طرف اللہ تعالی نظر رحمت فرمائیں‘ اسے دونوں جہاں کی بھلائیاں میسر ہوگئیں۔(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۶۲)

لاحَول،اہل آسمان کا کلام ہے

(۲۴):......’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘اہل آسمان کا کلام ہے۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۵۴)

لاحَول‘ کی کثرت جنت کے درختوں کے اگنے کا ذریعہ ہے

(۲۵):......جنت میں کثرت سے درخت اگاؤ، کیونکہ اس کا پانی میٹھا اوراس کی مٹی عمدہ ہے،تو’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘پڑھ کرکثرت سے درخت اگاؤ۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۵۹)

لاحَول‘ کی کثرت تمام خطاؤں کا کفارہ ہے

(۲۶):......روئے زمین پرکوئی ایسا بندہ نہیں جو کہے:’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘مگر اس کی تمام خطاؤں کا کفارہ ہوجائے گا،خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے بقدر ہوں۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۶۳)

لاحَول، سے جہنم کی آگ نہیں چھوتی

(۲۷):......جب بندہ ’’لا حَولَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه‘‘ کہتا ہے،تواللہ تعالیٰ اس کی تصدیق فرماتے ہیں کہ: میرے بندے نے سچ کہا،اور جب بندہ ’’لا حَولَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه‘‘ کہتا ہے تواس کوجہنم کی آگ نہیں چھوتی۔(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۷۲)

لاحَول، کولازم پکڑو

(۲۸):......تم پر’’سُبحَانَ اللّٰهِ وَالحَمدُ لِلّٰهِ وَلا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکبَرُ، وَلا حَولَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ العَلِیّ العَظِیمِ ‘‘یہ پانچ کلمے لازم ہیں۔

(کنز العمال ، التسبیح ، الاذکار ، رقم الحدیث:۲۰۰۵)

لا حول ‘کہے بغیرآسمان سے نہ فرشتہ اترتا ہے‘نہ اوپر چڑھتا ہے

(۲۹):......’’لا حَولَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه‘‘ کہے بغیرآسمان سے نہ کوئی فرشتہ اتر سکتا ہے اور نہ چڑھ سکتا ہے۔(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۸۳)

لا حول ‘پڑھنے پرشیطان یہ کہتا ہےاس پر ہمارا بس نہیں

(۳۰):......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: جب کوئی مسجد سے نکلےتو یہ دعا پڑھےتو شیطان یہ کہتا ہے:اس پر ہمارا بس نہیں:’’بِسمِ اللّٰهِ ، تَوَکَّلتُ عَلَی اللّٰهِ ، لا حَولَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه‘‘۔

(عمل الیوم واللیلة ص۱۵۰، القول عند دخول المسجد والخروج منه ، رقم الحدیث:۴۲۸)

آپ ﷺ کا گھر سے نکلنے پر دعا میں:لا حول‘پڑھنا

(۳۱):......حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ جب نماز کے لئے گھر

سے نکلتے تو یہ دعا پڑھتے:

’’بِسْمِ اللّٰہِ ، آمَنْتُ بِاللّٰہِ ، تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ ، لاَ حَولَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ السَّائِلِیْنَ عَلَیْکَ وَبِحَقِّ مَخْرَجِیْ ھٰذَا ، فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ اَشَرًا وَّ لاَ بَطَرًا وَّلارِیَاءً وَّلاَ سُمْعَۃً ، خَرَجْتُ اِبْتِغَاءَ مَرْضَاتِکَ وَاتِّقَاءَ سَخَطِکَ ، اَسْئَلُکَ اَنْ تُعِیْذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَ تُدْخِلَنِیَ الْجَنَّۃَ‘‘۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص٦٦، باب ما یقول اذا خرج الی الصلوۃ ، رقم الحدیث:۸۴)

لا حول‘ پڑھ کر گھر سے نکلنے پر بھلائی کا وعدہ

(۳۲):......حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: کوئی مسلمان ایسا نہیں جو اپنے گھر سے یا سفر یا کسی ارادے سے نکلے اور نکلتے وقت یہ دعا پڑھے تو اسے بھلائی سے نوازا جاتا ہے:’’ آمَنْتُ بِاللّٰہِ ، وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ ، تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ ، لاَ حَولَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ‘‘۔

(الترغیب والترہیب ص۳۰۴ج۲، الترغیب فیما یقول اذا خرج من بیتہ الی المسجد و غیرہ واذا دخلھما)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی گھر سے نکلنے کی دعا ’’لا حول‘‘ ہے

(۳۳):......حضرت عوف رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے گھر سے نکلتے تو یہ دعا پڑھتے: ’بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لاَ حَولَ وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ‘ اللہ کے نام سے نکلتا ہوں، میں نے اللہ پر توکل کیا، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت صرف اللہ تعالی ہی سے ملتی ہے۔(حیاۃ الصحابہ ص:۴۶۷ج۳،اردو)

لا حول ‘پڑھ کر گھر سے نکلنے پر حفاظت کا وعدہ

(۳۴):......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر کے دروازے سے نکلتا ہے تو اس کے ساتھ دو فرشتے کر دیئے جاتے ہیں، جب وہ ’’بِسْمِ اللّٰہ ‘‘ کہتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں: ہدایت دیئے گئے، جب وہ کہتا ہے کہ: ’’ لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ‘‘ تو فرشتے کہتے ہیں: حفاظت کئے گئے، اور جب کہتا ہے: ’’تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ‘‘ تو فرشتے کہتے ہیں: کفایت کئے گئے۔

(ابن ماجہ ص ۲۷۷ ج ۲، باب ما یدعوا به الرجل اذا خرج من بیته ، رقم الحدیث:۳۸۸۶)

ہر مصیبت اور حادثہ سے بچنے کی دعا

(۳۵):......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ: اے علی! میں تم کو وہ دعا نہ سکھادوں جب تم کسی مصیبت میں گرفتار ہو تو پڑھو؟ میں نے کہا: خدا آپ پر فدا کرے، آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی حادثہ میں گرفتار ہو تو پڑھو، خدا نے چاہا تو ہر قسم کی بلا دور ہوگی: ’’بسم الله الرحمن الرحيم ، وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ‘‘۔

(عمل الیوم واللیلة ص ۱۹۴، باب ما یقول اذا وقع فی ورطة ، رقم الحدیث:۳۳۶)

حضرت آدم علیہ السلام کا طواف میں ’’لَا حَولَ ‘‘ کا ذکر

(۳۶)......فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی تعمیر کردہ بنیادوں پر جب جنت سے خیمہ لا کر رکھ دیا تو فرشتوں نے بیت اللہ کا طواف شروع کر دیا، اور حضرت آدم علیہ السلام نے بھی طواف کرنا شروع کر دیا، اور اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنی شروع کر دی۔

ایک روایت میں ہے:

حضرت آدم علیہ السلام نے فرشتوں سے دریافت کیا،تم خانہ کعبہ کے طواف کے وقت کیا پڑھتے ہو؟ فرشتوں نے جواب دیا:''سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ''۔

ایک روایت میں ہے کہ:

حضرت آدم علیہ السلام سے فرشتوں نے کہا: ان کلموں میں یہ اضافہ کرلیں:''وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِيِّ الْعَظِیْم '' چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام طواف میں یہی کلمے پڑھا کرتے تھے۔(تاریخ حرمین۔تذکرۃ الانبیاء ص ۵۵ ج ۱)

آپ ﷺ ہر نماز کے بعد کی دعا میں ''لا حول'' پڑھتے تھے

(۳۷)......حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہر نماز کے بعد جب سلام پھیرتے تو پڑھتے

''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ، لَہُ النِّعْمَةُ وَلَہُ الْفَضْلُ وَلَہُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ''۔

اورفرماتے تھے کہ: آپ ﷺ بھی ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے۔

(مسلم ص ۲۱۸ ج ۱، باب استحباب الذکر بعد الصلوۃ ، رقم الحدیث: ۵۹۴۔ابوداؤد ص ۲۱۱، باب ما یقول الرجل اذا سلم ، رقم الحدیث: ۱۵۰۷۔نسائی، باب التھلیل بعد التسلیم ، رقم الحدیث : ۱۳۹۹)

''لا حول'' سے اندھاپن، جذام اور برص جیسی بیماریوں سے حفاظت

(۳۸)......حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے

حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ: جب تم صبح کی نماز پڑھ لوتو ''سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم وبحمدہ، ولا حول ولا قوۃ الا باللہ'' پڑھ لیا کرو، اندھے پن، جزام اور برص سے محفوظ رہو گے۔

(مجمع الزوائد ص۱۰۸ ج۱۰، باب الدعاء فی الصلوۃ و بعدھا، کتاب الاذکار، رقم الحدیث: ۱۶۹۷۹۔ طبرانی ص۱۳۶، رقم الحدیث: ۹۴۰)

ہر قسم کے شر سے حفاظت کی دعا میں ''لا حول''

(۳۹)......نبی کریم ﷺ کی ایک صاحبزادی نے بیان کیا کہ: رسول اللہ ﷺ انہیں یہ کلمات سکھاتے اور فرماتے کہ: جب تو صبح کرے تو کہہ:

''سبحان اللہ وبحمدہ، لا قوۃ الا باللہ، ما شاء اللہ کان، وما لم یشأ لم یکن، اعلم ان اللہ علی کل شئی قدیر، وان اللہ قد احاط بکل شئی علما''۔

اس لئے کہ جو ان کو صبح کے وقت پڑھتا ہے شام تک اس کی ہر (قسم کے شرور سے) حفاظت کی جاتی ہے، اور جو ان کلمات کو شام کے وقت کہے صبح تک اس کی (ہر قسم کے شرور سے) حفاظت کی جاتی ہے۔

(ابوداؤد ص۶۹۲ ج۲، باب ما یقول اذا اصبح، رقم الحدیث: ۵۰۷۵)

''لا حول'' نماز کے بعد پڑھنے پر مغفرت کا وعدہ

(۴۰)......حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے: ''سبحان اللہ العظیم وبحمدہ، لا حول ولا قوۃ الا باللہ''۔ وہ اس حال میں (نماز سے فارغ ہو کر) اٹھے گا کہ اس کی مغفرت ہو چکی ہوگی۔

(مسند بزار، رقم الحدیث: ۶۴۶۸)

لاحَول‘ کی تفسیر حدیث سے

(۴۱):......کیا میں تمہیں’’ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه ‘‘ کی تفسیر نہ بتاؤں؟ وہ یہ ہے کہ: مجھے کسی معصیت سے بچنے کی طاقت اللہ کی حفاظت کے بغیر نہیں ہے، اور کسی نیکی کی قوت اللہ کی مدد کے سوا نہیں ہے۔ مجھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہی بتایا ہے‘ اے ام عبد (یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ)۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحدیث:۱۹۶۰)

ما شاء اللہ‘ نہ کہنے پر مال کی تباہی اور سورۂ کہف کا مختصر قصہ

اللہ تعالیٰ نے’’ سورۂ کہف‘‘ میں دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کی پائیداری ظاہر کرنے کے لئے دو شخصوں کا قصہ بیان فرمایا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ: ایک شخص کے دو بیٹے تھے، دونوں کو وراثت میں آٹھ ہزار دینار ملے، دونوں نے تقسیم کر کے اپنا اپنا حصہ لے لیا، ایک بھائی نے ایک ہزار دینار کی زمین خریدی، دوسرے نے ہزار دینار خیرات کر دیئے اور کہا: اے اللہ! میرے بھائی نے ہزار دینار کی زمین خریدی ہے، میں آپ سے جنت میں ایک ہزار کی زمین خریدتا ہوں۔ پہلے نے ایک ہزار دینار خرچ کر کے مکان بنایا، دوسرے نے ہزار دینار غریبوں کو تقسیم کر کے دعا کی، اے اللہ! اس نے ہزار دینار خرچ کر کے مکان بنایا ہے، میں آپ سے جنت میں ہزار دینار کا گھر خریدتا ہوں، پہلے نے ہزار دینار خرچ کر کے ایک عورت سے شادی کر لی، دوسرے نے ہزار دینار اللہ کے راستے میں خرچ کر کے کہا: اے اللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ جنت کی کسی عورت سے میرا نکاح کر دیں، پھر پہلے شخص نے ایک ہزار دینار خرچ کر کے باندی‘ غلام اور گھر کا سامان خریدا، دوسرے نے ایک ہزار دینار خرچ کر کے اللہ سے جنت کے خادم اور سامان ملنے کی

دعا کی۔

ایک وقت ایسا آیا کہ صدقہ کرنے والے کو کچھ ضرورت پڑ گئی تو دوسرے کے پاس قرض کی نیت سے گیا، اس نے برا بھلا کہا، اور اپنے مال پر فخر بھی کیا، مگر اس نعمت پر اللہ کا شکر ادا نہیں کیا تو اچانک ایک آفت نے سارا باغ اور مال ضائع کر کے رکھ دیا، اس پر دوسرے نے نصیحت کی کہ کیوں تو نے اللہ کی نعمتوں کو دیکھ کر ''ما شاء الله لا قوة الا بالله'' نہیں کہا۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے! تفسیر مظہری ص۲۱۲ ج ۷، تحت آیت نمبر: ۳۹)

ما شاء الله لا قوة الا بالله' کے فوائد......نقصان سے حفاظت

(۴۲):......حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی چیز کو دیکھا اور وہ اس کو اپنے لئے یا کسی اور کے لئے اچھی لگے اور اس نے کہا: ''ما شاء الله لا قوة الا بالله'' تو اس کو نقصان نہیں ہوگا۔

(کنز العمال ، السحر والعین ولکھانة ، رقم الحدیث: ۱۷۶۷۰۔جمع الجوامع ، رقم الحدیث: ۲۱۹۴۶۔شعب الایمان، رقم الحدیث: ۴۳۷۰۔الکامل لابن عدی ص ۳۴۶ ج ۴)

نظر سے حفاظت

(۴۳):......حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کوئی چیز دیکھی اور وہ اس کو اچھی لگے اور اس نے کہا: ''ما شاء الله لا قوة الا بالله'' تو اس کو نظر نہیں لگے گی۔

(عمل الیوم واللیلة ص۱۲۶، باب ما یقول اذا رأى من نفسه و ماله ما یعجبه ، رقم الحدیث: ۲۰۷ الجامع الصغیر ، رقم الحدیث: ۸۶۸۴)

موت کے سوا ہر تکلیف سے حفاظت

(۴۴):......حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالی نے بندہ کو اس کے اہل یا مال یا اولاد میں سے کوئی نعمت اس پر انعام فرمائی اور اس نے کہا: ''ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ'' تو وہ ان نعمتوں میں موت کے سوا کوئی آفت نہیں پائے گا۔ (شعب الایمان، رقم الحدیث:۴۳۶۹)

ہر نعمت دیکھ کر دعا دینا، اس لئے کہ نظر کا لگنا حق ہے

(۴۵):......حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کسی شخص کو اپنے بھائی کی صورت یا اس کا مال اچھا لگے تو اس کو اس کے لئے برکت کی دعا کرنے سے کیا چیز مانع ہے؟ (اسے چاہئے کہ وہ کہے:'' فتبارک اللہ احسن الخالقین'' یا کہے: اے اللہ اس میں برکت دے) کیونکہ نظر کا لگنا حق ہے۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص۱۲۶، باب ما یقول اذا رأی من اخیہ ما یعجبہ، رقم الحدیث:۲۰۵)

(۴۶):......حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنے نفس یا اپنے مال میں یا اپنے بھائی میں کوئی ایسی چیز دیکھے جو اسے اچھی لگے تو اس کو اس میں برکت کی دعا کرنی چاہئے۔ (حوالۂ بالا)

ما شاء اللہ' کہنے کا حکم

(۴۷):......حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی چیز کو دیکھا اور وہ اسے اچھی لگے تو اس کو چاہئے کہ وہ: ''ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ'' کہے۔

نوٹ:...... ہر چند کہ اس حدیث کو ضعیف کہا گیا ہے، مگر اس کا مضمون قرآن مجید کے مطابق ہے۔(الفردوس بماثور الخطاب ، رقم الحدیث:۵۶۹۷)

سفر کی دعا میں ’’ما شاء الله كان‘‘ کے الفاظ

(۴۸):......امام غزالی رحمہ اللہ نے آداب سفر میں سواری پر سوار ہوتے وقت ایک دعا ذکر کی ہے، اس میں یہ الفاظ ہیں: ’’ما شاء الله كان ، وما لم يشاء لم يكن ‘‘اللہ نے جو چاہا وہ ہو گیا اور جو نہیں چاہا وہ نہیں ہوا۔

(احیاء العلوم ص ۲۲۸ ج ۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۱۹ھ۔تبیان القرآن ص ۱۰۹ ج ۷)

حضرت خضر اور الیاس علیہما السلام کا ’ما شاء الله‘ کہتے ہوئے جدا ہونا

(۴۹):......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہما السلام کی ہر سال موسم (حج) میں ملاقات ہوتی ہے، اور ہر ایک دوسرے کا سر مونڈتے ہیں، اور پھر وہ یہ کلمات کہہ کر جدا ہو جاتے ہیں: ’’ما شاء الله لا يسوق في الخير الا الله، ما شاء الله لا حول ولا قوة الا بالله‘‘۔

(البدایہ والنہایہ ص ۳۳۳ ج ۱۔مرغوب الفتاوی ص ۴۳۹ ج ۱)

خضر، الیاس علیہما السلام کی حیات یا ممات کے متعلق مجدد الف ثانی کا کشف

نوٹ:......حضرت خضر علیہ السلام زندہ ہیں یا وفات پا چکے ہیں؟ یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے، اور دونوں طرف اکابر امت ہیں اور دونوں کے پاس دلائل ہیں۔قدرے تفصیل ’’مرغوب الفتاوی ص ۴۳۵ ج ۱‘‘ میں دیکھی جا سکتی ہے۔

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں اس کا حل بیان فرمایا ہے، وہ

بھی قابل غور ہے، حضرت رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

''اس مسئلہ کا واحد حل حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کے بیان سے ہوسکتا ہے، حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ سے جب حضرت خضر علیہ السلام کے زندہ یا مردہ ہونے کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے اللہ کی طرف توجہ کی اور بارگاہ قدس سے اس کا جواب ملنے کی دعا کی، چنانچہ عالم مراقبہ میں آپ نے دیکھا کہ حضرت خضر علیہ السلام سامنے آگئے ہیں، حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ نے حضرت خضر علیہ السلام سے خود ان کی حالت دریافت کی، حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا: میں اور حضرت الیاس علیہ السلام دونوں زندہ نہیں ہیں، لیکن اللہ تعالی نے ہماری روحوں کو ایسی طاقت عطا فرمادی ہے کہ ہم جسم کا لباس پہن کر بھٹکے ہوؤں کو راستہ بتاتے ہیں، اور مصیبت زدوں کی مدد کرتے ہیں، اگر اللہ تعالی چاہتا ہے (تو بعض لوگوں کو) علم لدنی بھی تعلیم کرتے ہیں، اور نسبت بھی عطا کرتے ہیں، ہم کو اللہ تعالی نے قطب مدار کا مددگار بنایا ہے، قطب مدار کو اللہ تعالی نے مدار عالم بنایا ہے، انہی کی برکت سے یہ عالم قائم ہے، ہم ان کی مدد کرتے ہیں، اس زمانہ میں ان کا مسکن ملک یمن ہے، وہ فقہ شافعی کے پیرو ہیں، ہم بھی قطب مدار کے ساتھ شافعی فقہ کے موافق نماز پڑھتے ہیں۔ (تفسیر مظہری اردو ص۲۶۱ ج ۷)

رات' دن کا بہترین رزق اور برائیوں سے حفاظت

(۵۰):......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح میں یہ دعاء پڑھ لے، تو اس دن بہترین رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا، اور جو شام کو پڑھ لے تو اس رات بہترین رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

’’مَا شَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ، اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ‘‘۔

(عمل اليوم والليلة ص۵۰، باب ما يقول اذا اصبح و اذا أمسى ، رقم الحديث:۵۳)

جلنے‘ ڈوبنے‘ شیطان‘ ظالم‘ سانپ‘ بچھو سے حفاظت

(۵۱):......’’بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا یَسُوْقُ الْخَیْرَ اِلَّا اللّٰہُ ، بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰہُ ، بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ مَا کَانَ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰہِ ، بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ‘‘۔

ترجمہ:......اللہ کے نام سے جو وہ چاہے‘ بھلائی نہیں آتی مگر اللہ سے، اللہ کے نام سے جو اللہ چاہے‘ برائی نہیں مٹ سکتی مگر اللہ سے، اللہ کے نام سے جو وہ چاہے ساری نعمتیں اللہ کی جانب سے ہیں، اللہ کے نام سے جو وہ چاہے کوئی طاقت وقوت نہیں سوائے اللہ کے۔

فضیلت:......حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: جو شخص اس دعا کو صبح و شام پڑھ لے گا تو جلنے‘ ڈوبنے‘ (اور حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: شیطان‘ ظالم‘ سانپ‘ بچھو) کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔(الفوائد المنتخبة ، رقم الحديث :۲۲۔شرح احیاء العلوم ص۳۷۹ ج۴۔الدعاء المسنون ص ۲۲۸، بعنوان: دعائے حضرت خضر وحضرت الیاس علیہما السلام)

امام مالک رحمہ اللہ کا ہر وقت’’ ما شاء الله ‘‘ کہنے کا معمول

(۵۲)......امام مالک رحمہ اللہ سے جب بھی کوئی سوال کیا جاتا‘ یا وہ کوئی کام شروع فرماتے یا گھر میں تشریف لے جاتے تو’’ ما شاء الله ‘‘ کہا کرتے تھے، کیونکہ قرآن مجید میں ہے: ’’ ولولا اذ دخلت جنتک قلت ما شاء الله لا قوة الا بالله‘‘۔تم جس وقت اپنے باغ میں پہنچے تو تم نے’’ ما شاء الله لا قوة الا بالله‘‘ کیوں نہیں کہا۔(سورۂ کہف،آیت:۳۹)

(ملفوظات امام مالک رحمہ اللہ ص۱۲)

زیادہ اجرونفع والے

مختصر اعمال

اس رسالہ میں چند ایسے اوراد ووظائف اور معمولات جمع کئے گئے ہیں جن کے کرنے میں وقت کم خرچ ہوتا ہے، اور بہت زیادہ اجر یا نفع کا وعدہ ہے۔

مرغوب احمد لاجپوری

ناشر: جامعۃ القراءات، کفلیۃ

بڑی بڑی چھ نعمتیں دلانے والی تسبیح

(۱)......حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ: (یارسول اللہ!) قرآن کریم کی آیت: ﴿ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾

ترجمہ:......سارے آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں۔

(پ:۲۴/سورۂ زمر، آیت نمبر:۶۳۔پ:۲۵/سورۂ شوری، آیت نمبر:۱۲)

سے کیا مراد ہے؟ آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: یہ کلمات مراد ہیں:

''سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ، اَلْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِىْ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ''۔

اے عثمان! جوشخص یہ کلمات صبح وشام دس دفعہ پڑھے گا، اللہ تعالی اس کو چھ نعمتوں سے نوازیں گے:

(۱)......شیطان اور اس کے لشکر سے اس کی حفاظت کی جائے گی۔

(۲)......اس کو اجر وثواب کا بڑا ذخیرہ دیا جائے گا۔

(۳)......اس کا جنت میں درجہ بلند کیا جائے گا۔

(۴)......حورعین سے اس کا نکاح کیا جائے گا۔

(۵)......بارہ ہزار فرشتے اس کی موت کے وقت حاضر ہوں گے (اور اس کو جنت کی بشارت سنائیں گے، اور اس کو قبر سے عزت واحترام کے ساتھ لے جائیں گے، اگر وہ قیامت کے ہولناک حالات سے گھبرائے گا تو فرشتے اس کو تسلی دیں گے، اور کہیں گے کہ

گھبراؤنہیں تم قیامت کی ہولنا کیوں سے امن میں رہنے والوں میں ہو، پھر اللہ تعالی اس سے آسان ترین حساب لیں گے، اور جنت میں لے جانے کا حکم دیں گے، چنانچہ فرشتے اس کو میدان حشر سے جنت کی طرف اس طرح عزت واحترام سے پہنچائیں گے جیسے دلہن کو لے جایا جاتا ہے، اور اللہ تعالی کے حکم سے فرشتے اس کو جنت میں داخل کردیں گے، جبکہ دوسرے لوگ حساب وکتاب کی شدت میں مبتلا ہوں گے۔

نوٹ:...... بین القوسین کی عبارت حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف صاحب سکھروی مدظلہ کے رسالہ ''عمل مختصراور ثواب زیادہ'' سے لی گئی ہے۔

(۶)......اس کو اس شخص کا اجر ملے گا جس نے قرآن مجید' تورات' انجیل اور زبور کی تلاوت کی ہو۔

اوران کے علاوہ اے عثمان! اس کو حج مقبول اور عمرہ کا اجر ملے گا، اور اگر اسی دن مرگیا تو اس پر شہداء کی مہر ہوگی۔

(مجمع الزوائدص۱۱۴ج۱۰، باب ما یقول اذا أصبح واذا أمسی ، کتاب الاذکار ، رقم الحدیث: ۱۷۰۰۰)

نوٹ:...... بہت سے مفسرین نے بھی اس روایت کو اپنی اپنی تفسیروں میں نقل کیا ہے، مثلا: تفسیر امام ابن ابی حاتم ص ۳۲۵۴ ج ۱۰، رقم الحدیث: ۱۸۴۰۵۔ الکشف والبیان ص ۲۴۹ ج ۸۔ تفسیر ابن کثیر ص ۶۷ ج ۴۔ الدرالمنثور ص ۲۱۰ ج ۷۔ روح البیان ص ۱۷۹ ج ۹۔ روح المعانی جز ۲۴ ص ۳۵۔ تبیان القرآن ص ۲۹۰ ج ۱۰، سورۂ زمر۔

اندھاپن' جزام' اور برص سے حفاظت کا وظیفہ

(۲)......سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ' سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ' وَلَا حَوْلَ

وَلا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ: جب تم صبح کی نماز پڑھ لوتو یہ تسبیح پڑھ لیا کرو، اندھے پن‘ جزام‘اور برص سے محفوظ رہوگے۔

(مجمع الزوائدص۱۰۸ج۱۰، باب الدعاء فی الصلوۃ و بعدھا ، کتاب الاذکار ، رقم الحدیث: ۱۶۹۷۹)

بیس لاکھ نیکیاں دلانے والی مختصر تسبیح

(۳)......حضرت عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا کہ: جوشخص (ایک مرتبہ) یہ کلمات کہے:

’’لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ‘‘تواللہ تعالی اس کے لئے بیس لاکھ نیکیاں لکھیں گے۔

فائدہ:......اگرکوئی شخص روزانہ یہ تسبیح پانچ مرتبہ پڑھ لےتو ایک کروڑ نیکیاں حاصل ہوسکتی ہیں۔(الترغیب والترھیب ص۲۷۲ج۲، نوع آخر منہ ، کتاب الذکر والدعاء)

دس لاکھ نیکیاں‘ دس لاکھ گناہوں کومعاف کرانے اوردس لاکھ درجات بلندکرنے والی تسبیح

(۴)......لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ ‘ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ ‘ یُحۡیِیۡ وَ یُمِیۡتُ ‘ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوۡتُ ‘ بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔

نوٹ:...... بازارمیں اس کلمہ کے پڑھنے پردس لاکھ نیکیاں ملیں گی، دس لاکھ گناہ معاف

ہوں گے، دس لاکھ درجے بلند ہوں گے، اوراس کے لئے جنت میں گھر بنایا جائے گا۔

(ترمذی، باب ما یقول اذا دخل السوق ، ابواب الدعوات ، رقم الحدیث:۳۴۲۹)

جمعہ کی صبح کو استغفار

(۵)......اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

جو شخص جمعہ کے دن صبح کو فجر سے پہلے تین مرتبہ یہ استغفار پڑھے، اللہ تعالی اس کے گناہوں کو معاف فرمادیں گے چاہے سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (ایک روایت میں ہے کہ: سمندر کے جھاگ سے زیادہ ہوں)۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص۶۵، باب ما یقول صبیحۃ یوم الجمعۃ ، رقم الحدیث:۸۳۔مجمع الزوائد ص۳۱۵ج۲، باب ما یقول قبل صلوۃ الصبح یوم الجمعۃ ، کتاب الصلوۃ ، رقم الحدیث:۳۰۱۹)

ایک لاکھ گناہوں کو معاف کرنے والی تسبیح

(۶)...... سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ تسبیح پڑھے تو اس کے ایک لاکھ اوراس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوجائیں گے۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص۲۱۴، باب ما یقول بعد صلوۃ الجمعۃ ، رقم الحدیث:۳۷۷)

بیماری میں ۴۰ رمرتبہ پڑھنے پر شہادت کا وعدہ

(۷)......لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

(مستدرک حاکم ص۶۸۵ج۱، کتاب الدعاء والتکبیر والتهلیل والتسبیح ، رقم الحدیث:۱۸۶)

چار بڑے بڑے فوائد والی مختصر تسبیح

(۸)......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ: جوشخص سو(۱۰۰) مرتبہ:

’’لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ‘‘

پڑھے(تو یہ کلمات) اس کے لئے فقر و فاقہ سے حفاظت کا ذریعہ، اور قبر کی وحشت وتنہائی میں انسیت کا باعث ہوں گے، اوران کلمات (کی برکت) سے پڑھنے والا اغناء (ظاہری اور باطنی) حاصل کرلے گا، اور قیامت کے دن ان کلمات کی برکت سے وہ جنت کے دروازہ پر دستک دے گا۔(کنز العمال ، الاذکار ، جوامع الادعیة ، رقم الحدیث:۳۸۹۶)

سمندر کے جھاگ کے برابر گناہ کومٹانے والی تسبیح

(۹)......حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: روئے زمین پر جوشخص بھی:

’’لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ‘‘

(ایک مرتبہ) کہے تو اس کے سارے گناہ مٹادیئے جائیں گے، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔(ترمذی، باب ما جاء فی فضل التسبیح ، الخ ، رقم الحدیث: ۳۴۶۰)

جنت میں داخل کرنے والا: سید الاستغفار

(۱۰)......اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَایَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

آپ ﷺ نے فرمایا: جو اسے یقین کے ساتھ دن میں پڑھے گا اور اس دن شام سے پہلے مرجائے تو اہل جنت میں ہوگا، اور جو اسے یقین کے ساتھ رات کو پڑھے گا اور صبح سے پہلے مرجائے تو اہل جنت میں ہوگا۔

(بخاری، باب افضل الاستغفار ، کتاب الدعوات ، رقم الحدیث:۶۳۰۶۔باب ما یقول اذا اصبح کتاب الدعوات ، رقم الحدیث:۶۳۲۳)

جہنم سے نجات دلانے والی مختصر تسبیح

(۱۱)......آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جو شخص (ایک مرتبہ):

''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ''

کہتا ہے تو اللہ تعالی اس (کے جسم) کا ایک چوتھائی (حصہ) دوزخ سے بری کردیتے ہیں، اگر دو مرتبہ کہے تو اس (کے جسم) کا آدھا حصہ جہنم سے آزاد کردیتے ہیں، اور اگر چار مرتبہ یہ کلمہ کہے تو اللہ تعالی اس کو (مکمل طور پر) جہنم سے بری کردیتے ہیں۔

(مجمع الزوائد ص۲۴۷ ج۱۰، باب ما جاء فی لا الہ الا اللہ واللہ اکبر ، کتاب الاذکار ، رقم الحدیث :۱۶۸۳۳)

شہادت کا اجر دلانے والی تسبیح

(۱۲)......حضرت ابوحارث تمیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص پچیس مرتبہ پڑھے: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ''

پھر اپنے بستر پر وفات پاجائے تو بھی اللہ تعالی اسے شہید کا اجر عطا فرمائیں گے۔

(مجمع الزوائد ص۳۹۰ ج۵، باب فیما تحصل بہ الشھادۃ ، کتاب الجہاد ، رقم الحدیث:۹۵۵۷)

جہنم سے خلاصی کی آسان تسبیح

(۱۳)......حضرت ابوحارث تمیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ نے مجھے چپکے سے بتایا کہ: جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہوجاؤ تو: ۷؍مرتبہ پڑھو:

''اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ''

اس کے بعد اگر تم اسی دن وفات پاجاؤ تو اللہ تعالیٰ جہنم سے خلاصی کا پروانہ عطا فرمائیں گے۔اسی طرح جب تم صبح کی نماز سے فارغ ہوجاؤ تو: ۷؍مرتبہ کہو، اگر تم انتقال کر گئے تو آزادیٔ جہنم کا پروانہ تمہارے لئے لکھ دیا جائے گا۔

(ابوداوٗد، باب ما یقول اذا اصبح ، اول کتاب الادب ، رقم الحدیث:۵۰۷۹)

سورۂ انعام کی پہلی تین آیتوں کے فضائل

(۱۴)...... بسم الله الرحمن الرحيم

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ، هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ط وَ اَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ، وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ فِی الْاَرْضِ ط يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ جَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ﴾۔

جس شخص نے سورۂ انعام کی یہ تین آیتیں پڑھیں تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے بھیجتے ہیں جو قیامت تک اس کے لئے دعا کرتے ہیں، اور اس کے لئے استغفار کرتے ہیں، اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائیں گے، اور اس کو اپنے عرش کے سائے میں رکھیں گے، اور اس کو جنت کے پھل کھلائیں گے، اور اس کو کوثر سے پانی پلائیں گے اور غسل دیں گے، اور سلسبیل سے اس کو پانی پلائیں گے، اور فرمائیں گے: میں تیرا برحق

رب ہوں اور تو میرا بندہ ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: جس شخص نے فجر کی نماز جماعت سے پڑھی اور اپنے مصلی پر بیٹھ گیا اور یہ تین آیتیں پڑھیں، تو اللہ تعالی ستر فرشتوں کو مقرر کر دیتے ہیں جو اللہ تعالی کی تسبیح کرتے ہیں، اور قیامت تک اس شخص کے لئے استغفار کرتے ہیں۔

(الدر المنثور ص ۱۰۱ ج ۶۔ الجامع لاحکام القرآن ص ۳۱۲ ج ۸۔ تبیان القرآن ص ۳۸۷ ج ۳)

اللہ تعالی کو خوش کرنے اور جنت واجب کرنے والی تسبیح

(۱۵)......رَضِیتُ بِاللّٰهِ رَبًّا ' وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا ' وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ نَبِیًّا۔ (یہ دعا تین مرتبہ پڑھے)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح و شام کو یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالی پر حق ہے کہ وہ اس کو خوش کر دیں گے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ دعا پڑھے تو اس کے لئے جنت واجب ہے۔

(ترمذی، باب ما جاء فی الدعاء اذا اصبح واذا امسی ، کتاب الدعوات ، رقم الحدیث:۳۳۸۹۔ ابوداؤد، باب فی الاستغفار کتاب الوتر ، رقم الحدیث:۱۵۲۹۔باب ما یقول اذا اصبح ، اول کتاب الادب ، رقم الحدیث:۵۰۷۲)

ہر طرح کے مصائب سے بچنے کی مختصر دعا

(۱۶)......بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَ وَلَدِیْ وَ اَهْلِیْ وَمَالِیْ۔

(یہ دعا تین مرتبہ پڑھے)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: ایک شخص نے آپ ﷺ سے

شکایت کی کہ: اسے بڑے آفات ومصائب پیش آتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: جب صبح ہوتو یہ پڑھو مصائب نہیں آئیں گے، چنانچہ انہوں نے اس پر عمل کیا تو ان کی پریشانیاں زائل ہوگئیں۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص۴۹، باب ما یقول اذا اصبح واذا امسی ، رقم الحدیث:۵۱۔ کنز العمال ادعیۃ الصباح والسماء ، رقم الحدیث:۳۵۰۶)

تھوڑے وقت میں زیادہ اجر والے کلمات

(۱۷)......سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ ‘ عَدَدَ خَلْقِہٖ ‘ وَرِضٰی نَفْسِہٖ ‘ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ ‘ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ۔ (یہ دعا تین مرتبہ پڑھے)

حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: نبی کریم ﷺ صبح کی نماز پڑھنے کے بعد صبح ہی کو ان کے پاس سے چلے گئے اور وہ اس وقت اپنی نماز کی جگہ پر بیٹھی ہوئی تھیں، پھر آپ ﷺ دن چڑھے تشریف لائے اور وہ (ابھی تک) وہیں بیٹھی ہوئی تھیں، آپ ﷺ نے فرمایا: جس وقت سے میں تم کو چھوڑ کر گیا ہوں اب تک تم اسی طرح بیٹھی ہوں؟ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ: جی، فرمایا: میں نے تمہارے بعد چار ایسے کلمات کہے ہیں جو تم نے صبح سے اب تک پڑھا ہے اگر ان پڑھے ہوئے کلمات کا ان کے ساتھ وزن کیا جائے تو ان کلمات کا وزن زیادہ ہوگا۔

(مسلم، باب التسبیح اول النہار و عند النوم ، کتاب الذکر والدعاء ، رقم الحدیث:۲۷۲۶)

ستر ہزار فرشتوں کی رحمت کی دعا اور شہادت کی موت والا عمل

(۱۸)......حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں اور اس سے پہلے تین مرتبہ یہ تعوذ

کہے: ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم'':

﴿ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ، ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ، ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ﴾

پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر فرمادیتے ہیں' جو شام تک اس کے لئے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں' اگر اس دن وہ مرگیا تو شہادت کی موت حاصل ہوگی، اور جس نے شام کو یہی کلمات پڑھ لئے تو اسے صبح تک (مذکورہ بالا) سعادت حاصل ہوگی۔

(ترمذی، باب [فی فضل قراءۃ آخر سورۃ الحشر] ابواب فضائل القرآن ، رقم الحدیث: ۲۹۲۲)

دنیا وآخرت کے ہر غم کے لئے کفایت کرنے والی دعا

(۱۹)......آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح وشام سات مرتبہ:

﴿حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ﴾

پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دنیا اور آخرت کے ہر غم کے لئے کافی ہوجائیں گے۔

(ابوداؤد، باب ما یقول اذا اصبح ، اول کتاب الادب ، رقم الحدیث:۵۰۸۱)

حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: جو شخص اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ لے گا' اسے اس دن اور رات کوئی بے چینی ومصیبت نہیں پہنچے گی، اور نہ وہ ڈوبے گا۔

(روح المعانی ص۵۳، پ۱۱)

ہرضرراور پریشانی سے حفاظت کی دعا

(۲۰)......آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: جوشخص اس دعا کو تین مرتبہ صبح وشام پڑھ لیا کرے اسے کوئی ضرر نہ پہنچے گا:

’’بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ‘‘

(ابوداؤد، باب ما یقول اذا اصبح ، اول کتاب الادب ، رقم الحدیث:۵۰۸۸۔ترمذی، باب ما جاء فی الدعاء اذا اصبح واذا امسی ، کتاب الدعوات ، رقم الحدیث:۳۳۸۸)

ہرقسم کے مصائب وحوادث وناگہانی آفات سے حفاظت کی دعا

(۲۱)......اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ عَلَیۡکَ تَوَکَّلۡتُ ، وَاَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡکَرِیۡمِ ، مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمۡ یَشَاءُ لَمۡ یَکُنۡ ، لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ، اَعۡلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡئٍ قَدِیۡرٌ ، وَاَنَّ اللّٰہَ قَدۡ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیۡئٍ عِلۡماً ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ ، اَنۡتَ اٰخِذٌ م بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ۔

ایک شخص حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا کہ: آپ کا گھر جل گیا، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں جلا، پھر دوسرا شخص آیا اور کہا: اے ابوالدرداء! آگ بھڑک اٹھی تھی، لیکن جب وہ آپ کے گھر تک پہنچی تو خود بخود بجھ گئی، حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے علم تھا کہ اللہ تعالی ایسا نہیں کریں گے، لوگوں نے کہا: ہمیں نہیں معلوم کہ آپ کی کون سی بات زیادہ تعجب انگیز ہے؟ آپ کی یہ بات کہ: اللہ تعالی ایسا نہیں کریں گے کہ میرا گھر جلا دیں، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ یقین ان

کلمات کی وجہ سے تھا جو رسول اللہ سے سنے تھے کہ: جو شخص صبح کو یہ کلمات کہہ لے تو شام تک کوئی مصیبت اس کو نہیں پہنچ سکتی، اور جو شخص شام کو یہ کلمات کہہ لے تو صبح تک کوئی مصیبت اس کو لاحق نہ ہوگی۔

(کتاب الدعاء (للطبرانی) ص۱۲۹، باب القول عند الصباح والمساء، رقم الحدیث:۳۴۳۔عمل الیوم واللیلة ص۵۲، باب ما یقول اذا اصبح واذا امسی، رقم الحدیث:۵۷۔کنز العمال، فصل فی ادعیة موقتة، دعاء الصباحین، رقم الحدیث:۴۹۶۰)

رات، دن کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے والی دعا

(۲۲)......اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَةٍ [اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ] فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ، فَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جس نے صبح کو یہ دعا پڑھی اس نے اس دن کی نعمتوں کا شکریہ ادا کردیا، اور جس شخص نے شام کو یہ دعا پڑھی تو اس نے رات کی نعمتوں کا شکریہ ادا کردیا۔

(ابوداؤد، باب ما یقول اذا اصبح، اول کتاب الادب، رقم الحدیث:۵۰۷۳۔عمل الیوم واللیلة ص۴۳، باب ما یقول اذا اصبح واذا امسی، رقم الحدیث:۴۱)

۹۹/مصائب کے دروازے بند کرنے والا کلمہ

(۲۳):......"لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ"

کثرت سے کہا کرو، کیونکہ یہ ننانوے مصائب کے دروازے بند کرتا ہے، جن میں ادنیٰ غم ہے۔(کنز العمال، الحوقلة، الاذکار، رقم الحدیث:۱۹۵۳)

لاحَول ’ننانوے بیماریوں کی دواء ہے

(۲۴):......’’ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘ننانوے بیماریوں کی دواء ہے،جن میں ادنی رنج وغم ہے۔(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحديث:۱۹۵۶)

مصائب کے ستر دروازے بند کرنے والا کلمہ

(۲۵)......حضرت مکحول رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: جو یہ کہے گا’ اللہ اس کے حق میں مصائب و آلام کے ستر دروازے بند فرمادے گا، (یعنی تمام دروازے) جس کا ادنی دروازہ فقر ہے:

’’ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَنْجَأً مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْکَ ‘‘

(مصنف ابن ابی شیبہ ص ۳۹۰ ج ۱۵، ما اذا قاله الرجل دُفع عنه انواع البلاء ، کتاب الدعاء ، رقم الحديث:۳۰۴۴۷)

لاحَول ’ سے ستر شرور دفع ہوں گے

(۲۶):......’’ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ‘‘جس نے اس کو کہا’ اللہ تعالی اس سے ستر شرور دفع فرمادیں گے،جن میں ادنی غم ہے۔

(کنز العمال ، الحوقلة ، الاذکار ، رقم الحديث:۱۹۷۱)

ہر مصیبت اور حادثہ سے بچنے کی دعا

(۲۷):......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ: اے علی! میں تم کو وہ دعا نہ سکھادوں جب تم کسی مصیبت میں گرفتار ہوتو پڑھو؟ میں نے کہا: خدا مجھے آپ پر فدا کرے،آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی حادثہ میں گرفتار ہوتو پڑھو،خدا نے چاہا تو ہر قسم کی بلا دور ہوگی:

’’بسم الله الرحمن الرحيم ،
وَلا حَوۡلَ وَلا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡم‘‘۔

(عمل اليوم والليلة ص۱۹۴، باب ما يقول اذا وقع فی ورطة ، رقم الحديث:۳۳۶)

والدین کے حق ادا کرنے والی دعا

(۲۸)......اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ، رَبِّ السَّمٰوَاتِ وَرَبِّ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡن ، وَلَهُ الۡكِبۡرِيَآءُ فِی السَّمٰوَاتِ وَالۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ، لِلّٰهِ الۡحَمۡدُ رَبِّ السَّمٰوَاتِ وَ رَبِّ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ، وَلَهُ الۡعَظۡمَةُ فِی السَّمٰوَاتِ وَالۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ، هُوَ الۡمَلِکُ رَبِّ السَّمٰوَاتِ وَرَبِّ الۡاَرۡضِ وَ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ، وَلَهُ النُّوۡرُ فِی السَّمٰوَاتِ وَالۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ۔

جو شخص ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا کرے کہ یا اللہ! اس کا ثواب میرے والدین کو پہنچا دیں اس نے والدین کا حق ادا کر دیا۔

(فضائل صدقات ص ۲۰۷ حصہ اول، تیسری فصل: صلہ رحمی کے بیان میں)

(عمدة القاری شرح صحيح البخاری ص۱۱۸ ج۳، (ط : دار احياء التراث ، بيروت) باب : بعد باب الوضوء من غير حديث ، كتاب الوضوء ، تحت رقم الحديث:۲۱۶)

قبولیت دعا، مغفرت، فقر کو دور کرنے والی دعا

(۲۹)......اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ تَعۡلَمُ سِرِّیۡ وَ عَلَانِيَتِیۡ فَاقۡبَلۡ مَعۡذِرَتِیۡ ، وَ تَعۡلَمُ حَاجَتِیۡ فَأَعۡطِنِیۡ سُؤۡلِیۡ ، وَ تَعۡلَمُ مَا عِنۡدِیۡ فَاغۡفِرۡلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ ، اَسۡأَلُکَ اِيۡمَانًا يُبَاشِرُ قَلۡبِیۡ وَ يَقِيۡنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعۡلَمَ اَنَّهُ لَا يُصِيۡبُنِیۡ اِلَّا مَا كَتَبَ لِیۡ وَ رَضِّنِیۡ

بِقَضَاء کَ۔

حضرت آدم علیہ الصلوۃ والسلام نے طواف کے بعد یہ دعا فرمائی، تو اللہ تعالی نے وحی بھیجی کہ: اے آدم! بے شک تو نے مجھے ایسی دعا کے ذریعہ پکارا ہے جو تمہارے حق میں قبول کرلی گئی ہے، میں نے تمہاری خطاؤں کو معاف کر دیا ہے، اور تمہارے غموں کو دور کر دیا ہے، اور تمہاری اولاد میں سے جو بھی ان الفاظ کے ساتھ دعا مانگے گا تو میں ضرور اس کے ساتھ یہی معاملہ کروں گا جو تمہارے ساتھ کیا کہ دعا قبول کی، مغفرت کی، اور غموں کو دور کیا، اور اس کی آنکھوں کے سامنے سے اس کا فقر و فاقہ کھینچ لوں گا، اور اس کے لئے ہر تاجر کے پیچھے سے تجارت کروں گا، اور دنیا اس کے پاس اس کے نہ چاہتے ہوئے بھی ذلیل ہو کر آئے گی۔ (کنز العمال، الحج والعمرۃ، ادعیۃ الطواف، رقم الحدیث:۱۲۰۳۴)

شب قدر کی طرح اجر والی چار رکعت

(۳۰)......رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے عشاء کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعت (نفل ایک سلام سے) پڑھ لیں، تو وہ شب قدر کے برابر ہیں۔

(مسند امام اعظم ص ۲۴۸ (مترجم اردو)، باب من صلی اربع رکعات بعد العشاء فی المسجد۔

مسند الامام الاعظم، للحافظ ابی محمد الحارثی ص۳۲۰ج۱، رقم الحدیث:۴۰۳)

رزق حلال

وعظ : حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری مدظلہم

برطانیہ کے مشہور قصبہ ’’ڈیوزبری‘‘ کی زکریا مسجد میں حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم کا ’’رزق حلال‘‘ کے موضوع پر کیا گیا بہترین اور جامع بیان جس کو مزید اضافہ کے ساتھ اس رسالہ میں مرتب کیا گیا ہے۔

جمع وترتیب

مرغوب احمد لاجپوری صاحب

ناشر: جامعۃ القراءات، کفلیۃ

عرض مرتب

الحمد لله الذی سبّب الاسباب لمعیشة باحسان عمیم ، وربّاه من طیبات الرزق بلطفه العظیم ، صلی الله علیه وسلم الذی علّم امته انّ طلب الحلال فریضة وعلی اله واصحابه الذین اجتنبوا عن اموال خبیثة۔ امابعد

اہل برطانیہ آزمائش میں

برطانیہ میں بسنے والے مسلمان یہاں ملنے والی امداد کے سلسلہ میں زبردست آزمائش میں ہیں۔ یہاں قانون کے مطابق ہراس آدمی کوجس کے پاس ذریعۂ معاش نہ ہو یا کم ہو، حکومت کی طرف سے تعاون ملتا ہے،اوراس قدر ملتا ہے کہ احتیاط سے زندگی بسر کرنے والا اس میں سے کچھ بچا بھی لیتا ہے۔مگر مسلمانان برطانیہ کا انتہائی افسوس ناک رویہ رہا کہ وہ حکومت سے بھی مدد لیتے ہیں،اورچھپ چھپ کرکوئی اورمشغلہ بھی اختیار کئے ہوئے ہیں، اور بہت بڑی تعداداس گناہ کبیرہ میں پھنسی ہوئی ہے۔حدتو یہ ہے کہ اس حرام کے مرتکب میں شاید دیندار سمجھا جانے والا طبقہ کچھ زیادہ ہی آگے ہیں۔اہل علم'ارباب افتا' مکاتب و دارالعلوم کے اساتذہ' دعوت وتبلیغ کی طرف منسوب مبلغین'اہل اللہ سے متعلق مریدین' بلکہ اجازت یافتہ خلفاءتک اس معصیت میں گرفتارنظر آئے۔

جھوٹ اوردھوکے کی صورتیں

شیطان نے ہمیں ایسی راہ اس بارے میں سجھائی کہ الامان والحفیظ۔ پیسے کی محبت نے بعض اچھے گھرانوں میں یہاں تک حالات پیدا کردیئے کہ میاں بیوی نے فارم میں لکھا کہ: ہم علاحدہ رہتے ہیں، حالانکہ واقعہ اس کے خلاف ہے،اس لئے کہ اس میں پیسے زیادہ

ملتے ہیں۔بعض حضرات نے یہاں تک حرکت کی کہ فارم میں یہ لکھ دیا کہ: میں نے بیوی کو طلاق دے دی ہے۔کئی حضرات نے جھوٹ بول کر دو دو مکان حاصل کئے،اس پر مزید برائی یہ کہ اس سے کرایہ وصول کر رہے ہیں۔اور یہ تمام کام حکومت سے چھپ کر۔بعضوں نے غضب ہی کیا،اپنا ذاتی مکان بھی دوسرے کے نام پر کر دیا اور خود کو کرایہ دار ثابت کیا، اور کرایہ وصول ہو رہا ہے اپنے ہی مکان پر۔جن حضرات کی تنخواہ محدود ہے ان کے لئے دوا مفت ہے،اس کا غلط فائدہ یہاں تک اٹھایا کہ اپنے نام پر دوالی اور ہندو پاک اپنے اعزہ کو بھیجی۔والدین یا دوسرے متعلقین کو بلا کر اپنے نام سے ہسپتال میں علاج کرایا،ایکسرے لئے،اور نہ جانے کیا کیا حرکتیں کیں۔معذوروں کے لئے اس ملک میں کچھ زیادہ حقوق ہیں،ان حقوق کے حصول کی لالچ نے کئی صحت مند حضرات تک کو معذور کر دیا،اور بعض ڈاکٹر حضرات کی طرف سے انہیں بناوٹی سرٹیفکٹ کی تائید بھی مل گئی۔العیاذ باللہ من ذلک۔

کوئی مجدد ہی اصلاح کر سکتا ہے

ایسی آمدنی سے مساجد و مدارس کی تعمیر، مختلف دینی و رفاہی کاموں میں سخاوت، دعوت و تبلیغ و حج و عمرہ کے اسفار۔اللہ ہی ہماری اصلاح فرماوے اور محض اپنے فضل و کرم سے مسلمانان برطانیہ کو اس مہلک گناہ سے بچنے کی توفیق مرحمت فرمائیں،ورنہ بظاہر اس سے بچنے کا امکان کم ہی نظر آتا ہے۔

شاید اللہ تعالیٰ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی طرح اس ملک کے لئے کوئی مجدد پیدا کر دے،جو اس عام مرض کے ازالے کے لئے تجدیدی خدمات انجام دیں،جس طرح حضرت رحمہ اللہ نے تصوف و معاملات میں بگڑے ہوئے معاشرہ کی اصلاح فرمائی اور حیرت انگیز طور پر ان شعبوں کو شریعت مطہرہ کے مزاج کے مطابق بنایا۔

دین سے معاملات کوخارج کردیا گیا

حقیقت یہ ہے کہ آج پھر ہماری زندگی سے معاملات کا دین نکل چکا ہے، اور عبادات کے چند شعبوں کو دین کامل سمجھ لیا گیا ہے۔ چوری، ڈکیتی، رشوت، سود کو حرام سمجھا جاتا ہے، مگر کام کے اوقات میں کمی کرنے کو، ریلوے اور ہوائی جہاز میں سامان زیادہ لے جاکر قانون شکنی کو، یا کم درجہ کا ٹکٹ لے کر اونچے درجہ میں سفر کرنے کو، ٹیلیفون اور بجلی کی چوری کو کوئی سنگین جرم یا بڑا گناہ نہیں سمجھا جاتا۔ اللہ کا گھر بن رہا ہے اور لائٹ حکومت کی چوری سے لی جارہی ہے، بھلا کیا برکت ہوگی؟ ایک مدرسہ کے ذمہ دار اور بہت بڑے شیخ کے خلیفہ صاحب سے براہ راست سنا کہ ہمیں ٹیلیفون کا اتنا خرچ نہیں۔ سوال کرنے پر فرمایا: ہم نے ٹیلیفون والے سے رابطہ کرلیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ع

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

مدرسہ تھانہ بھون کے اساتذہ کا حال

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے مدرسہ میں اساتذہ کے پاس ایک روزنامچہ رہتا تھا، جس میں مدرسہ کا کوئی وقت کسی ذاتی کام کے لئے خرچ ہوتا، تو وہ درج کرلیا جاتا اور مہینہ کے اختتام پر اس کی تنخواہ کٹوادی جاتی۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا ریل میں سامان وزن کرانے کا واقعہ

حضرت تھانوی رحمہ اللہ خود ایک مرتبہ سفر پر تشریف لے جارہے تھے۔ سامان زیادہ تھا اس لئے وزن کرانے والے دفتر میں تشریف لے گئے، اتفاق سے ریلوے کا گارڈ حضرت کو پہچانتا تھا، اس نے کہا: حضرت! آپ بغیر وزن کرائے سفر فرمالیں! میں آپ کے ساتھ

ہوں، راستہ میں آپ کو کوئی نہیں پکڑے گا۔ حضرت نے پوچھا: آپ کہاں تک میرے ساتھ جائیں گے؟ کہاں فلاں اسٹیشن تک، حضرت نے پوچھا: اس کے بعد؟ اس نے کہا: میں دوسرے سے کہہ دوں گا، حضرت نے فرمایا: وہ گارڈ کہاں تک جائے گا؟ اس نے کہاں: جہاں تک آپ کی منزل ہے۔ حضرت نے فرمایا: میری منزل تو آخرت تک ہے، وہاں کون گارڈ میرے ساتھ جائے گا؟ پھر حضرت نے فرمایا: یہ ٹرین تمہاری ملکیت نہیں، تمہیں اس کی اجازت نہیں کہ کسی کا زیادہ سامان بغیر کرایہ کے چھوڑ دو۔ اس واقعہ نے گارڈ کی آنکھیں کھولدیں۔ پھر حضرت رحمہ اللہ نے سامان وزن کرا کر اس کا کرایہ ادا کیا۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا معاملات کی عدم درستگی پر خلافت چھین لینا

حضرت رحمہ اللہ کا ایک اور عجیب واقعہ ملاحظہ فرمائیں! کہ حضرت اپنے متعلقین سے کس طرح کے سوال فرماتے تھے۔ آپ کے ایک خلیفہ اپنے صاحبزادہ کے ساتھ زیارت کے لئے حاضر ہوئے، خیریت معلوم کر کے حضرت رحمہ اللہ نے پوچھا: ٹرین سے آرہے ہیں؟ انہوں نے کہا جی ہاں، پوچھا: اس بچہ کا ٹکٹ پورا لیا یا آدھا؟ انہوں نے کہا: آدھا، پھر بچہ کی عمر پوچھی، کہنے لگے: ویسے تو یہ بچہ تیرہ سال کا ہے، مگر بارہ سال کا لگتا ہے، اس لئے آدھا ٹکٹ لیا۔ یہ سن کر ان سے خلافت واپس لے لی اور فرمایا: مجھ سے غلطی ہوگئی، تم اس لائق نہیں ہو کہ تمہیں مجاز بنایا جائے۔[1]

جھوٹا سرٹیفکٹ لکھوانے کو گناہ نہ سمجھنا

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ نے ایک واقعہ بیان فرمایا کہ:

”ایک صاحب جو بڑے نیک تھے، نماز روزہ کے پابند، اذکار و اشغال کے پابند،

---

[1]......اصلاحی خطبات ص ۲۰۷ ج ۱۰۔

بزرگوں سے تعلق رکھنے والے، پاکستان سے باہر قیام تھا۔ایک مرتبہ جب پاکستان آئے تو میری ملاقات کے لئے آگئے، میں نے ان سے پوچھا کہ آپ واپس کب تشریف لے جارہے ہیں؟ انہوں جواب دیا کہ میں ابھی آٹھ دس روز کے لئے ٹھہروں گا، میری چھٹیاں تو ختم ہوگئیں، البتہ کل ہی میں نے مزید چھٹی کے لئے ایک میڈیکل سرٹیفکٹ بھیجوادیا، اورانہوں نے سرٹیفکٹ والی بات اس انداز سے کہی کہ کوئی معمولی بات ہے، میں نے پوچھا کیسا سرٹیفکٹ؟ تو جواب دیا کہ مزید چھٹی لینے کے لئے بھیج دیا ہے، ویسے اگر چھٹی لیتا تو چھٹی نہ ملتی، میں نے پوچھا کہ آپ نے اس میں کیا لکھا؟ کہا کہ یہ لکھا کہ: یہ اتنے بیمار ہیں کہ سفر کے قابل نہیں۔ میں نے کہا: کیا دین صرف نماز روزہ کا نام ہے؟ آپ کا بزرگوں سے تعلق ہے، پھر ایسی حرکت؟ انہوں نے صاف کہہ دیا میں نے آج پہلی مرتبہ یہ بات سنی کہ یہ بھی کوئی غلط کام ہے۔[1]

رسالہ کے مرتب کرنے کی وجہ

بہر حال برطانیہ کے ان احوال کو دیکھ کر کئی مرتبہ خیال آیا کہ ایک مختصر سا رسالہ اس موضوع پر لکھوں اوراس کا انگریزی ترجمہ کرواکر شائع کروں، مگر اس ارادہ کی تکمیل جلد نہ ہوسکی۔ اتنے میں میرے مشفق استاذ محترم حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم کا برطانیہ کا سفر ہوگیا۔اس سفر میں حضرت نے مختلف مقامات پر اس اہم موضوع کا انتخاب فرمایا۔حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم سے حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمہ اللہ کا یہ مقولہ سنا کہ: بھئی جہاں جاؤ وہاں کے حالات کے مطابق بیان کرو، اور جہاں زخم ہو وہاں مرہم لگاؤ! یہ نہیں کہ زخم ہاتھ میں ہو اور مرہم پیر پر لگایا جائے۔

---

[1]......اصلاحی خطبات ص۱۴۰ ج۔

حضرت نے مسجد زکریا ڈیوزبری میں اسی موضوع پر بہت عمدہ بیان فرمایا تو خیال آیا کہ اسی کو کچھ تحقیق و اضافہ کے ساتھ مرتب کرلوں ،مگر کیسٹ باوجود تلاش کے نہ مل سکی۔ ابھی چند دنوں پر ایک مجلس میں اس وعظ کا تذکرہ آیا تو ایک صاحب نے کہا میرے پاس وہ کیسٹ محفوظ ہے۔ بڑی خوشی ہوئی ،ان سے حاصل کرکے اس کو کاغذ پر منتقل کیا۔

ترتیب کے دوران حوالجات کا اہتمام بھی کیا گیا کہ اہل علم واہل تحقیق کے لئے مفید ہوں۔حاشیہ میں کچھ باتیں موقع کی مناسب بڑھادی گئی ہیں ، جوانشاء اللہ ناظرین کے لئے مفید ثابت ہوں گی۔

انشاء اللہ اس کا انگریزی ترجمہ بھی شائع ہوگا۔اللہ تعالی اس حقیر محنت کو قبول فرمائیں اوراس وعظ کو ہمارے لئے باعث عمل بنا کراس گناہ سے توبہ کا ذریعہ بنائے ،آمین۔

مرغوب احمد لاجپوری

مقبول عبادت نہیں بے اکل حلال
ہے حکم خدا کہ کھاؤ تم طیب مال
کافی ہے فضیلت کو کہ اہل ایمان
اس حکم میں انبیاء کے ہیں شامل حال

وعظ از: حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم

خطبۂ مسنونہ

الحمد لله نحمده ونستعينه ونؤمن به ونتوكل عليه ، ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيأٰت اعمالنا ، من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادى له ، ونشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريک له ، و نشهد ان سيدنا ومولانا محمدا عبده ورسوله ، ارسله الله تعالى الى كافة الناس بشيرا و نذيرا ' وداعيا الى الله باذنه وسراجا منيرا، صلى الله تعالى عليه وعلى آله واصحابه وبارک وسلم تسليما كثيرا كثيرا، اما بعد

فاعوذ بالله من الشيطان الرجيم ، بسم الله الرحمن الرحيم ،

﴿ يايها الذين آمنوا لا تأكلو اموالكم بينكم بالباطل ﴾

وكان من دعاء النبى صلى الله عليه وسلم : اللهم جنّبنا الحرام حيث كان واين كان وعند من كان وحل بيننا وبين اهله واقبض عنا ايديهم واصرف عنا قلوبهم،

وقال النبى صلى الله عليه وسلم : طلب الحلال فريضة بعد الفريضة۔ [1]

معاشرہ کی خرابی کے بنیادی اسباب میں سے ایک سبب حرام غذا ہے

محترم حضرات! اس وقت ہمارا معاشرہ جن مشکلات اور جن مصائب اور خرابیوں سے گذر رہا ہے، ان خرابیوں کے جو بنیادی اسباب ہیں، ان اسباب میں اگر غور کیا جائے تو چند چیزیں ایسی ہیں جن کو ہم اولین درجہ پر رکھ سکتے ہیں، اس لئے کہ ان مفاسد کو دور کرنے کی جو کوششیں تنظیموں' اداروں اور شخصیات کی طرف سے کی جارہی ہیں، ان کوششوں کے کامیاب ہونے کے لئے ضروری ہے کہ معاشرہ کی خرابیوں کا جائزہ لیا جائے اور ان کے

[1] ......مشکوۃ شریف ص۲۴۲، باب الكسب و طلب الحلال ، كتاب البيوع۔

بنیادی اسباب کو تلاش کر کے ان اسباب کو دور کرنے کی کوشش کی جائے، اگر ہم اس کا اہتمام کریں تو امید ہے کہ جن خرابیوں سے ہمارا معاشرہ دوچار ہے اس سے ہم آسانی کے ساتھ نجات پاسکیں۔اور اگر ہم ان بنیادی اسباب کو تلاش کئے بغیر ظاہری تدبیریں کرتے رہیں گے تو ایسی تدبیریں کارگر اور کارآمد نہیں ہوسکتیں۔

معاشرہ کی خرابیوں کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب یہ ہے کہ ہمارے یہاں حرام سے بچنے کا اہتمام نہیں۔حرام ایک ایسی خطرناک چیز ہے جو دین کی جڑوں کو کھوکھلا کر دیتی ہے۔آدمی اگر اپنے آپ کو حرام سے نہ بچائے تو ظاہری طور پر دین کے اعمال کی بجا آوری کا کتنا ہی اہتمام کیوں نہ کرتا ہو ان اعمال سے جو ثمرات پیدا ہونے چاہئے وہ پیدا نہیں ہوں گے، اور وہ ایسا ہی ہوگا جیسے وہ بیمار جو لاکھوں پاؤنڈ کی دوا کرتا رہے، لیکن جن چیزوں سے بچنا چاہئے ان سے پرہیز نہیں کرتا تو اس کی یہ قیمتی سے قیمتی دوائیں کبھی بھی اس کے لئے مفید نہیں ہوسکتیں۔اس کے برخلاف اگر وہ ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچائے جن سے پرہیز ضروری ہیں تو مختصر سی دوا اس کو اس بیماری سے شفا دینے میں مفید ہوسکتی ہے۔

جن چیزوں سے ہمارے معاشرہ کو پاک کرنا ضروری ہے اس میں سے ایک یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو حرام لقمہ سے بچائیں، حرام غذا سے بچانے کا اہتمام کریں۔

آپ ﷺ کی حرام سے بچنے کی دعا

نبی کریم ﷺ نے جو تعلیمات امت کو مرحمت فرمائی ہیں ان میں حرام سے بچنے پر بڑا زور دیا گیا۔آپ نے عملی طور بھی اس کا اہتمام کیا اور اپنے ارشادات سے بھی امت کو متوجہ فرمایا اور اپنی دعاؤں میں اس کا اہتمام فرمایا، چنانچہ میں نے ابھی خطبہ میں آپ ﷺ کی دعا کے چند کلمات نقل کئے، جن میں یہ ہے کہ:" اللھم جنبنا الحرام حیث کان واین کان

وعند من کان " اے اللہ! تو ہم کوحرام سے بچالے جونسا بھی ہو، جہاں کہیں ہو، جس آدمی کے پاس ہو،" وحل بیننا وبین اھله "اور جولوگ حرام لئے ہوئے ہیں ان کے درمیان اور ہمارے درمیان تو آڑ بن جاتا کہ وہ ہم تک نہ پہونچ سکے" واقبض عنا ایدیھم واصرف عنا قلوبھم" اوران کے ہاتھوں کوہم تک پہونچنے سے روک دے،" واصرف عنا قلوبھم" اوران کے دلوں کو ہماری طرف مائل ہونے سے پھیر دے تاکہ وہ ہم کوحرام میں مبتلا کرنے کا ذریعہ نہ بنے۔[۱]

کتنا زیادہ نبی کریم ﷺ نے حرام سے بچنے کے معاملہ میں دعا کا اہتمام فرمایا۔

رزق حلال کے طلب کی دعا

دوسری طرف" اللھم انی اسئلک علما نافعا ورزقا حلالا واسعا طیبا "اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں نفع دینے والے علم اور پاکیزہ اور حلال روزی کا۔[۲]

یعنی حلال روزی کے سوال کا بھی اہتمام اور حرام سے بچنے کا بھی۔

آپ ﷺ کی دعائیں آپ ﷺ کی تعلیمات کا خلاصہ ہیں

یہ تو آپ ﷺ کی دعاؤں کا حال ہے۔ایک بات یاد رہے کہ آپ ﷺ نے اپنی دعاؤں کے ذریعہ بھی امت کو بہت کچھ ہدایتیں عطا فرمائیں۔حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمہ اللہ نے "فیض الباری" میں حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کا ایک

---

[۱]......الحزب الاعظم (وردجمعہ) القول البدیع ص ۹۸۔

[۲]......عن ام سلمة ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان یقول فی دبر الفجر : اللھم انی اسئلک علما نافعا ورزقا طیبا۔(مسند احمد ص ۲۹۴ ج ۶)

عن ام سلمة تقول ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان یقول اذا صلی الصبح حین سلم: اللھم انی اسئلک علما نافعا ورزقا واسعا وعملا متقبلا۔(ابن ماجہ ص ۶۶، باب ما یقال بعد التسلیم)

مقولہ نقل فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا ہے کہ: آپ ﷺ کی دعائیں آپ کی تعلیمات کا خلاصہ اور روح ہیں۔ [1] آپ ﷺ کی دعاؤں میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ اپنی دعا سے امت کی رہنمائی فرمارہے ہیں۔

رمضان کے لئے رجب سے دعا کرائی

ایک مثال سے اس کو سمجھئے! مثلا رمضان کا مہینہ آنے والا ہے، اور رمضان کے اہتمام کی شریعت نے بڑی تاکید فرمائی، اور اس کے لئے رجب سے اہتمام کرایا جارہا ہے کہ آدمی جب رجب کا چاند دیکھے تو یہ دعا کرے کہ:

"اللهم بارک لنا فی رجب و شعبان وبلغنا الی رمضان"۔[2]

اے اللہ! ہماری عمروں میں رجب اور شعبان کے مہینوں میں برکت عطا فرما کہ اب جبکہ رمضان جیسا بابرکت مہینہ زیادہ دور نہیں تو کہیں ایسا نہ ہو کہ رمضان کے آنے سے پہلے میں رخصت ہو جاؤں اور اس کی برکتوں سے محروم ہو جاؤں، اس لئے یہ دعا کرائی گئی، گویا امت کو اس دعا سے ذہنی طور پر تیار کیا جارہا ہے کہ رمضان کی برکتوں سے محروم نہ رہے، جیسا کہ چھٹیوں سے پہلے پروگرام بن جاتا ہے کہ ان کو کیسے وصول کیا جائے، تو یہاں رمضان کو وصول کرنے کے لئے دو مہینہ پہلے ہی اس کا اہتمام کرایا گیا۔

بستی میں داخل ہونے کی دعا میں فرق کی حکمت

یا مثلا آپ کسی بستی میں جائے تو یہ دعا سکھلائی گئی:

"اللهم حبِّبنا الی اهلها وحبِّب صالح اهلها الینا"۔

---

[1] ......فیض الباری ص۱۵۴ ج ۴۔

[2] ......اذکار ص۱۶۱ بسند ضعیف۔ الدعاء المسنون ص۴۳۳۔

اے اللہ! آپ ہماری محبت اس بستی والوں کے دلوں میں ڈالدیں اوراس بستی کے نیک لوگوں کی محبت ہمارے دلوں میں ڈالدیں۔ [۱]

بستی والوں کے دل میں محبت ڈالنے کی بات آئی تو فرق نہیں کیا گیااور یہ کہا گیا کہ بستی کے اچھے برے تمام لوگوں کے دلوں میں ہماری محبت ڈالدے، کہیں ایسا نہ ہو کہ بستی کے برے لوگوں سے ہمیں کوئی نقصان پہنچ جائے۔

دوسری طرف یہ سکھلایا کہ اس بستی کے نیک لوگوں کی محبت ہمارے دلوں میں ڈالدیں اس لئے کہ اگر ہمارے دل میں برے لوگوں کی محبت آ گئی تو یہ ہمارے لئے دین کے اعتبار سے بربادی کا ذریعہ ہے۔اس دعا میں آپ ﷺ نے امت کو یہ تعلیم دی کہ آپ جس بستی میں جارہے ہیں وہاں آپ کو کیسے لوگوں سے رابطہ قائم کرنا ہے؟ نیک لوگوں سے کرنا ہے بروں سے نہیں۔اسی لئے اسلاف کے ہاں اس بات کا اہتمام تھا کہ جب کسی نئی بستی میں جایا کرتے تھے دعا کرتے تھے کہ:

''اللھم ارزقنی جلیسا صالحا'' ۔[۲]

کہ اے اللہ! اس بستی میں مجھے کوئی صالح ہمنشین عطا فرما۔تو آپ ﷺ دعا بھی فرمارہے ہیں اورامت کی ذہن سازی بھی فرمارہے ہیں۔

حرام کے معاملہ میں بھی آپ ﷺ نے جو دعائیں امت کوسکھلائیں، ان کے ذریعہ آپ ﷺ ایک ذہن بنارہے ہیں۔جیسے کوئی اپنے لئے نیک اولاد کی دعا کراتا ہے تو اس

---

[۱]......اذکار ص ۵۴۵۔نزل الابرار ص ۳۳۶۔ابن سنی ص ۵۲۷۔الدعاء المسنون ص ۳۶۴۔

[۲]......عن علقمة : انه قدم الشام ، فدخل مسجد دمشق ، فصلی فیه رکعتین ، وقال : اللهم ارزقنی جلیسا صالحا ، الخ۔وفی روایة : اللهم یسّر لی جلیسا صالحا۔

(مسند احمد ص ۴۴۹ ج ۶۔بخاری ص ۵۲۹ ج ۱، باب مناقب عمار و حذیفة ، کتاب المناقب ، رقم الحدیث:۳۷۴۲)

کے لئے شریعت میں تربیت کا اہتمام بھی تو کرایا گیا۔

فضائل کی کتاب پرعمل کا اہتمام کم ہے

دعا کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی اہتمام کرایا گیا۔فضائل کی کتاب آپ سنتے رہتے ہیں۔ میں کہا کرتا ہوں کہ جتنے اہتمام سے اس کو پڑھوایا اور سنوایا جاتا ہے اتنے اہتمام سے اس کی طرف توجہ نہیں کی جاتی۔ سننے والے مراقبہ میں سن رہے ہیں اور جو پڑھا جارہا ہے وہ سروں پر سے گذر رہا ہے۔

آپ ﷺ کا صدقہ کی کھجور کھانے کے شبہ پر رات بھر جاگنا

''حکایات صحابہ'' میں آپ ﷺ کا عمل نقل کیا گیا ہے کہ:

''ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ تمام رات جاگتے رہے اور کروٹیں بدلتے رہے۔ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے کسی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آج نیند نہیں آتی؟ ارشاد فرمایا: ایک کھجور پڑی ہوئی تھی میں نے اٹھا کر کھالی تھی کہ ضائع نہ ہو۔اب مجھے یہ فکر ہے کہ کہیں وہ صدقہ کی نہ ہو''۔[۱]

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نبیوں پر صدقہ حرام کیا ہے، حالانکہ آپ ﷺ کے مکان میں تھی، آپ کی ملکیت ہی ہوگی، اس لئے کھالیا، لیکن اس تصور سے کہ صدقہ کی ہوئی تو۔اس تصور نے آپ ﷺ کی نیند اڑادی۔اس واقعہ کو نقل فرماکر فائدہ میں حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ:

''یہ تو آقا ﷺ کا حال ہے کہ محض شبہ پر رات بھر کروٹیں بدلیں اور نیند نہیں آئی۔اب غلاموں کا حال دیکھو کہ رشوت، سود، چوری، ڈاکہ ہر قسم کا ناجائز مال کس سرخروئی سے کھاتے

[۱] ......حکایات صحابہ ص ۷۰، باب چہارم۔حیاۃ الصحابہ عربی ص ٦۱۰ ج ۲۔اردو ۹۳۹ ج ۲۔

ہیں، اور ناز سے اپنے کو غلامان محمد (ﷺ) میں شمار کرتے ہیں'' ۔[۱]

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے صدقہ کی کھجور کھانے پر آپ ﷺ کی تنبیہ

ایک مرتبہ آپ ﷺ کے نواسے حضرت حسن رضی اللہ عنہ - بڑے محبوب - جن کے متعلق مروی ہے کہ ایک مرتبہ آپ ﷺ بازار سے تشریف لائے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو اٹھالیا اور یہ دعا فرمائی: اللهم انی اُحِبُّهُ فَاَحِبَّه و اَحِبَّ من يُحِبُّه'' ۔[۲]

اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو آپ ان سے محبت کرنا اور جوان سے محبت کرے اس سے بھی محبت کیجئے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب سے میں نے آپ ﷺ کی زبان سے یہ دعا سنی تب سے ان سے محبت رکھتا ہوں ۔[۳]

اور بھی واقعات ان سے محبت کے کتب حدیث میں موجود ہیں ۔[۴]

تو بہر حال وہ ایک مرتبہ آپ ﷺ: کے ساتھ تھے اور انہوں نے ایک صدقہ کی کھجور کا دانہ اٹھا کر منھ میں رکھ لیا، آپ ﷺ کی بے خبری میں، آپ ﷺ نے دیکھا کہ ان کے منہ میں کھجور ہے اور رال ٹپک رہی ہے، اور وہیں صدقہ کی کھجوریں پڑی تھیں، اس لئے آپ ﷺ نے ان کے منہ میں انگلیاں ڈال کر دانہ نکال لیا اور فرمایا:

''اما شَعَرْتَ انا لا نأكل الصدقة''

---

[۱]......حکایات صحابہ ص ۷۱، باب چہارم۔

[۲]......متفق علیہ، مشکوۃ ص ۵۶۹، باب مناقب اهل البيت۔

[۳]......قال ابو هريرة : فما كان احد احب الىّ من الحسن بن على بعد ما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما قال ۔(بخاری ص ۸۷۴ ج ۲، باب السخاب للصبيان)

[۴]......دیکھئے! مشکوۃ، باب مناقب اهل البيت۔

تمہیں معلوم نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے۔[۱]

اس واقعہ میں تربیت کے متعلق بھی ہمارے لئے سبق ہے، اگر ہم ہوتے تو کہتے کہ یہ چھوٹا بچہ ہے، حلال حرام کیا جانے؟ ٹھیک ہے، لیکن آپ کے اس عمل کی اتباع میں نکالی جانے والی بات کا اہتمام کرنا چاہئے، یہ جملہ تو بول دے، اگر چہ اس جملہ کو یہ ابھی نہیں سمجھتا مگر جب یہ بڑا ہوگا تو ایک وقت آئے گا کہ یہ کہے گا کہ میرے بچپن کے زمانہ میں مجھ سے ایسا ہوا تھا تو میرے بڑوں نے وہ چیز نکال لی تھی اور یہ جملہ کہا تھا۔ وہ جملہ اس کے ذہن میں محفوظ ہو جائے گا گرچہ آج وہ اس جملہ کو سمجھنے کے قابل نہیں ہے۔ اور یہ تعلیم اس کے دل پر نقش ہو جائے گی، مگر ہم ایسے مواقع کو چھوڑ دیتے ہیں، بچوں کو ایسے مناسب موقع پر ہمیں تعلیم دینی چاہئے، یہ آپ ﷺ کے عمل سے معلوم ہوا۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا حرام کا ایک لقمہ کھانے پر قے کرنا

آپ ﷺ کے بعد صحابہ کرام کے یہاں بھی حرام لقمہ سے بچنے کا بڑا اہتمام تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایک غلام تھا، ان کو خراج پر اٹھا رکھا تھا۔ خراج پر اٹھانے کا مطلب یہ ہے کہ آقا اپنے غلام سے جو کوئی پیشہ جانتا ہو یہ کہہ دے کہ اپنی کمائی سے اتنا ہمیں دینا، اسے خراج کہا جاتا ہے۔ وہ غلام ایک مرتبہ کھانا لایا اور آپ کا کئی وقت سے فاقہ تھا، فوراً ایک لقمہ منہ میں رکھا اور گلے سے نیچے اتر گیا۔ غلام نے عرض کیا حضرت! آپ تو روزانہ پوچھتے ہیں کہ یہ کھانا کہاں سے لایا؟ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اپنے ماتحت کمائی کرنے والوں کی نگرانی رکھنی چاہئے۔ تو غلام کے پوچھنے پر فرمایا کہ: آج بھوک کا تقاضا زیادہ تھا، اس لئے نہ پوچھ سکا، تو ہی بتا دے۔ اس نے کہا: زمانۂ جاہلیت میں، میں نے

[۱]...... متفق علیہ، مشکوٰۃ ص ۱۶۱، باب من لا تحل لہٗ الصدقۃ، کتاب الزکوٰۃ۔

کہانت کی تھی اور میں کہانت جانتا بھی نہیں تھا، ۱؎ ''کریلا اور نیم چڑھا'' جیسے والی بات ہوگئی۔اور انہوں نے اس وقت کوئی معاوضہ نہیں دیا تھا، آئندہ دینے کا وعدہ کیا تھا۔آج میرا وہاں سے گذر ہوا اور ایک تقریب تھی، کھانا پکا تھا اسی میں سے مجھے بطور معاوضہ یہ کھانا دے دیا۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو تو مجھے مار ہی ڈالتا۔ ۲؎ پھر آپ نے حلق میں انگلی ڈالی کہ قے ہوجائے ،لیکن ایک لقمہ اور وہ بھی کئی وقت کے فاقہ کے بعد ملا تھا بھلا کیسے نکلتا؟ لوگوں نے کہا حضرت ایسے نہیں نکلے گا، آپ پانی پیجئے ہوسکتا ہے کہ پانی کے ساتھ وہ لقمہ نکل جائے۔ بڑا پیالہ پانی کا بھرا ہوا منگوایا، پیتے رہے اور انگلی ڈال کر قے کرنے کی کوشش کرتے رہے، بڑی مشکل سے وہ لقمہ باہر آیا۔کسی نے عرض کیا کہ حضرت !ایک لقمہ کے لئے آپ نے بڑی تکلیف اٹھائی۔اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو جواب دیا وہ ہمارے لئے عبرت کے قابل ہے۔فرمایا: اگر یہ لقمہ میری جان کے ساتھ نکلتا تو بھی میں اس کو نکال کر رہتا ۳؎ یعنی اس کو نکالنے میں میری جان چلی جاتی تو بھی میں نکالتا، جب کہ میں نے آپ ﷺ کا یہ ارشاد سن رکھا ہے کہ: بدن کا جو حصہ حرام مال سے پرورش پاوے اس کے لئے جہنم زیادہ حق دار ہے۔ مجھے یہ ڈر ہوا کہ میرے جسم کا کوئی حصہ اس لقمہ سے پرورش نہ پاوے۔کتنا اہتمام؟

۱؎......کہانت کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ ہونے والا معاملات کے مطابق کوئی بات بتلادی جائے۔

۲؎......قال : ان کدت ان تھلکنی ، وفی الکنز : اف لک کدت ان تھلکنی۔(حیاۃ الصحابہ ص۶۱۲ ج ۲)

۳؎......قال: لو لم تخرج الا مع نفسی لأخرجتھا۔(حیاۃ الصحابہ عربی ص۶۱۲ ج ۲)

حکایات صحابہ ص ۷۰، باب چہارم ۔حیاۃ الصحابہ عربی ص ۶۱۰ ج ۲۔اردو ص ۹۴۱ ج ۲۔ بخاری شریف میں یہ قصہ اختصار کے ساتھ آیا ہے۔

(مشکوۃ ص۲۴۲، باب الکسب وطلب الحلال ، کتاب البیوع)

حرام سے پلنے والا گوشت جہنم کا زیادہ مستحق ہے

حدیث میں آتا ہے ’’مشکوۃ شریف‘‘ کی روایت ہے۔آپ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: لا یدخل الجنة لحم نبت من السحت ، وکل لحم نبت من السحت کانت النار اولی به۔[1]

آپ ﷺ نے فرمایا: جو گوشت حرام سے پرورش پا کر تیار ہوا ہو وہ جنت میں نہیں جائے گا،اور ہر وہ گوشت جو حرام سے پل کر تیار ہوا جہنم اس کی زیادہ حق دار ہے۔

حرام سے پلنے والا جسم جنت میں نہیں جائے گا

ایک اور روایت میں ہے:

((لا یدخل الجنة جسد غذی بالحرام))۔[2]

جو جسم حرام سے پل کر تیار ہوا' وہ جنت میں نہیں جائے گا۔

یہ ارشاد ہم بھی سنتے ہیں ،لیکن اس کو اتنی سنجیدگی سے کبھی لیا جتنی سنجیدگی سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کا اثر لیا۔ہم میں اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم میں یہی فرق ہے کہ ان کے سامنے آپ ﷺ کا ایک ارشاد آ گیا ،زندگی بھر کے لئے اس سے ادھر ادھر نہیں ہوتے۔ یہ ان حضرات کے ایمان کی بات تھی۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مشتری کو عیب نہ بتانے پر بیس ہزار درہم صدقہ کرنا

حضرات صحابہ کے بعد دیگر ہمارے اسلاف کا بھی یہی حال تھا۔حضرت امام ابوحنیفہ

---

[1]......رواہ احمد والدارمی والبیھقی فی شعب الایمان ۔مشکوۃ ص۲۴۲، باب الکسب وطلب الحلال ، کتاب البیوع۔

[2]......مشکوۃ ص۲۴۳، باب الکسب وطلب الحلال ، کتاب البیوع۔

رحمہ اللہ تاجر تھے اور شرکت پر معاملہ فرمایا کرتے تھے۔ حفص بن عبد الرحمٰن کے حوالے یہ کہہ کر کپڑے کا تھان کیا کہ اس میں فلاں عیب ہے اس عیب کو بتلا کر فروخت کر دینا۔ اب وہ کپڑے کے تھان فروخت ہوگئے اور امام صاحب رحمہ اللہ کے پاس حساب دینے کے لئے آئے تو آپ نے پوچھا کہ وہ عیب بتلایا تھا؟ ہم ہوتے تو یہ کہہ دیتے میں نے تو عیب ظاہر کرنے کو کہہ دیا تھا، اب پوچھنے کی کیا ضرورت ہے؟ مگر آپ نے سوال کیا، عیب بتلایا تھا؟ انہوں نے کہا میں تو بتانا بھول گیا، انہوں نے جان بوجھ کر غفلت نہیں برتی تھی، اتفاق سے بھول گئے۔ امام صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ کیا ہوا؟ کس نے خریدا؟ تلاش کے باوجود خریدار کا پتا نہ چلا۔ تو آپ نے جو اس سودے میں بیس ہزار درہم آئے تھے، صرف نفع نہیں اصل رأس المال بھی وہ سارا صدقہ کر دیا، اس میں سے ایک پائی بھی رکھنا گوارہ نہیں فرمایا، اور مزید برآں حفص بن عبد الرحمٰن کے ساتھ شرکت بھی ختم کر دی۔[۱]

امام ابوحنیفہ نے سات سال تک شبہ کی وجہ سے بکری کا گوشت نہیں کھایا

ان ہی کا ایک واقعہ ہے کہ کوفہ میں ایک مرتبہ لوٹ کا مال فروخت ہوا، جن میں کچھ بکریاں بھی تھیں۔ بائع ومشتری کا پتہ نہیں، البتہ لوگوں میں اس کا چرچہ ہوا کہ اس طرح بکریاں فروخت ہوئی ہیں۔ امام صاحب رحمہ اللہ نے ماہرین سے پوچھا کہ بکری کی عمر کیا ہوا کرتی ہے؟ بتایا گیا سات سال۔ تو آپ نے سات سال تک بکری کا گوشت نہیں کھایا۔[۲]

[۱]......البصائر فی تذکیر العشائر ص۶۸۳ ج۱۔ تذکرہ ائمۂ اربعہ ص۶۴۔

تذکرہ ائمۂ اربعہ میں مولانا اسلام الحق صاحب مظاہری لکھتے ہیں:

تیس ہزار درہم صدقہ کئے، اس وقت (۹۵ھ میں) اس کی قیمت ڈیڑھ لاکھ روپے ہوتے ہیں۔

[۲]......حضرت مولانا عبد الحئی صاحب کفلیتوی رحمہ اللہ اس واقعہ کو مزید اس طرح نقل کرتے ہیں کہ:

اور انہیں سات سال جس میں آپ نے (گوشت کھانا چھوڑ دیا تھا) ایک سپاہی کو دیکھا کہ اس نے

یہ ہے ان حضرات کا تقوی اور حرام سے بچنے کا اہتمام۔

حلال اور پاکیزہ کھانے کا حکم

آپ ﷺ کے مختلف ارشادات اس بارے میں احادیث میں آئے ہیں۔ایک حدیث میں ہے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((ان الله طيب لا يقبل الا طيبا وان الله امر المؤمنين بما امر به المرسلين ،

فقال: ﴿يايها الرسل كلوا من الطيبات واعملوا صالحا﴾ ۔[1]

وقال تعالى: ﴿يايها الذين آمنوا كلوا من طيبات مارزقنكم﴾ ۔[2]

ثم ذكر الرجل يطيل السفر، اشعث اغبر يمدّ يديه الى السماء يا رب يا رب، ومطعمه حرام، ومشربه حرام، وملبسه حرام، وغذى بالحرام، فانى يستجاب لذلك ۔[3]

آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ: اللہ تعالی پاک ہیں اور پاک چیزوں ہی کو پسند فرماتے ہیں،اور اللہ تعالی نے ایمان والوں کو بھی وہی حکم دیا جس کا رسولوں کو حکم دیا تھا کہ: اے رسولو! حلال کھاؤ اور نیک اعمال کرو۔

حلال کی خاصیت ہے نیک عمل کا اس سے وجود میں آنا۔جیسے آپ ایسی غذا استعمال

گوشت کھایا اور بچا ہوا کوفہ کی نہر میں پھینک دیا (جس کو مچھلیاں کھا گئیں) تو امام صاحب نے لوگوں سے مچھلی کی عمر معلوم کی،اور جب معلوم ہوا کہ اس کی عمر اتنی ہوا کرتی ہے تو اتنی مدت تک مچھلی کا کھانا بھی متروک رکھا۔(البصائر فی تذکیر العشائر ص ۶۸۳ ج ۱)

[1]......سورۂ مؤمنون،آیت نمبر:۵۱۔

[2]......سورۂ بقرہ،آیت نمبر:۱۷۲۔

[3]...... مسلم،مشکوۃ ۔ص ۲۴۱، باب الكسب وطلب الحلال ،کتاب البیوع۔

کریں جن کو اطباء ہر اعتبار سے مفید اور کارآمد بتائیں اور کسی حیثیت سے اس میں ضرر کا پہلو نہ ہو تو اس کے کھانے سے جسم میں قوت آئے گی۔ اسی طرح روحانی اعتبار سے درست غذا حلال رزق ہے، اس کو جب استعمال کرے گا، اس سے اعمال صالح وجود میں آئیں گے، پھر فرمایا: اے ایمان والو! ہم نے جو تم کو رزق دیا ہے اس میں حلال کھاؤ! پہلی آیت میں رسولوں کو حکم دیا گیا ہے اور دوسری آیت میں مؤمنین کو۔

حرام کی وجہ سے دعا کا قبول نہ ہونا

راوی کہتے ہیں کہ: پھر آپ ﷺ نے ایک آدمی کا تذکرہ کیا جو اللہ کے راستے کا لمبا سفر کرتا ہے۔ حج، عمرہ، جہاد، طلب علم، تبلیغ اور کسی نیک کام کے لئے۔ سب پر اللہ کے راستہ کا اطلاق ہوتا ہے۔ اللہ کا راستہ کسی ایک چیز کے لئے خاص نہیں ہے۔ اس لمبے سفر میں اس کے کپڑے میلے کچیلے، بال پراگندہ۔ ویسے بھی سفر میں آدمی کی دعا قبولیت کے زیادہ قریب ہوتی ہے [۱] اور پھر یہ حال پراگندہ، اللہ کے راستہ کا سفر، تین جہتیں دعا کی قبولیت کی جمع

[۱]......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تین آدمی کی دعا قبول کی جاتی ہیں: روزہ دار کی دعا، مسافر کی دعا، مظلوم کی دعا۔ (الدعاء المسنون ص ۵۴)

((ثلاث حق على الله ان لا يرد لهم دعوة : الصائم حتى يفطر ، والمظلوم حتى ينتصر ، والمسافر حتى يرجع))۔

((ثلاث دعوات مستجابات : دعوة الصائم ، ودعوة المظلوم ، ودعوة المسافر))۔

((ثلاث دعوات يستجاب لهن لا شك فيهن : دعوة المظلوم ، و دعوة المسافر ، و دعوة الوالد على ولده))۔

((ثلاث دعوات مستجابات لا شك فيهن : دعوة الوالد على ولده ، ودعوة المسافر ، ودعوة المظلوم))۔

((ثلاث دعوات لا ترد : دعوة الوالد لولده ، دعوة الصائم ، ودعوة المسافر))۔

(فيض القدير ص۳۹۶، ۳۹۷، ۳۹۸۔ رقم الحديث: ۳۴۵۲/۳۴۵۳/۳۴۵۴/۳۴۵۵/۳۴۵۶)

ہوگئیں۔اور وہ اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف پھیلا کر کہتا ہے: اے میرے رب! اے میرے رب! اوراس کا کھانا حرام،اس کا پینا حرام،اس کا لباس حرام،اس کا جسم حرام سے پرورش پایا،اس کی دعا کیسے قبول ہوسکتی ہے؟غور کرنے کا مقام ہے کہ اتنی ساری باتیں قبولیت دعا کی جمع ہیں،مگرحرام کی وجہ سے اس کی دعا قبول نہیں ہوتی۔

دعا کی قبولیت میں حرام بہت بڑا مانع ہے۔آپ نے ’’فضائل رمضان‘‘ میں وہ قصہ پڑھا ہوگا:

حجاج کا مستجاب الدعا لوگوں کوحرام لقمہ کھلا کر بددعا سے مطمئن ہوجانا

’’کوفہ میں مستجاب الدعا لوگوں کی ایک جماعت تھی، جب کوئی ظالم حاکم ان پر مسلط ہوتا،اس کے لئے بددعا کرتے ،وہ ہلاک ہوجاتا۔حجاج ظالم کا جب وہاں تسلط ہوا تو اس نے ایک دعوت کی جس میں ان حضرات کو خاص طور سے شریک کیا،اور جب کھانے سے فارغ ہو چکے تو اس نے کہا کہ: میں ان لوگوں کی بددعا سے محفوظ ہوگیا کہ حرام کی روزی ان کے پیٹ میں داخل ہوگئی۔[۱]

مستجاب الدعا بننے کی درخواست پر حرام سے بچنے کی تاکید

دعا کی قبولیت کے لئے ضروری ہے کہ آدمی حلال رزق کا اہتمام کرے۔حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں،انہوں نے آپ ﷺ سے درخواست کی کہ یارسول اللہ! دعا کیجئے کہ اللہ تعالی مجھے مستجاب الدعا بنائے۔

آپ ﷺ نے دعا فرمائی،لیکن تاکید فرمائی کہ اپنا لقمہ حلال کا رکھنا،حرام سے بچنا۔[۲]

---

[۱]......فضائل رمضان ص:۵۳۸،فصل اول،تحت حدیث نمبر:۶۔

[۲]......اطب طعمک تستجب دعوتک۔(احیاء العلوم (اردو) ص۱۵۶ ج۲)

اور صرف دعا ہی نہیں، عبادات کی قبولیت بھی اس پر موقوف ۔ایک ہے عبادت کا صحیح ادا ہو جانا، جیسے آپ نماز پڑھیں تمام شرائط، واجبات، سنن، مستحبات کا لحاظ کر کے، پھر کسی مفتی سے پوچھیں، وہ فتوی دے گا تمہاری نماز صحیح ہوگئی، لیکن اس کا اللہ تعالی کی بارگاہ میں قبول ہونا اوراس پر ثواب کا ملنا یہ موقوف ہے حلال روزی پر۔

دس فیصد حرام کی وجہ سے عمل کا قبول نہ ہونا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک آدمی نے کوئی کپڑا خریدا، دس درہم میں اس میں سے نو درہم حلال کے اور ایک درہم حرام کا۔نوے فیصد حلال اور دس فیصد حرام، آپ ﷺ فرماتے ہیں: جب تک وہ کپڑا اس کے جسم پر موجود ہے اس کی کوئی عبادت قبول نہیں ہوگی ۔اس روایت کو نقل فرمانے کے بعد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی دونوں انگلیاں کان میں ڈال لیں اور فرمایا:

" صمتا ان لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم سمعتہ یقولہ " [۱]

یعنی اگر آپ ﷺ کو یہ جملہ ارشاد فرماتے ہوئے میں نے نہ سنا ہو تو میرے یہ دونوں کان بہرے ہو جائیں۔کتنی تاکید ؟

آپ ﷺ کی پیشینگوئی کہ حرام کی پرواہ نہیں کی جائے گی

آج ہم نے اپنی ضرورت کو بڑھادیا، اپنی حیثیت سے زیادہ کردیا، اب اگر وہ حلال

---

[۱]......عن ابن عمر قال : من اشتری ثوبا بعشرۃ دراھم فیہ درھم حرام ، لم یقبل اللہ تعالی لہ صلوۃ ما دام علیہ ، ثم ادخل اصبعیہ فی اذنیہ وقال : صمتا ان لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم سمعتہ یقولہ۔(رواہ احمد والبیھقی فی شعب الایمان)

(مشکوۃ ص۲۴۳، باب الکسب وطلب الحلال ، کتاب البیوع)

سے پوری نہیں ہوتی تو کوشش کی جاتی ہے کہ کسی طرح پوری کی جائے چاہے حرام ہی سے ہو۔اور یہ بھی آپ ﷺ کی پیشینگوئی ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا:

((یأتی علی الناس زمان لایبالی المرء ما اخذ منه أمن الحلال ام من الحرام))۔[1]

ایک زمانہ لوگوں پر آئے گا کہ آدمی اس کی پرواہ نہیں کرے گا کہ اس نے مال حرام سے حاصل کیا یا حرام سے؟ [2]

آخر ہمارے اسلاف کے یہاں اس کا اتنا زیادہ اہتمام کیوں کیا جاتا تھا؟ اس لئے کہ یہ تو بنیاد ہے۔روزے کے متعلق ''فضائل رمضان'' میں ہے کہ افطار کے لئے حلال روزی ہونی چاہئے۔[3]

حرام مال سے صدقہ کرنا ایسا ہے جیسے پیشاب سے ناپاک کپڑے کو پاک کرنا

ہم نے تو یہ سمجھ رکھا ہے کہ دو چار آدمیوں کا مال ہڑپ کرلو اور اس میں سے کچھ مسجد اور مدرسہ یا کسی کارخیر میں دے دو، وہ تلافی ہو جائے گی۔حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: جو آدمی حرام مال سے صدقہ کرتا ہے وہ ایسا ہے جیسے ناپاک کپڑے کو پیشاب سے پاک کرنا چاہے۔

---

[1]...... بخاری، مشکوۃ ص ۲۴۱، باب الکسب وطلب الحلال ، کتاب البیوع۔

[2]...... کسی نے صحیح کا ہے۔

ہر چہ آمد بدہانِ شاں خورند وآنچہ آمد بزبانِ شاں گفتند

یعنی جو بھی آئے (حرام وحلال) منہ سے کھالو اور جی میں آئے (جائز وناجائز) زبان سے کہدو۔

[3]...... فضائل رمضان ص ۵۴۱، فصل اول، تحت حدیث نمبر: ۸۔

''ترمذی شریف'' کی پہلی ہی روایت میں ہے:

((لایقبل الله صلوة بغیر طهور ، ولا صدقة من غلول))۔[۱]

حرام مال سے صدقہ کیا جائے تو اللہ تعالی قبول نہیں فرماتے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، فرماتے ہیں کہ: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی حرام مال سے صدقہ کرے تو قبول نہیں، خرچ کرے تو اس میں برکت نہیں اور جو پیچھے چھوڑ جائے تو وہ مال اس کے لئے جہنم کا توشہ بن جاتا ہے۔[۲]

آج کے مسلمان کی سوچ مشرکین مکہ سے بھی بدل گئی

آج کا مسلمان وہ حقیقت بھی نہیں سمجھتا جو زمانۂ جاہلیت کے وہ بگڑے ہوئے لوگ سمجھتے تھے۔ آپ ﷺ کے دور شباب میں جب بیت اللہ شریف کی دوبارہ تعمیر کی نوبت آئی تو مشرکین مکہ کی جنرل میٹنگ ہوئی، اس میں یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ اللہ کا گھر تعمیر کرنا ہے اور ہماری پوری کمائی تو حلال نہیں ہے، اس لئے سب نے یہ طے کیا کہ حلال رقم جس جس کے پاس جتنی ہوں وہ جمع کریں، چنانچہ جمع کی تو وہ اتنی نہ ہوسکی جس سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد پر بیت اللہ کی تعمیر ہوسکے، تو یہ طے ہوا کہ ایک طرف کا حصہ کم کردیا جائے، ہم اتنے ہی کہ مکلّف ہیں۔[۳]

---

[۱]......ترمذی ص۲ ج۱، ابواب الطهارة۔

[۲]......عن عبد الله بن مسعود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : لا يكسب عبد مال حرام فيتصدق منه ولا ينفق منه فيبارک له فيه ولا يتركه خلف ظهره الا كان زاده الى النار۔
(مشکوۃ ص۲۴۲، باب الكسب وطلب الحلال ، كتاب البيوع)

[۳]......تاریخ مکۃ المکرّمہ ص۷۶ ج۲۔

حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

مسجد اور مدرسہ کے منتظمین بھی اس کو غور سے سنیں۔ہم لوگ تعمیر میں اس بات کا تو خیال کرتے ہیں کہ پختہ ہو، ماربل بھی ہو، کارپٹ بہترین ہو، چاہے مال کہیں سے آئے۔حرام مال آئے تو ہرگز قبول نہ کیجئے، جائز نہیں مسجد میں حرام مال لگانا۔وہاں وہ نقشہ تھا جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالی نے بتلایا تھا۔

﴿واذ یرفع ابراهیم القواعد من البیت﴾ ۔[۱]

حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ کی بنیادوں کو اٹھا رہے تھے۔مفسرین نے لکھا ہے وہ بنیادیں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر بتلائی تھیں، آج جب مشرکین مکہ اس کو دوبارہ بنانے کے لئے اٹھے ہیں تو اس نقشہ کے مطابق بنانے کے لئے حلال مال نہیں تھا تو کم کردیا۔حطیم کا حصہ نو ہاتھ کے مقدار۔

اور ہم مفتیوں سے لوگ پوچھتے ہیں مسجد کے بیت الخلاء یا فلاں جگہ میں سود کا مال لگ سکتا ہے؟ تو مشرکین مکہ جس حقیقت سے واقف تھے اس سے آج کا مسلمان اور ایمان کا دعوی کرنے والا چشم پوشی کر رہا ہے۔ہمارے لئے یہ عبرت کا مقام ہے۔اس حرام نے ہمیں ایسا بگاڑا کہ ہماری سوچ بھی بگڑ گئی۔معلوم ہوا حرام بڑی خطرناک چیز ہے، آدمی کے سوچنے کا انداز بگڑ جاتا ہے۔

''جب تمام رؤساء قریش اس پر متفق ہو گئے کہ بیت اللہ کو منہدم کر کے از سر نو بنایا جائے تو ابو وہب بن عمرو مخزومی (رسول اللہ ﷺ کے والد ماجد کے ماموں) کھڑے ہوئے اور قریش سے مخاطب ہو کر یہ کہا کہ: دیکھو بیت اللہ کی تعمیر میں جو کچھ بھی خرچ کیا جائے وہ کسب حلال ہو، زنا اور چوری اور سود وغیرہ کا کوئی پیسہ اس میں شامل نہ ہو، صرف حلال مال اس کی تعمیر میں لگایا جائے۔اللہ پاک ہے اور پاک ہی کو پسند کرتا ہے، اس کے گھر میں پاک ہی پیسہ لگاؤ''۔(سیرۃ المصطفی ﷺ ص ۱۱۶ ج ۱)

[۱]......سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۱۲۷۔

شبہ کا ایک درہم واپس کرنا چھ لاکھ درہم صدقہ کرنے سے بہتر ہے

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ بہت بڑے محدث گذرے ہیں، صوفی بھی ہیں' محدث بھی ہیں' فقیہ بھی ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ: شبہ کا ایک درہم واپس کرنا میرے نزدیک ایک لاکھ درہم صدقہ کرنے سے بہتر ہے، پھر فرماتے ہیں: دو لاکھ درہم صدقہ کرنے سے بہتر ہے، پھر تین چار پانچ چھ تک فرمایا۔ امام غزالی رحمہ اللہ نے ''احیاء العلوم'' میں ان کا یہ مقولہ نقل کیا ہے۔[۱]

یعنی جو مالک ہے اس کو واپس کرو یہ بڑے بڑے صدقے کسی کام کے نہیں۔ تو یہ حضرات شبہ والی رقم سے بچنے کا اس قدر اہتمام کرتے تھے۔

حلال وحرام لقمہ کا اثر لازمی ہے

اور یہ یاد رکھئے کہ حرام لقمہ اپنا اثر دکھاتا ہے۔ سہل بن عبداللہ تستری رحمہ اللہ بڑے بزرگوں میں سے ہیں، وہ فرماتے ہیں:

''من اكل الحرام عصت جوارحه علم أو يعلم شاء أو لم يشاء''۔

یعنی جو حرام کھائے گا اس کے اعضاء اللہ کی نافرمانی کریں گے وہ جانے یا نہ جانے، چاہے یا نہ چاہے۔ حرام بھول سے کھایا تو بھی جان کر کھایا تو بھی۔ بھئی زہریلا کھانا کوئی بھول کر کھائے یا جان کر زہر تو اپنا اثر کر کے رہے گا، پیٹ تو یہ نہیں دیکھتا کہ بیچارے نے بھول کر کھالیا ہے، وہ اپنا اثر دکھلاتا ہے۔ تو حرام لقمہ پیٹ میں جائے گا تو اثر دکھلائے گا۔ اور فرماتے ہیں:

''من اكل الحلال اطاعت جوارحه''۔[۲]

---

[۱] ......احیاء العلوم، اردو ص ۱۵۸ ج ۲۔ [۲] ......احیاء العلوم اردو ص ۱۵۸ ج ۲۔

اور جو حلال کھائے گا اس کے اعضاء اطاعت کریں گے۔

اور آپ ﷺ کا ارشاد حضرت امام غزالی رحمہ اللہ نے نقل کیا ہے کہ: جو آدمی چالیس دن تک حلال غذا کھائے گا:

’’اجری اللہ ینابیع الحکمۃ علی لسانہ من قلبہ‘‘۔[۱]

اللہ تعالیٰ حکمت کے چشمے اس کے دل سے اس کی زبان پر جاری کردیں گے۔

حرام کھانے کے بعد یہ امید رکھنا کہ نیکی کی توفیق ہوگی، محال ہے۔ دیکھو ہم جب کسی نیک صحبت میں بیٹھتے ہیں اور دین کی باتیں سنتے ہیں تو دل چاہتا ہے کہ فلاں نیک کام کرلیں مگر نہیں کر پاتے، اس کی ایک وجہ یہی ہے کہ حرام کا لقمہ پیٹ میں گیا وہ اپنا اثر دکھلاتا ہے کہ چاہنے کے باوجود توفیق نہیں ہوتی۔

حرام لقمہ کھانے کی وجہ سے دو مہینہ گناہ کا خیال آتے رہنا

حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمہ اللہ دارالعلوم دیوبند کے سب سے پہلے صدر مدرس، حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے استاذ۔ ان کی کسی نے دعوت کی، گئے اور کھانے بیٹھے لقمہ اٹھایا اور کھالیا، حلق سے نیچے اترا اور ان کو احساس ہوا کہ یہ مشتبہ ہے۔ مشتبہ اس کو کہتے ہیں جو خالص حلال نہ ہو، اس میں کچھ شبہ ہو حرام کا۔ تو کھانا چھوڑ دیا، مگر فرماتے ہیں: اس ایک لقمہ کی ظلمت کی وجہ سے دو مہینے تک یہ خیال آتا رہا کہ فلاں گناہ کرلوں، فلاں گناہ کرلوں! اس ایک لقمہ کا اثر۔ ہمیں تو ان ظلمتوں کا احساس بھی نہیں ہوتا:

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
اور کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

---

[۱]......احیاء العلوم ص ۱۵۶ ج ۲۔ پہلا جملہ یہ ہے: من اکل الحلال اربعین یوما نور اللہ قلبہ۔

کیوں اس لئے کہ ہم نے وہ نور ہی نہیں دیکھا۔ جو نور کا عادی ہو اس کو ظلمت کا احساس ہوتا ہے۔ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ: جو لوگ دیہاتوں میں رہتے ہیں جہاں بجلی نہیں ہوتی ان کو اندھیرے کا احساس نہیں ہوتا، جو لوگ شہروں میں رہتے ہیں اور بجلی کے عادی ہیں ان کو بجلی نہ ہونے سے پریشانی ہوتی ہے، اسی طرح ہمارا حال ہے کہ روحانی اعتبار سے ہم ظلمتوں میں غرق ہیں، گویا انوار دیکھے ہی نہیں۔

شاہ جی عبداللہ رحمہ اللہ کا واقعہ

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ سے میں نے خود سنا اور ان کی مجالس میں بھی کہ دیوبند میں ایک بزرگ تھے شاہ جی عبداللہ صاحب رحمہ اللہ۔ نیک آدمی تھے۔ گھاس بیچ کر گذر اوقات کرتے تھے۔ روزانہ گھاس کا ایک گٹھڑ کاٹ کر لے آتے اور چھ پیسے میں فروخت کرتے، نہ زیادہ نہ کم، اس میں سے دو پیسے اسی وقت صدقہ کر دیتے تھے، دو پیسے گھر کے خرچ کے لئے رکھ لیتے، دو پیسے جمع رکھتے، اور دیوبند کے وہ حضرات جن کو گھاس کی ضرورت ہوتی تھی ان کا انتظار کرتے تھے اور جب ان پر نظر پڑتی تو دوڑتے، جس نے پہلا ہاتھ رکھ دیا اسی کو دیدیتے۔ لوگ سمجھتے تھے ان کے ہاتھ کی گھاس کھانے سے ہمارے جانور میں بھی برکت ہوگی۔[1]

ظلم پر فوری پکڑ

اور اللہ تعالی کی طرف سے مدد کیسی تھی۔ ایک مرتبہ آرہے تھے ایک سپاہی ملا۔ سپاہیوں کی تو عادت ہوتی ہے ظلم وزیادتی کی۔ پوچھا گٹھڑی کتنے کی ہے؟ کہا چھ پیسے کی، کہنے لگا چھ پیسے تو بہت ہے، یہ دو پیسے لے جا! مجبوراً دو پیسے لے لئے۔ سپاہی نے لے جا کر گھوڑے

[1] ......مجالس حکیم الاسلام ص ۵۲۵۔

کے سامنے گھاس ڈالی بھی نہ تھی کہ گھوڑا اتڑ پنے لگا۔ لوگوں کو معلوم تھا، کسی نے بتلایا کہ گھوڑا مرجائے گا، تو نے وہ دو پیسے کی لی ہے نا، چھ پیسے دینے کے ہے، دوڑا ہوا گیا، چھ پیسے کے چھ آنے دینے لگا اور معافی مانگنے لگا، انہوں فرمایا مجھے چھ آنے نہیں چاہئے، میرے چار پیسے باقی ہے وہی دے دو۔ بہرحال وہ دو پیسے جمع کرتے رہتے تھے جب ایک معتد بہ مقدار جمع ہو جاتی تو اکابر دیو بند: حضرت نانوتوی، حضرت مولانا یعقوب صاحب رحمہما اللہ وغیرہ کی دعوت کرتے تھے۔ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے ان کی دعوت کھانے کے بعد چھ مہینے تک دل میں کھلم کھلا نور محسوس ہوتا تھا اور چھ مہینے تک امنگیں رہتی تھیں کہ یہ نیکی کروں وہ نیکی کا کام کروں، اوران کی دعوت کا سال بھر ہمیں انتظار رہتا تھا۔[۱]

یہ حلال کے لقمہ کا اثر تھا۔ آج ہم ان باتوں کا اہتمام نہ کریں اور اپنی ذات سے اپنی اولاد سے توقع اور امید رکھیں کہ وہ سیدھی راہ پر چلے یہ کیسے ہوسکتا ہے؟

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

بہرحال اپنے معاشرہ کی برائیوں میں حرام کے لقمے کو بہت بڑا دخل ہے۔ اب یہ حرام کس کو کہتے ہیں؟ اس کا فیصلہ بھی آپ خود نہ کریں، بلکہ کسی اہل علم واہل افتا سے اپنا ہر معاملہ کرنے سے پہلے، کرنے کے بعد نہیں، پوچھ کر اس پر عمل کریں، جہاں شبہ ہو اس کو چھوڑ دیں۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

((الحلال بین والحرام بین وبینھما مشتبھات ، فمن اتقی الشبھات فقد استبرأ لدینه))۔[۲]

---

[۱] ......مجالس حکیم الاسلام ص ۵۲۶۔

[۲] ......مشکوٰۃ، ص ۲۴۱، باب الکسب و طلب الحلال ، کتاب البیوع۔

یعنی حرام بھی کھلم کھلا ہے اور حلال بھی کھلم کھلا ہے اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں، جو آدمی مشتبہ سے اپنے کو بچالے گا وہ اپنے دین کو مکمل کرلے گا۔حرام سے بچنا تو ضروری ہے،مشتبہ چیز کے چھوڑنے میں دین کی حفاظت ہے، اس لئے اس کا اہتمام کرے۔اللہ تعالی اس کی توفیق عطافرمائیں۔آمین۔

....

وعظ حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم

مقام زکریا مسجد ڈیوزبری، برطانیہ

تاریخ ۱۰/جولائی ۲۰۰۰ء

وقت بعد نماز عصر

رزق حلال کے متعلق مزید احادیث، اسلاف کے واقعات، بزرگوں کے اقوال وغیرہ چند چیزوں کا اضافہ

مرغوب احمد لاجپوری

احادیث

پانچ چیزوں کے متعلق سوال

(۱)......عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال : لا تزول قدم ابن اٰدم یوم القیامۃ حتی یسئل عن خمس (ومن الخمس) وعن مالہ من این اکتسبہ وفیما انفقہ۔(ترمذی ص ۶۷ ج ۲، باب ماجاء فی شان الحساب وا لقصاص)

ترجمہ:......حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن کسی آدمی کے قدم (حساب کے موقع سے) نہیں ہٹیں گے، جب تک اس سے پانچ چیزوں کا سوال نہ ہوچکے گا اور (ان پانچ میں دو یہ بھی ہیں کہ:) اس کے مال کے متعلق (سوال ہوگا) کہ کہاں سے کمایا (یعنی حلال سے یا حرام سے) اور کاہے میں خرچ کیا

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ اس حدیث کو نقل فرما کر تحریر فرماتے ہیں کہ:

ف:......تفصیل اس کی یہ ہے کہ کمانے میں بھی کوئی کام دین کے خلاف نہ کرے، جیسے سود لینا اور رشوت لینا اور کسی کا حق دبا لینا، جیسے کسی کی زمین چھین لینا یا مورثی کا دعوی کرنا یا کسی کا قرض مار لینا یا کسی کا حصہ میراث کا نہ دینا، جیسے بعض آدمی لڑکیوں کو نہیں دیتے۔ یا اس کے کمانے میں اتنا کھپ جانا کہ کہ نماز کی پرواہ نہ رہے یا آخرت کو بھول جائے یا زکوۃ وحج نہ کرے، یا دین کی باتیں سیکھنا یا بزرگوں کے پاس آنا جانا چھوڑ دے۔

(حیات المسلمین ص ۲۹۱، روح نوزدہم)

سچا تاجر انبیاء اور صدیقین کے ساتھ

(۲)......عن ابی سعید قال : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : ان التاجر

الصدوق الامين مع النبيين والشهداء۔

(ترمذی ص۲۲۹ ج۱، باب ما جاء فی التجار وتسمية النبی صلی الله عليه وسلم اياهم، ابواب البيوع)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سچ بولنے والا تاجر (قیامت میں) پیغمبروں اور ولیوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔

ف:......اس میں حلال تجارت کی فضیلت ہے۔ (حیوۃ المسلمین، ص۲۹۷، روح نوزدہم)

حلال پیشہ کرنے والا اللہ کا محبوب ہے

(۳)......عن ابن عمر عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: ان الله يحب المؤمن المحترف۔ (طبرانی، بیہقی)

ترجمہ:......حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (حلال) پیشہ کرنے والے مؤمن سے محبت کرتا ہے۔

ف:......اس میں ہر حلال پیشہ آ گیا۔ کسی حلال پیشہ کو ذلیل نہ سمجھنا چاہئے۔

(حیوۃ المسلمین، ص۳۰۱، روح نوزدہم)

شبہ کی چیز کا ترک پرہیزگاری کے لئے ضروری ہے

(۴)......عن عطية السعدی قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: لا يبلغ العبد ان يكون من المتقين حتی يدع مالا بأس به حذرا لما به بأس))، رواه الترمذی وابن ماجة۔ (مشکوۃ)

ترجمہ:......حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بندہ اس وقت تک (کامل) پرہیزگاروں کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ وہ ان چیزوں کو

نہ چھوڑ دے جن میں کوئی قباحت نہیں ہے تاکہ اس طرح وہ ان چیزوں سے بچ سکے جن میں قباحت ہے۔

ف:......حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ: ہم لوگ حرام میں مبتلا ہو جانے کے خوف سے دس حلال حصوں میں سے نو حصے چھوڑ دیتے تھے۔

اسی طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔وہ فرمایا کرتے تھے کہ: ہم لوگ حرام میں مبتلا ہو جانے کے خوف سے از قسم مباح ستر حصے ترک کر دیتے تھے۔(مظاہر حق ص ۴۶ ج ۳)

اہل وعیال کو حلال کھلانے والا جہاد کرنے والے کے برابر ہے

(۵)......جو شخص اپنے اہل وعیال کو حلال مال کھلاوے وہ ایسا ہے گویا اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا ہے۔[۱]

حرام کھانے والے کے فرض ونفل مقبول نہیں

(۶)......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما راوی ہیں کہ: آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ بیت المقدس پر ہر رات پکارتا ہے کہ: جو شخص حرام کھاوے گا اس کا فرض ونفل کچھ قبول نہ ہوگا۔[۲]

طلب حلال میں تھکنا گناہ کو بخش دیتا ہے

(۷)......اور فرمایا: جو شخص شام کرے طلب حلال سے تھک کر وہ رات کرے گا اس حال میں کہ اس کے گناہ بخشے جاویں گے، اور صبح کو اٹھے گا اس کیفیت سے کہ اللہ تعالیٰ اس سے

---

۱ ......۲ ......احیاء العلوم۔

راضی ہوگا۔[۱]

حرام مال کارِخیر میں خرچ کرنا جہنم کا سبب ہے

(۸)......اور فرمایا: جو شخص گناہ سے مال پیدا کرے، پھراس سے صلہ رحمی کرے، یا صدقہ دے یا اللہ کی راہ میں خرچ کرے، تو اللہ تعالیٰ ان سب صدقوں کو جمع کرے گا پھران کو جہنم میں ڈال دے گا۔[۲]

افضل عبادت حرام سے بچنا ہے

(۹)......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: تم افضل عبادت سے غافل ہو جس کا نام حرام سے بچنا ہے۔[۳]

کثرت نماز وروزہ حرام سے بچے بغیر قبول نہیں

(۱۰)......حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: اگر تم نماز پڑھتے پڑھتے کمان کی طرح جھک جاؤ اور روزہ رکھتے رکھتے دبلے ہو جاؤ تو بھی اللہ تعالیٰ تمہارے یہ اعمال قبول نہ کرے گا جب تک کہ حرام سے نہ بچو گے۔[۴]

جو کچھ ملا حلال سے ملا

(۱۱)......حضرت ابراہیم بن ادہم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کو جو کچھ ملا وہ اس طرح ملا کہ جو پیٹ میں ڈالا سمجھ کر ڈالا۔[۵]

حلال کا اہتمام کرنے والا صدیق لکھا جاتا ہے

(۱۲)......حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: جو شخص اپنے کھانے کی چیز کو سمجھ لیتا ہے تو

---

[۱]......[۲]......[۳]......[۴]......[۵]......احیاء العلوم۔

اس کو اللہ تعالی صدیق لکھتا ہے، تو اے مسکین! جب روزہ افطار کرے تو دیکھ لیا کر کہ کس سے افطار کرتا ہے۔[۱]

(۱۳)......حضرت ابراہیم بن ادہم رحمہ اللہ سے کسی پوچھا کہ آپ زمزم کا پانی کیوں نہیں پیتے؟ فرمایا کہ: اگر خود میرا ڈول ہوتا تو پیتا۔

خزانے کی کنجی دعا اور اس کے دندانے حلال لقمے ہیں

(۱۴)......حضرت یحی بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: اطاعت اللہ تعالی کا ایک خزانہ ہے اور اس کی کنجی دعا ہے اور اس کنجی کے دندانے حلال لقمے ہیں۔[۲]

حرام لقمے پر نماز قبول نہیں ہوتی

(۱۵)......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ: اللہ تعالی اس شخص کی نماز قبول نہیں کرتا جس کے پیٹ میں حرام ہوتا ہے۔[۳]

کامل ایمان کی چار خصلتیں

(۱۶)......حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: آدمی ایمان کی تہہ کو نہیں پہنچتا جب تک کہ اس میں چار خصلتیں نہ ہوں:

اول:......فرائض کا ادا کرنا مع سنتوں کے۔

دوم:......حلال کھانا ورع کے ساتھ۔

سوم:......ظاہر و باطن کے ممنوعات سے بچنا۔

چہارم:......ان باتوں پر موت تک جما رہنا۔[۴]

---

[۱]......[۲]......[۳]......[۴]......احیاء العلوم۔

صدیقین کی نشانی

(۱۷)......اورفرماتے ہیں کہ: جوکوئی یہ چاہے کہ صدیقوں کی علامتیں اس پر روشن ہوجاویں تو چاہئے کہ بجز حلال کے اور کچھ نہ کھاوے، اور بجز سنت کے اور ضروری امور کے اور کوئی کام نہ کرے۔[۱]

چالیس دن کا مشتبہ لقمہ دل کو سیاہ کردیتا ہے

(۱۸)......اورفرماتے ہیں کہ: جوشخص چالیس دن تک مشتبہ کھاتا ہے تو اس کا دل سیاہ ہوجاتا ہے۔[۲]

حرام غذا کی پرواہ نہ کرنے والا جہنم کا مستحق

(۱۹)......ایک روایت میں ہے کہ: تورات میں مذکور ہے کہ: جوشخص اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ میری غذا کہاں سے ہے؟ خدائے تعالیٰ اس بات کی پرواہ نہ کرے گا کہ دوزخ کے کس دروازے سے اس میں داخل کرے۔[۳]

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا شبہ سے پرہیز کرنا

(۲۰)......حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق آیا ہے کہ: آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جوغذا کھاتے اس پر اپنی مہر دیکھ لیتے تھے کہ شبہ سے محفوظ رہیں۔[۴]

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا احتیاط

(۲۱)......حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: حضرت ابن نعیمان رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہ میں سے تھے اور بڑے خوبصورت تھے۔ کچھ لوگوں

۱......۲......۳......۴......احیاء العلوم۔

نے ان کے پاس آ کر کہا: کیا آپ کے پاس ایسی عورت کا کوئی علاج ہے جس کو حمل نہیں ٹھہرتا؟ انہوں نے کہا: ہے۔ان لوگوں نے پوچھا وہ علاج کیا ہے؟ حضرت ابن نعیمان رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ منتر ہے:

''اے نافرمان رحم! چپ کر اور خون بہانے کا کام چھوڑ دے۔اس عورت کو زیادہ بچے جننے سے محروم کیا جارہا ہے، اے کاش! یہ زیادہ بچے جننا اس نافرمان رحم میں ہوتا، یہ عورت حاملہ ہو جائے یا اسے افاقہ ہو جائے''۔

اس منتر کے بدلہ میں ان لوگوں نے انہیں بکری اور گھی ہدیہ میں دیا (یہ واقعہ زمانہ جاہلیت میں پیش آیا تھا) حضرت ابن نعیمان رضی اللہ عنہ اس میں سے کچھ لے کر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ کھا لیا (پھر ان کو اس واقعہ کا پتہ چلا) تو کھانے سے فارغ ہو کر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اٹھے اور جو کچھ کھایا وہ سب قے کر دیا اور فرمایا: آپ لوگ ہمارے پاس کھانے کی چیز لے آتے ہو اور ہمیں بتاتے بھی نہیں کہ یہ چیز کہاں سے آئی ہے۔[۱]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دودھ قے کر دینا

(۲۲)......اسی قسم کا ایک قصہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بھی ہے:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ دودھ نوش فرمایا تو اس کا مزہ کچھ عجیب سا معلوم ہوا۔جن صاحب نے پلایا تھا ان سے دریافت فرمایا کہ یہ دودھ کیسا ہے؟ کہاں سے آیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ فلاں جنگل میں صدقہ کے اونٹ چر رہے تھے، میں وہاں گیا تو ان لوگوں نے دودھ نکالا، جس سے مجھے بھی دیا۔حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے منہ

[۱]......حیاۃ الصحابہ عربی ص ۶۱۱ ج ۲، اردو ۹۴۰ ج ۲۔

میں ہاتھ ڈالا اور سارا کا سارا تے فرما دیا۔[1]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اہلیہ کو مشک تولنے سے انکار کر دینا

(۲۳)......انہیں کا ایک اور قصہ ہمارے لئے بڑا قابل عبرت ہے:

ایک مرتبہ آپ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کی خدمت میں بحرین سے مشک آیا۔ ارشاد فرمایا: کوئی اس کو تول کر مسلمانوں میں تقسیم کر دیتا۔ آپ کی اہلیہ حضرت عاتکہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ: میں تول دوں گی۔ آپ نے سن کر سکوت فرمایا۔ تھوڑی دیر میں پھر یہی ارشاد فرمایا کہ: کوئی اس کو تول دیتا تاکہ میں اس کو تقسیم کر دیتا۔ آپ کی اہلیہ نے پھر یہ عرض کیا۔ آپ نے سکوت فرمایا۔ تیسری دفعہ میں ارشاد فرمایا کہ: مجھے یہ پسند نہیں کہ تو اس کو اپنے ہاتھ سے ترازو کے پلڑے میں رکھے اور پھر ان ہاتھوں کو اپنے بدن پر پھیر لے اور اتنی مقدار کی زیادتی مجھے حاصل ہو۔

(۲۴)......حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ جن کو عمر ثانی بھی کہا جاتا ہے۔ ان کے زمانہ میں ایک مرتبہ مشک تولا جارہا تھا تو انہوں نے اپنی ناک بند فرمالی اور ارشاد فرمایا: مشک کا نفع تو خوشبو ہی سونگھنا ہے۔[2]

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا درہم پرکھنے والے کے گھر سے پانی نہ پینا

(۲۵)......حضرت شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک دن کوفہ میں باہر نکلے اور ایک دروازے پر کھڑے ہو کر پانی مانگا تو اندر سے ایک لڑکی لوٹا اور رومال لے کر نکلی۔ آپ نے اس سے پوچھا، اے لڑکی! یہ گھر کس کا ہے؟ اس نے کہا: فلاں درہم پرکھنے

[1]......مشکوٰۃ ص۲۴۲، باب الکسب وطلب الحلال، کتاب البیوع۔

[2]......حکایات صحابہ ص۷۶، باب چہارم۔

والے کا ہے۔تو آپ نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ : درہم پر کھنے والے کے کنویں سے پانی نہ پینا اور ٹیکس وصول کرنے والے کے سایہ میں ہر گز نہ بیٹھنا۔[1]

تنبیہ

ارباب اہتمام ومتولیان مساجد و ذمہ داران اوقاف سے مدارس ومساجد اور اموال اوقاف میں بے احتیاطی پر مجھ جیسے طفل مکتب کا کچھ لکھنا تو اچھا معلوم نہیں ہوتا، مگر موضوع کی مناسبت سے حضرات اکابر کی کچھ باتیں نقل کرنی مناسب معلوم ہوئیں، امید کہ ناظرین'' انظر الی ما قال ولا تنظر الی من قال '' کو مدنظر رکھ کر اس تحریر کا مطالعہ فرمائیں گے۔

مرغوب احمد لاجپوری

مسجد ومدرسہ کے مال میں ہماری بے احتیاطی

اللہ معاف فرمائیں اس وقت مسجد و مدرسہ کے پیسہ میں بہت ہی بے احتیاطی برتی جاتی ہے، اور مدرسہ کے مال کو مال غنیمت سمجھ لیا گیا، بلکہ اب تو مدرسہ بھی ایک طرح کی دوکان ہوگئی ہے۔

مدرسہ کو آمدنی کا ذریعہ بنالیا گیا

ایک ملک کا نام لئے بغیر ایک واقعہ نقل کرتا ہوں۔ دوصاحب آپس میں ملے اور ایک دوسرے سے پوچھتا ہے آئندہ کیا پروگرام ہے؟ میرا تو ارادہ ہے کہ ایک آمدنی کے لئے

---

[1]......حیاۃ الصحابہ عربی ص ۶۱۲ ج ۲۔ اردو ص ۹۴۱ ج ۲۔

مدرسہ کھول لوں گا، اچھی دوکان چلے گی۔ اور چندہ کرکے زندگی بھر مزے۔

مدرسے سونے کے انڈے دینے والی مرغیاں ہیں

دارالعلوم کورنگی کے ایک بزرگ استاذ حضرت مولانا غلام محمد صاحب رحمہ اللہ اس وقت مدرسہ کے حالات کو دیکھ کر فرمایا کرتے تھے کہ: یہ مدرسے سونے کے انڈے دینے والی مرغیاں ہیں۔

یہ مدرسے دینا میں جہنم ہیں اور آخرت میں جنت یا اس کا برعکس

حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ کا ملفوظ کئی حضرات سے سنا، وہ فرماتے تھے: یہ مدرسے دنیا میں جہنم ہیں اور آخرت میں جنت، اگر اللہ کے لئے کھولے ہیں تو دنیا میں حالات ومصائب آئیں گے، اس لئے یہ دنیا میں جہنم ہیں، مگر آخرت میں اس کی برکت سے بڑے بڑے درجات ملیں گے، اور اگر دنیا طلبی کے لئے ہیں تو یہ آخرت میں وبال اور دنیا میں جنت۔

مدرسہ کے معاملہ میں بے احتیاطی پر حضرت باندوی رحمہ اللہ کا ملفوظ

حضرت مولانا محمد صدیق صاحب باندوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: اب تو لوگوں نے اپنی جیب بھرنے اور پیٹ پالنے کے لئے مدارس اور مکاتب کھول رکھے ہیں، ہر شخص اپنی دو اینٹ کی مسجد علاحدہ بنائے ہوئے ہے، اور شہروں میں جا جا کر چندہ کرکے اپنی کوٹھیاں بنالی ہیں، ان کی نگرانی یا محاسبہ کرنے والا تو کوئی ہے نہیں۔ خدا کا خوف بھی نہیں، اپنی من مانی جو چاہتے ہیں کرتے ہیں۔

مدرسہ کی طرف سے چندہ کرنے جاتے ہیں۔ خرچ کی ایک طویل فہرست تیار کرلی کہ

سفرخرچ اتنا ہوا، کھانے پینے، سحر وافطار میں اتنا خرچ ہوا، رکشہ اور کرایہ میں اتنا خرچ ہوا۔ خوب جی بھر کر خیانت کی جاتی ہے، اور سفر میں ان کے ساتھ کوئی ہوتا نہیں جوان کی نگرانی کرے، نہ ان کو کوئی دیکھنے والا ہے۔ ارے کوئی دیکھے یا نہ دیکھے اللہ تو دیکھ رہا ہے۔ کوئی ساتھ ہو نہ ہو اللہ تعالی تو تمہارے ساتھ ہے۔ وہ تو تمہاری نگرانی کررہا ہے۔ اس کے فرشتے تو تمہاری حرکتیں دیکھ رہے ہیں۔ اللہ کو منہ دکھانا ہے، اس کے سامنے حاضر ہوکر جواب دینا ہے۔ ذرا سوچو تو اللہ کو ہم کیا جواب دیں گے، اور کیسے اس کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

عجیب مزاج بنتا جارہا ہے، جس کو دیکھو مدرسہ کی چیزیں اور مدرسہ کا سامان غنیمت کی طرح ہضم کئے جارہا ہے۔ ارے کوئی باز پرس کرے یا نہ کرے، ہم کو خود اپنے نفس سے باز پرس کرنا چاہئے۔ ایسے بددین' خائن' دین کے لٹیرے اور ڈاکہ ڈالنے والے کبھی آرام سے نہیں رہ سکتے۔ ہمیشہ پریشان اور مصیبت ہی کا شکار رہیں گے۔ آخران کا یہ مال کتنے دن چلے گا اور کتنے دن وہ اس سے اپنا پیٹ بھریں گے۔ ایسے لوگ دوزخ کی آگ اپنے پیٹ میں بھرتے ہیں۔

﴿ ان الذین یأکلون اموال الیتامی ظلما انما یأکلون فی بطونهم نارا و سیصلون سعیرا ﴾ ۔ بلاشبہ جولوگ یتیموں کا مال بلا استحقاق کھاتے (برتتے) ہیں اور کچھ نہیں اپنے شکم میں آگ بھر رہے ہیں اور عنقریب جلتی آگ میں داخل ہوں گے۔[۱]

اس لئے مناسب لگا کہ ہمارے اکابر کا احتیاط، ان کا تقوی اور اس معاملہ میں ان کی زندگی کے قابل رشک واقعات نقل کئے جائیں، اللہ تعالی اکابر کے واقعات پڑھ کر راقم اور ناظرین کو اصلاح کی توفیق مرحمت فرمائے، آمین۔

---

[۱]......افادات صدیق ص از ۱۲۷ تا ۱۲۹ ج ۱۔

حضرت رائپوری رحمہ اللہ کا ارشاد: مجھے مدرسہ کی سرپرستی سے ڈر لگتا ہے

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

(۱)......قدوۃ الاتقیاء حضرت الحاج مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رحمہ اللہ کا مقولہ بہت مشہور تھا کہ: مجھے مدرسہ کی سرپرستی سے جتنا ڈر لگتا ہے اتنا کسی سے نہیں لگتا، اگر کوئی شخص کسی کے یہاں ملازم ہو، وہ مالک کے کام میں کچھ کوتاہی کرے، خیانت کرے، کسی قسم کا نقصان پہنچائے، ملازمت سے علاحدہ ہوتے ہوئے، یا مرتے وقت مالک سے معاف کروالے تو معاف ہوسکتا ہے، لیکن یہ مدرسوں کا روپیہ جو عام غرباء اور مزدوروں کے دو دو پیسے، ایک ایک آنے کا چندہ ہوتا ہے، ہم سب سرپرستان مدرسہ اس کے مالک تو ہیں نہیں، امین ہیں، اگر اس مال کے اندر افراط وتفریط ہو تو ہم لوگوں کے معاف کرنے سے معاف تو ہو نہیں سکتا، اس لئے کہ دوسرے کے مال میں ہم کو معاف کرنے کا کیا حق ہے؟

حضرت مولانا احمد علی صاحب کا احتیاط

(۲)......حضرت الحاج مولانا احمد علی صاحب رحمہ اللہ محدث سہارنپوری جب مظاہر علوم کی قدیم تعمیر کے سلسلہ میں کلکتہ تشریف لے گئے۔ سفر سے واپسی پر اپنے سفر کے آمد وخرچ کا مفصل حساب مدرسہ میں داخل کیا، اس میں لکھا تھا کہ: کلکتہ میں فلاں جگہ میں اپنے ایک دوست سے ملنے گیا تھا، اگرچہ وہاں چندہ خوب ہوا، لیکن میری سفر کی نیت دوست سے ملنے کی تھی۔ چندہ کی نہیں تھی، اس لئے وہاں کے آمد ورفت کا اتنا کرایہ حساب سے وضع کرلیا جائے۔

مدرسہ کے اوقات میں ذاتی ملاقات پر احتیاط

(۳)......حضرت مولانا محمد مظہر صاحب نانوتوی رحمہ اللہ (بانیٔ مظاہر علوم) سے مدرسہ کے اوقات میں مولانا کا کوئی عزیز ذاتی ملاقات کے لئے آتا تو اس سے باتیں شروع کرتے وقت گھڑی دیکھ لیتے اور واپسی پر گھڑی دیکھ کر حضرت کی کتاب میں ایک پرچہ رکھا رہتا تھا، اس پر تاریخ وار منٹوں کا اندراج فرما لیتے تھے، اور ماہ کے ختم پر ان کو جمع فرما کر نصف یوم سے کم ہوتا تو آدھ روز کی رخصت، اور اگر نصف یوم سے زائد ہوتا تو ایک یوم کی رخصت مدرسہ میں لکھوا دیتے، البتہ اگر کوئی فتوی پوچھنے آتا، یا مدرسہ کے کسی کام سے آتا تو اس کا اندراج نہیں فرماتے تھے۔

حضرت سہارنپوری رحمہ اللہ کا تنخواہ لینے سے انکار

(۴)......حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب رحمہ اللہ نے مدرسہ سے تنخواہ لینے سے یہ تحریر فرما کر انکار فرما دیا تھا کہ: میں اپنے ضعف و پیری کی وجہ سے کئی سال سے مدرسہ کا کام پورا نہیں کرسکتا، لیکن اب تک مولانا محمد یحیی صاحب میری نیابت میں دورہ کے اسباق پڑھاتے تھے اور تنخواہ نہیں لیتے تھے، وہ میرا ہی کام سمجھ کر کرتے تھے اور میں اور وہ دونوں مل کر ایک مدرس سے زیادہ کام کرتے تھے، اب چونکہ ان کا انتقال ہو چکا ہے اور میں مدرسہ کی تعلیم کا کام پورا نہیں کرسکتا، اس لئے قبول تنخواہ سے معذور ہوں۔

حضرت سہارنپوری رحمہ اللہ کا عزیز کی ملاقات کے لئے مدرسہ کی قالین استعمال نہ فرمانا

(۵)......حضرت اقدس سہارنپوری رحمہ اللہ کی خدمت میں عزیزوں میں سے ایک

صاحب جو بڑے رتبہ کے آدمیوں میں سے تھے ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ حضرت سبق پڑھا رہے تھے، اختتام سبق تک تو حضرت نے توجہ نہ فرمائی، ختم سبق کے بعد حضرت ان کے پاس تشریف لائے۔ انہوں نے اصرار کیا کہ حضرت اسی جگہ تشریف رکھیں۔ حضرت نے ارشاد فرمایا کہ: یہ قالین مدرسہ نے اسباق پڑھانے کے لئے دیا ہے، ذاتی استعمال کے لئے نہیں، اس لئے اس قالین سے علیحدہ بیٹھ گئے۔

مدرسہ قدیم میں حضرت کی دو چار پائی رہتی تھیں، ان ہی پر حضرت آرام فرماتے تھے، ان ہی پر بیٹھتے تھے۔ مدرسہ کی اشیاء کو میں نے استعمال کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

مظاہر علوم کے اکابر کا مدرسہ کے کھانے سے پرہیز کرنا

مظاہر علوم کا جب سالانہ جلسہ ہوتا تھا، میں نے اکابر مدرسین وملازمین میں سے کبھی کسی کو جلسہ کے کھانے یا چائے پان کو کھاتے نہیں دیکھا۔ جملہ مدرسین حضرات اپنا اپنا کھانا کھاتے تھے، جب بھی وقت ملے۔

البتہ حضرت قدس سرہ مدرسہ کے خصوصی مہمانوں کے ساتھ کھاتے تھے، لیکن حضرت کے مکان سے دس بارہ آدمیوں کا کھانا آتا تھا جو متفرق مہمانوں کے سامنے رکھ دیا جاتا تھا اسی میں سے حضرت نوش فرماتے تھے، مدرسہ کی کوئی چیز کھاتے نہیں دیکھا۔

حضرت مولانا عنایت علی صاحب رحمہ اللہ مہتمم مدرسہ جو شب و روز مدرسہ کے اندر رہتے اور ظہر کے وقت یا رات کے بارہ بجے اپنے دفتر کے کونے میں بیٹھ کر ٹھنڈا اور معمولی کھانا تنہا کھالیتے تھے۔

مولانا ظہور الحق صاحب مدرس مدرسہ اس زمانہ میں مطبخ طعام کے منتظم ہوتے تھے اور

چوبیس گھنٹہ مطبخ کے اندر رہتے تھے ،لیکن سالن‘ چاول وغیرہ کا نمک کسی طالب علم سے چکھواتے تھے خود نہیں چکھتے تھے ،جب وقت ملتا اپنے گھر جا کر کھانا کھا آتے ،اسی طرح دیگر اکابر مدرسین کو میں نے کوئی شے مدرسہ کی چکھتے نہیں دیکھا۔

ان سب احتیاط کے باوجود حضرت سہارن پوری رحمہ اللہ جب ۴۴ھ میں مستقل قیام کے ارادہ سے حجاز تشریف لے گئے تو اپنا ذاتی کتب خانہ یہ فرما کر مدرسہ کے اندر وقف کر گئے تھے کہ نہ معلوم مدرسہ کے کتنے حقوق ذمہ رہ گئے ہوں گے۔

حمام کے سامنے سالن گرم کرنے پر ماہانہ چندہ جمع کرادینا

(۷)......میرے والد صاحب رحمہ اللہ کے زمانہ میں ایک طباخ کی دکان سے کھانا آیا کرتا تھا۔سردی کے زمانہ میں وہاں سے آتے آتے خصوصا شام کو ٹھنڈا ہو جاتا تھا،تو سالن کے برتن کو مدرسہ کے حمام کے سامنے اندر نہیں بلکہ باہر رکھوا دیتے تھے ،اس کی تپش سے وہ تھوڑی دیر میں گرم ہو جاتا تھا،تو یہ فرما کر دو تین روپے ہر ماہ چندہ کے اندر داخل فرمایا کرتے تھے کہ مدرسہ کی آگ سے انتفاع ہوا ہے۔تنخواہ تو میرے والد صاحب رحمہ اللہ نے اپنے سات سالہ قیام مدرسہ میں کبھی لی ہی نہیں۔

مدرسہ کے دفتر میں ذاتی کام کے لئے اپنا کاغذ و قلم استعمال کرنا

(۸)......حضرت الحاج مولانا عنایت الٰہی صاحب رحمہ اللہ کے دفتر میں دو قلمدان رہتے تھے، ایک ذاتی، ایک مدرسہ کا۔ذاتی قلمدان میں کچھ ذاتی کاغذ رہتے ،اپنے گھر کوئی ضروری پرچہ بھیجنا ہوتا تو اپنے قلمدان سے لکھتے تھے ،مدرسہ کے قلمدان سے کبھی نہیں لکھتے تھے۔[1]

[1]......آپ بیتی از ص ۲۶/تا ۳۰/حصہ اول۔

اکل حلال کی تاثیر کے دو واقعے

بادشاہ کی بیوی کا شہزادے کو مشتبہ لقمہ سے بچانا

(۱)......افغانستان کے بادشاہ امیر دوست محمد خاں، بہت دیندار بادشاہ تھے۔ایک روز شاہی محل سرائے میں آئے تو چہرہ اداس سا تھا، بیگم نے اس کی وجہ پوچھی۔انہوں نے کہا: افغانستان پر کسی دشمن نے حملہ کیا تو میں نے اپنے شہزادے کو فوج دے کر مقابلہ کے لئے بھیجا تھا، آج خبر آئی کہ اسے شکست ہوگئی اور وہ دوڑتا ہوا آرہا ہے اور دشمن اس کے پیچھے ہے، تو دو غم مجھے لاحق ہیں: ایک ملک کے جانے کا، دوسرے شہزادے کی بزدلی کا۔بیگم نے کہا یہ خبر غلط ہے، میرا بیٹا شہید ہوجائے یہ ممکن ہے، لیکن دشمن کو پشت دکھا کر آئے ممکن نہیں۔بادشاہ نے کہا: پرچہ نویسوں کی خبر ہے، شاہی دفتر کی اطلاع ہے۔اس نے کہا سب جھوٹ۔دوسرے دن بادشاہ گھر گئے تو چہرہ حشاش وبشاش۔بیگم نے کہا کیا بات ہے؟ کہا جو تم نے بات کہی تھی صحیح نکلی۔شہزادہ نے فتح پائی۔امیر نے پوچھا آخر تم نے اتنی قوت سے کیسے دعوی کیا تھا؟ بیگم نے کہا یہ راز ہے، اس کو ظاہر نہیں کرنا چاہتی۔خاوند سے زیادہ رازدار کون ہوتا ہے۔وہ مصر ہوئے تو اس نے کہا: جب سے شہزادہ میرے پیٹ میں آیا تو میں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ کوئی مشتبہ لقمہ میرے پیٹ میں نہیں جائے گا، چنانچہ میں نے سلطنت کے خزانے سے ایک پائی نہیں لی اور جو تنخواہ آپ کو ملتی تھی نہ اس میں سے کوئی پائی لی۔اپنے ہاتھ سے ٹوپیاں بناتی تھیں ان کو بکواتی تھیں، ان سے میں نے اپنا پیٹ پالا۔تو میں نے انتہائی تقوی سے نو مہینے تک بالکل حلال غذا استعمال کی، پھر جب یہ پیدا ہوا تو دو برس تک خود دودھ پلایا، ان دو سال میں بھی کوئی مشتبہ لقمہ میرے پیٹ میں نہیں گیا۔دوسرے یہ کہ کبھی بلا وضوا سے دودھ نہیں پلایا، بلکہ دودھ پلانے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھی

تب پلایا۔تو ایسی غذا اوراس طرح کی تربیت کے ساتھ بزدلی جیسے کمینے اخلاق کی کیا گنجائش؟

امام احمد رحمہ اللہ کا امام شافعی رحمہ اللہ کے دسترخوان پر زیادہ کھانا

(۲)......حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ اپنے استاذ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے مہمان ہوئے، گھر کی بچیاں خوش تھیں کہ امام وقت ہمارے یہاں مہمان آرہے ہیں۔خیر تشریف لائے، شام کا وقت ہوا تو امام احمد رحمہ اللہ نے خوب سیر ہوکر کھانا کھایا۔دیکھنے والوں کوبھی تحیر ہوا۔امام شافعی رحمہ اللہ گھر میں گئے تو بچیوں نے کہا کہ یہ کیسا امام جو پیٹ بھر کے کھانا کھاوے؟

رات ہوئی بچیوں نے بستر بچھایا اورلوٹا وضو کے پانی کا رکھ دیا۔صبح ہوئی تو دیکھا پانی کا لوٹا اسی طرح بھرا ہوا ہے۔صبح امام شافعی رحمہ اللہ سے بچیوں نے پھر شکایت کہ یہ کیسا امام جو رات کوتہجد بھی نہ پڑھے؟

اب امام شافعی رحمہ اللہ سے صبر نہ ہوا، استاذ تھے، اس لئے پوچھا اے احمد بن حنبل! یہ کیا ماجرا ہے کھانا خوب کھایا، اورتہجد بھی نہیں پڑھی؟ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ مسکرائے اور فرمایا حضرت! واقعہ وہ نہیں جوآپ سمجھے ہیں۔بات یہ ہے کہ جب کھانا رکھا تو میں نے آپ کی حلال کمائی کے اتنے انوارات دیکھے کہ آج تک اتنے انوارات کبھی کسی کھانے پر نہیں دیکھتے تھے، اس لئے میں نے چاہا کہ خوب کھاؤں، چاہے بعد میں سات روز تک روزہ رکھنا پڑے، یہ تو ہے زیادہ کھانے کی وجہ۔

اوراس پاکیزہ کھانے کی دو برکتیں ایک علمی ایک عملی ظاہر ہوئیں۔علمی یہ کہ رات کو بستر پر لیٹے لیٹے قرآن کریم کی ایک آیت سے فقہ کے سو مسئلے استخراج کئے، اور مجھ پر علم کا ایک

دروازہ کھل گیا، اور عملی برکت یہ کہ عشا کے وضو سے تہجد اور نماز فجر پڑھی، اس لئے جدید وضو کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

امام شافعی رحمہ اللہ بہت خوش ہوئے اور بچیوں کو واقعہ سنایا، بچیوں کی بھی خوشی کی انتہا نہ رہی۔[۱]

حضرات اکابر کے چند ملفوظات

لقمہ حرام ایک انگارہ ہے

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

قرآن میں ہے حرام لقمہ ایک انگارہ ہے۔ تم کہو گے کیسے انگارہ ہے؟ وہ تو موٹا ہو گیا، بدن پھول گیا، عیش کر رہا ہے۔ جواب یہ ہے کہ عمل نے ابھی اصلی شکل اختیار نہیں کی۔ پیٹرول چھڑک دیا، ابھی پتہ نہیں چلا، تھوڑی دیر کے بعد پتہ چلے گا۔ سنکھیا قاتل ہے، ہاتھ میں لے لو جلے گا نہیں، کھا لو فوراً اثر نہ ہوگا تھوڑی دیر بعد پتہ چلے گا۔[۱]

دقیق تقوی

فرمایا: بعض حکایات اصحاب حال لوگوں کی وعظ میں پڑھیں، مثلاً ایک کا بیل کسی دوسرے کے کھیت میں چلا گیا تو پہلے بیل والے کو خیال ہوا کہ میرے بیل کے کھروں میں مٹی لگ کر دوسرے کے کھیت میں آگئی ہوگی، اور غیر کی ملکیت میں بلا اجازت کھیت بولیا، سو میں نے اس کھیت کی گندم ہی نہیں کھائی۔

اس واقعہ کے بعد فرمایا: ایک ہوتا ہے دقیق تقوی اور ایک ہوتا ہے سد للذرائع اور یہ

[۱]......مجالس حکیم الاسلام ص ۵۲۴، کچھ الفاظ کی تغییر کے ساتھ۔

دقیق تقوی متقدمین صوفیاء میں پایا جاتا ہے، لیکن بعض مرتبہ مباح چیز کواس لئے ترک کردیا جاتا ہے کہ کہیں یہ مباح چیز معصیت اور حیلہ سازی نفس کا ذریعہ نہ بن جائے یہ ترک مباح سداً للذرائع ہے۔[1]

حضرت نانوتوی رحمہ اللہ کا مدرسہ کا قلم استعمال کرنا

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ جب مدرسہ دیوبند کے دوات سے کوئی (ذاتی) خط لکھتے تھے تو روشنائی اور قلم کے استعمال کے عوض ایک پیسہ (مدرسہ میں) دیتے تھے۔[2]

ملفوظات حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم

حدیث: ’’ طلب الحلال فریضة بعد الفریضة ‘‘ کے علوم کی تشریح

((طلب الحلال فریضة بعد الفریضة)) اگر چہ سند کے اعتبار سے ضعیف ہے، مگر اس بات پر ساری امت کے علماء کا اتفاق ہے کہ معنی کے اعتبار سے یہ حدیث صحیح ہے۔

دین کے اولین فرائض نماز، روزہ، حج، زکوۃ وغیرہ کے بعد رزق حلال کو طلب کرنا دوسرے درجہ کا فریضہ ہے۔ رزق حلال کی طلب چاہے وہ تجارت ہو، کاشت کاری ہو، ملازمت ہو، مزدوری ہو یہ سب دین کا حصہ ہے اور نہ صرف یہ جائز بلکہ ان کو فریضہ قرار دیا گیا ہے۔

اگر کوئی شخص رزق حلال کی طلب نہ کرے وہ فریضہ کے ترک کرنے پر گناہ گار ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے کچھ حقوق ہمارے اوپر اپنے نفس کے، کچھ اپنی ذات کے، کچھ گھر

---

[1]......مجالس مفتی اعظم ص۱۸۶۔

[2]......مجالس مفتی اعظم ص۱۸۶۔

والوں کے واجب فرمائے ہیں اور رزق حلال کی طلب کے بغیر وہ ادا نہیں ہو سکتے، اس لئے ان حقوق کے لئے ضروری ہے کہ آدمی رزق حلال کی طلب کرے۔

اس حدیث نے ’’رہبانیت‘‘ کی جڑ کاٹ دی کہ جنگل میں جا کر اللہ اللہ کیا کرے۔ اللہ تعالی نے انسان کو پیدا کیا اور اس میں نفسانی تقاضے رکھے، کھانا' پینا' کپڑا' مکان۔ اب ان تقاضوں کو پورا کرے تب انسان کامل بنے گا۔

انبیاء علیہم السلام سے اللہ تعالی نے کسب حلال کا کام ضرور کرایا۔ مزدوری' بڑھئی' بکریاں چرانا۔ خود آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ میں اجرت پر بکریاں چرائیں۔ بعد میں فرمایا کرتے تھے کہ: ’’مجھے یاد ہے کہ میں اجیاد کے پہاڑ پر لوگوں کی بکریاں چرایا کرتا تھا‘‘۔ آپ ﷺ نے تجارت کے لئے شام کے دو سفر فرمائے۔ مدینہ طیبہ سے کچھ فاصلے پر مقام جرف میں آپ ﷺ نے زراعت کا کام کیا۔ کسب حلال کے جتنے طریقے ہیں ان سب میں آپ ﷺ کا حصہ اور آپ کی سنت موجود ہے۔ اگر کوئی ان پیشوں میں آپ ﷺ کی اتباع کی نیت کرلے تو یہ سب کام دین کا حصہ بن جائیں گے۔

اس حدیث نے یہ غلط فہمی دور کردی کہ دین اور چیز ہے' دنیا اور چیز ہے۔ یہ بات ذہن میں بیٹھ جائے تو بے شمار گمراہیوں کا راستہ بند ہو جائے گا۔

جن صوفیاء نے پوری زندگی توکل پر گذاری ان کا عمل یا تو استغراق کے عالم میں تھا ان پر حال کا غلبہ تھا، اس وجہ سے ان کا مخصوص معاملہ تھا، یہ تمام امت کے لئے عام حکم نہیں۔ یا پھر ان کا کمال توکل تھا۔ انہوں نے اسی پر اکتفا کیا کہ ہم ذکر و شغل میں رہیں گے چاہے فاقے کی نوبت آجائے۔

رزق طلب کرنا فریضہ اس وقت ہے جب طلب حلال کی ہو اور اس کو فکر لاحق ہو کہ یہ

پیسہ حلال طریقہ سے آرہا ہے یا حرام طریقہ سے۔

بعض لوگ حرام معیشت اختیار کرتے ہیں مثلاً سود کا ذریعہ اور جواب دیتے ہیں کہ ہم تو اپنی محنت کا کھا رہے ہیں۔ خوب سمجھ لیں کہ اللہ تعالی کے یہاں ہر محنت جائز نہیں، وہ محنت جائز ہے جو اللہ تعالی کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ہو۔ اب کہنے کو تو ایک ''طوائف'' بھی محنت کرتی ہے، وہ بھی کہہ سکتی ہے کہ میں اپنی محنت کا پیسہ کما رہی ہوں۔

جب حلال مال کے ساتھ حرام مل جاتا ہے تو وہ حلال کو بھی تباہ کر کے چھوڑتا ہے۔

اس حدیث نے ایک طرف رزق حلال کی اہمیت بتلائی وہاں دوسری طرف اس کا درجہ بھی بتلایا کہ رزق حلال کی طلب فریضہ تو ہے لیکن دوسرے فرائض کے بعد۔ بعض لوگ افراط میں مبتلا ہو گئے کہ طلب حلال کی مشغولی میں نہ نماز کی پرواہ نہ روزوں کی۔ اسی لئے نبی کریم ﷺ نے یہ دعا فرمائی:

((اللهم لا تجعل الدنیا اکبر همّنا ولا مبلغ علمنا ولا غایة رغبتنا)) [1]

اے اللہ! ہمارا سب سے بڑا غم دنیا کو نہ بنائیے کہ ہمارے دماغ پر سب سے بڑا غم دنیا کا تسلط ہو جائے اور ہمارے علم کا مبلغ دنیا کو نہ بنائیے کہ جو کچھ علم ہو وہ بس دنیا کا علم ہو اور نہ ہماری رغبت کی انتہا دنیا کو بنائیے کہ جو کچھ دل میں رغبت ہو وہ دنیا کی ہو آخرت کی نہ ہو۔ [2]

[1] ......ترمذی، دعوات، حدیث نمبر:۳۵۶۹۔

[2] ......اصلاحی خطبات ص۲۱۳ ج۱۰۔

تتمہ......کپڑے استعمال سے نہیں حرام غذا سے پھٹتے ہیں

رسالہ مکمل ہو چکا تھا اور اس پر حضرت مولانا مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم نے مکمل نظر بھی فرمالی تھی ،مگر دوران مطالعہ کچھ چیزیں مزید نظر سے گذریں تو خیال آیا کہ انہیں بھی تتمہ کے عنوان سے رسالہ کے آخر میں شامل کرلوں۔

علامہ ابن جوزی رحمہ اللہ نے ''کتاب الصفوۃ'' میں حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ میں وزاعا کے اطراف میں مصروف گشت تھا، یکا یک مجھے ایک شہر پتھر سے تعمیر شدہ نظر آیا۔شہر کے وسط میں ایک عالیشان قصر تھا' جہاں جنات رہتے تھے۔جب میں اس قصر میں پہنچا تو میں نے اس کے صحن میں ایک عظیم الجثہ بوڑھے شخص کو جو اون کا جبہ پہنے ہوئے تھے کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا، میں نے اتنی لمبی چوڑی مخلوق کبھی نہیں دیکھی تھی، حیرت واستعجاب میں پڑ گیا اور زیادہ تعجب ان کے جبہ کی صفائی کو دیکھ کر ہوا۔نماز سے فراغت پر میں نے ان کو سلام کیا۔سلام کا جواب دے کر اس جن نے مجھ سے (جبہ کی صفائی پر تعجب کے جواب میں) کہا :سہل!بدنی استعمال سے کپڑے پرانے اور بوسیدہ نہیں ہوتے اور نہ پھٹتے ہیں، کپڑوں کو بوسیدہ کرنے والی اور پھاڑنے والی چیز گناہوں کی بد بو اور حرام غذا ہے، یہ جبہ میرے جسم پر سات سو برس سے ہیں،اسی جبہ کو پہن کر میں نے حضرت عیسی علیہ السلام اور حضرت محمد ﷺ کی زیارت اور ملاقات کی تھی۔حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں :میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: میں ان جنوں میں سے ہوں جن کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی تھی: ﴿قل اوحی الی انه استمع نفر من الجن ﴾۔[1]

[1]......دینی دستر خوان ص ۱۲۹۹ج ۲۔تفسیر مظہری اردو ص ۱۱۶ج ۱۲۔

آیات مبارکہ

ماخوذ از: ''اللہ سے شرم کیجئے''

(۱)......﴿ولا تأكلوا اموالكم بينكم بالباطل وتدلوا بها الى الحكام لتأكلوا فريقا من اموال الناس بالاثم وانتم تعلمون﴾۔

ترجمہ:......اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کا ناحق اور نہ پہنچاؤ ان کو حاکموں تک کہ کھا جاؤ کوئی حصہ لوگوں کے مال میں سے ظلم کر کے (ناحق) اور تم کو معلوم ہے۔

(۲)......﴿يايها الذين آمنوا لا تأكلوا اموالكم بينكم بالباطل الا ان تكون تجارة عن تراض منكم﴾۔

ترجمہ:......اے ایمان والو! نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کے آپس میں ناحق، مگر یہ کہ تجارت ہو آپس کی خوشی سے۔

ایک جگہ یتیموں کا مال ناحق کھانے پر اس طرح نکیر فرمائی گئی:

(۳)......﴿ان الذين يأكلون اموال اليتٰمى ظلما انما يأكلون فى بطونهم نارا و سيصلوان سعيرا﴾۔

ترجمہ:...... جو لوگ کہ کھاتے ہیں مال یتیموں کا ناحق وہ لوگ اپنے پیٹوں میں آگ ہی بھر رہے ہیں اور عنقریب داخل ہوں گے آگ میں۔

احادیث مبارکہ

(۱)......حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ: آنحضرت ﷺ نے متنبہ فرمایا: لا تَغبِطَنَّ جامعَ المالِ من غير حِلّه فانه ان تصدق به لم يُقبلُ منه وما بقى

کان زادُہُ الی النَّارِ۔(رواہ الحاکم ،الترغیب والترھیب ص ۳۴۸ ج ۲)

تم حرام مال جمع کرنے والے پر رشک نہ کرو، اس لئے کہ اگر وہ اس مال سے صدقہ کرے گا تو وہ قبول نہ ہوگا اور بقیہ مال بھی اسے جہنم تک لے جانے کا توشہ بن جائے گا۔

(۲)......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: لَاَن یجعل احدُکُم فی فیه ترابا خیرله ان یجعل فی فیه ما حرم الله عز وجل۔

تم میں سے کوئی آدمی اپنے منہ میں مٹی بھر لے یہ اپنے منہ میں حرام مال داخل کرنے سے بہتر ہے۔(شعب الایمان ص ۵۷ ج ۵)

(۳)......ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ سے پوچھا گیا کہ: جنت میں داخل کرنے والے اعمال زیادہ تر کون سے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: تقوی اور حسن اخلاق، پھر پوچھا گیا کہ: جہنم تک لے جانے اعمال کون سے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

((اَلاجُوَفَانِ : الفرج والفم))۔(شعب الایمان ص ۵۵ ج ۵)

دو درمیانی اعضاء: منہ، (جس سے حرام چیز پیٹ تک پہنچتی ہے) اور شرمگاہ۔

یعنی زیادہ تر لوگ حرام کمائی اور ناجائز شہوت رانی کے ذریعہ جہنم کے مستحق ہوں گے۔

مال طیب کے ثمرات

(۴)......ایک حدیث میں آپ ﷺ نے یہ خوشخبری سنائی:

((من اکل طیبا وعمل فی سنة وامن الناس بَوَائِقَه ، دخل الجنة))۔

جو شخص مال طیب کھائے اور سنت پر عمل کرے اور لوگ اس کے شر سے محفوظ ہوں تو وہ جنت میں جائے گا۔(شعب الایمان ص ۴۵ ج ۵۔الترغیب ص ۳۴۵ ج ۲)

(۵)......حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: آنحضرت ﷺ

نے ارشادفرمایا: اربع اذا کن فیک فلا علیک ما فاتک الدنیا : حِفظُ امانةٍ ، و صدقُ حَدیثٍ ، وحُسنُ خَلِیقَةٍ ، وعِفَّةٌ فی طُعُمَةٍ))۔(الترغیب ص۳۴۵ ج ۲)

اگر تیرے اندر چار باتیں موجود ہوں تو تجھے دنیا کے (مال ودولت وغیرہ) کے فوت ہونے کا کوئی افسوس نہ ہونا چاہئے: امانت کی حفاظت، سچائی، اخلاق حسنہ اور کھانے میں حرام سے پرہیز۔

یعنی یہ چار خصلتیں جس کو نصیب ہوجائیں اسے اتنی عظیم دولت ہاتھ آگئی کہ اس کے مقابلہ میں ساری کائنات کی دولت وثروت بے کار ہے۔

(۶)......حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوالدہناء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہمارا گذر ایک دیہاتی شخص پر ہوا، انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر کچھ نصیحتیں فرمائیں، ان میں سے ایک خاص طور پر مجھے یاد رہ گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا تھا: انک لا تدع شیئا اتقاء الله الا اعطاک الله خیرا منه۔

تم جو چیز اللہ کے ڈر سے چھوڑ دوگے تو اللہ تعالی تمہیں اس سے بہتر چیز عطا فرمائے گا۔

یعنی آج بظاہر تقوی پر عمل کرنے میں دنیوی نقصان نظر آتا ہے، لیکن اگر ہمارا یقین پختہ ہو تو اللہ تعالی سے امید رکھنی چاہئے کہ وہ ہمیں اس تقوی کے عوض ہمارا مقصود اس طرح پورا کرائے گا کہ جہاں سے ہمیں مقصد کے حصول کا وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔

اسلاف کے اقوال

حضرت سری سقطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

’’نجات تین باتوں میں ہے: پاک غذا، کامل پرہیزگاری، سیدھا راستہ‘‘۔

(شعب الایمان ص ۶۰ ج ۵)

حضرت جندب رحمہ اللہ نے وصیت فرمائی کہ:

’’قبر میں سب سے پہلے انسان کا پیٹ سڑے گا، اس لئے جو شخص قدرت رکھے وہ سوائے پاکیزہ غذا کے اور کوئی چیز استعمال نہ کرے‘‘۔ (شعب الایمان ص۵۴ ج۵)

مشہور بزرگ حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

’’جو شخص اپنی روزی پر نظر رکھے، یعنی حرام سے اجتناب کرتا رہے تو بغیر کسی دعوی کے وہ ’’زہد فی الدین‘‘ کی صفت سے نوازا جاتا ہے‘‘۔ (شعب الایمان ص۶۳ ج۵)

حضرت یوسف بن اسباط رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

’’جب کوئی جوان عبادت میں مشغول ہو جاتا ہے تو شیطان اپنے چیلوں سے کہتا ہے کہ دیکھو اس جوان کی غذا کیا ہے؟ اگر اس کی غذا حرام ہوتی ہے تو وہ کہتا ہے بس اسے اپنے ہی حال پر چھوڑ دو۔ یہ محنت کرتا رہے گا اور تھکتا رہے گا اور کوئی فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا‘‘۔

(شعب الایمان ص۶۰ ج۵۔ اللہ سے شرم کیجئے ص۱۱۰ تا ۱۱۵ ملخص)

رزق حرام کی اجازت طلب کرنے پر آپ ﷺ کا غصہ وناراضگی

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہم اللہ کے رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ عمرو بن مرہ آیا اور کہنے لگا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالی نے میرے لئے بدبختی لکھ دی تو میرا خیال نہیں کہ مجھے روزی ملے الا یہ کہ اپنے ہاتھ سے دف بجاؤں (اور روٹی حاصل کروں) لہذا آپ مجھے بغیر فسق و فجور (یعنی ناچنا اور لواطت وغیرہ) کے گانے کی اجازت دیجئے! تو اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: میں تجھے اس کی اجازت نہیں دوں گا اور تیری کوئی عزت نہیں اور نہ تیری آنکھیں ٹھنڈی ہوں (کہ تجھے گانے کا موقع ملے) اے اللہ کے دشمن! اللہ نے تجھے پاکیزہ اور حلال روزی دی، پھر جو

روزی اللہ نے تیرے لئے حلال فرمائی اس کی جگہ تو نے اس روزی کو اختیار کیا جو اللہ نے تجھ پر حرام فرمائی، اور اگر میں تجھے اس سے قبل منع کر چکا ہوتا تو تجھے سخت سزا دیتا اور تیرا برا حشر کرتا۔ میرے پاس سے اٹھ کھڑا ہو اور اللہ کی طرف رجوع و توبہ کر اور غور سے سن! اب منع کرنے کے بعد اگر تو نے پھر ایسا کیا تو میں تیری سخت پٹائی کروں گا، دردناک سزا دوں گا اور تیری صورت بگاڑنے کے لئے تیرا سر منڈوا دوں گا اور تجھے گھر والوں سے جدا کر دوں گا اور تیرا لباس و سامان لوٹنا مدینہ کے نوجوانوں کے لئے حلال کر دوں گا۔ تو عمرو کھڑا ہوا اور اس پر ایسی ذلت و رسوائی چھائی ہوئی تھی جس کا علم اللہ ہی کو ہے، الخ۔

(ابن ماجہ ۱۹۲، باب المخنثین۔ اردو مع شرح ص ۲۹۰ ج ۲)